# حرماں نصیب نہ تھے

## ہما وقاص

کون ہے--- وہ ایک دم گھبرا کر پلٹی تھی--- سینے پر ہاتھ رکھے اور ایک ہاتھ میں موم بتی کو پکڑے--- آواز میں ایک دم سے خوف در آیا تھا---

ایک تو صبح سے بجلی نہیں تھی -- اور پھر یہ جرنیٹر ہمیشہ غلط وقت پر ہی دھوکا دیتا رہا--- اور آج بھی ایسا ہی ہوا--- اور اب رات کو تو اور مصیبت

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

ہو گ ئی تھی جب بلکل ہی اندھیرا ہوا گیا تھا--- حدفہ--پتہ نہیں کہاں

سے ایک موم بتی لانے میں کامیاب ہو پائی تھی-- اور ماچس لانے سے وہ

بلکل انکار کر چکی تھی اور اس کی ذمہ داری وہ اس کے کندھوں پر ڈال

چکی تھی--- رات کا ایک بج رہا تھا جب وہ کچن میں ماچس کی تلاش میں

بھٹک رہی تھی جب اپنے عقب سے کسی کے قدموں کی چاپ سنائی

دی---

میں ہوں--- تارز---- بھاری مردانہ آواز ابھری تھی اور ساتھ ہی لائٹر سے

نکلنے والے آگ کے شعلے نے اندھیرے میں روشنی بکھیر دی تھی---

وہ ہاتھ میں لائٹر لیے بلکل اس کے سامنے کھڑا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اوہ--- گھبرا گ ئی تھی میں--- ندوہ نے سینے سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے اس پر نظر ڈالی وہ آج صبح ہی پہنچا تھا اور سارا دن سونے کے بعد اب ہی نظر آیا تھا------ مونچھوں کی وجہ سے چہرہ بلکل ہی بدل گیا تھا اس کا---

ابھی بھی گھبرا جاتی ہو--- معنی خیز لہجے میں بھنویں اچکا کر اور آنکھیں سکیڑ کر کہا----

میرا وہ مطلب نہیں تھا--- ندوہ نے --- تنک کر کہا--- ماتھے پر ناگواری کے بل تھے--

کیسی ہو--- لہجہ --- کاٹ دار تھا---

تارز نے ہاتھ بڑھا کر جلتے ہوئے لائٹر کے شعلے سے اس کے ہاتھ میں پکڑی موم بتی کو روشن کر دیا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

زندہ------------- ندوہ نے جلدی سے موم بتی کے شعلے کو ہتھیلی اسکے گرد گھوما کر بجھنے سے بچایا--- اور پلٹ کر ماچس کی ڈبیہ کی تلاش میں نظر کو ارد گرد دوڑایا---

وہ تو ہر کوئی رہتا ہے--- وہی کاٹ دار لہجہ--- طنز بھرے تیر---

تارز نے لائٹر کو اپنی سگریٹ کے قریب کیا تھا--- اور اپنی کمر کو کچن کی شلف سے ٹکا کر کھڑا ہو گیا---

تمھارے رہنے اور میرے رہنے میں فرق ہے--- دانت پیستے ہوئے ندوہ نے کہا---۔

کچن کے کیبینٹ کو کھولتے اس کے ہاتھ لمحہ بھر کے لیے اس کے کاٹ دار لہجے پر رکے تھے---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہنہ۔۔۔ فرق۔۔۔ تارز نے گردن کو ہوا میں جھٹکا دیا اس کے لبوں پر آج جیت جیسی مسکراہٹ تھی۔۔۔

درست کہا۔۔۔ ویسے۔۔۔ جھوٹ تو کبھی نہیں بولا تم نے۔۔۔ طنز بھرے ہلکے سے قہقے کے ساتھ تارز نے نظریں اس پر گاڑتے ہوئے کہا۔۔۔

تم طنز کے ہی تیر برساتے رہو گے کیا۔۔۔ بلکل نہیں بدلے۔۔۔ کبینٹ سے ماچس نکال کر ہاتھ میں پکڑتے ہوئے خود کو نارمل ظاہر کرتے ہوئے ندوہ نے کہا۔۔۔

وہ جیسے ہی پلٹی تارز بلکل اس کے سامنے ہی کھڑا تھا۔۔۔ وہی آج سے تین سال پہلے والا انداز۔۔۔

تم تو بہت بدل گ ئی ہو۔۔۔ سگریٹ کا کش لگا کر طنز کے انداز میں کندھے اچکاتے ہوئے کہا۔۔۔

میرے خیال سے وقت کے ساتھ خود کو بدل لینا چاہیے۔ -- ندوہ نے اس

سارے پل میں پہلی دفعہ اس سے نظر ملائی تھی---

وہ بلکل سچ ہی تو کہہ رہا تھا وہ تو نہیں بدلہ تھا--- اس کی آنکھیں آج بھی

وہی سب کچھ کہہ رہی تھیں---

ندوہ نے فورا نظروں کا رخ بدل ڈالا---

اچھا --- بہت عقل والی باتیں کرنے لگی ہو--- تارز نے اس کے چہرے

پر جھکتے ہوئے کہا--- لہجہ ابھی بھی کانٹے چبھوتا ہوا تھا---

ہمیشہ سے ہوں-- راستہ دے دو-- ندوہ نے بمشکل آواز کی سختی کو قابو

کرتے ہوئے کہا---

کیوں نہیں کبھی نہیں روکا--- جاؤ--- وہ بڑے معنی خیز انداز میں کہتا ہوا

ایک طرف ہوا تھا---

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

ندوہ نے غنیمت جانا اور تیزی سے دروازے کی طرف بڑھی جب پھر سے اس

کی طنز بھری آواز اس کے عقب سے سنائی دی---

ھدیل سے رابطہ ہوا---- بڑا طنز بھرا لہجہ تھا---

نہیں---- کرنا بھی نہیں چاہتی--- ندوہ نے پلٹے بنا کہا -- اور قدم آگے

بڑھا دیے---

ہا--ہا---ہا--- تم نہیں چاہتی یا وہ-- پیچھے سے تارز کا ایک اور طنز اس کی

روح کو چھلنی کر دینے کے لیے کافی تھا---- ایک دم سے آنسوؤں کا گولا

گلے میں اٹک سا گیا تھا---

اسکو وہیں کچن کے اندھیرے میں چھوڑتی وہ آگے بڑھ گ ئی تھی---

**************

اتنی دیر لگا دی کیا کر رہی تھی--- حدفہ نے بیڈ پر سیدھے ہوتے ہوئے ہوئے حیرانگی سے پوچھا---

وہ جلتی ہوئی موم بتی کو ہاتھ میں پکڑے پاس آئی تھی---

کچھ نہیں لو پکڑو-- -----موم بتی کو حدفہ کو تھاماتے ہوئے تھکے سے انداز میں اس نے کہا تھا---

دوپٹہ اتار کر بیڈ پر پھینکا -------- اور بے دلی سے بیڈ پر ڈھنے کے سے انداز میں بیٹھی---

اسے لگتا تھا اس تین سال کے عرصے میں تازر سب کچھ بھول گیا ہو گا--- وہ وقتی خمار تھا جو سر چڑھ کر بولا کرتا تھا---- لیکن نہیں وہ آج بھی ویسا ہی تھی ضدی--- ڈھیٹ---- اور اس کا ذرا بھی لحاظ نہ کرنے والا----

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کیا ہوا اتنا کیوں موڈ خراب-- حدفہ نے اس کی پریشان سی شکل دیکھ کر پوچھا----

حدفہ--- کوئی اور کینڈل ملے گی۔ ----------- تارز نے دروازے میں آ کر کہا---

اسکی بھاری آواز سے ایک دم کمرے کی خاموشی میں خلل پڑا تھا--- وہ کمرے کے دروازے میں جم کر کھڑا تھا اور بازو ارد گرد دروازے کے پٹ پر جمائے ہوئے تھے--- وہ اب اور بھی مضبوط اور بڑا دکھنے لگا تھا---- اور مونچھوں کی وجہ سے چہرہ اور بارعب ہو گیا تھا---

ندوہ جو بنا دوپٹے کے سیدھے لیٹی ہوئی تھی جھٹ سے دوپٹہ اٹھا کر سینے پر ڈالا--- وہ آج بھی ایسا ہی بد لحاظ تھا بنا دروازہ بجائے گھس آیا تھا--- ندوہ کے ماتھے پر نا گواری کے بل واضح ہو گئے تھے---

تارز بھائی--- یہ ہی تھی-- اب کبھی کینڈل کوئی لایا بھی تو نہیں-- حدفہ

جلدی سے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے بولی ---

اوہ--- چلو کوئی بات نہیں--- تارز نے ایک گہری نظر ندوہ پر ڈالی اور مڑ

گیا---

تو اس لیے موڈ خراب جناب کا--- حدفہ نے معنی خیز انداز میں کہا----

نہیں جی غلط فہمی تمہیں--- میرا کیوں ہونے لگا خراب-- وہ بھی اس کی

وجہ سے- --- دوپٹے کو پھر سے ایک طرف پھینک کر اس نے کروٹ لی

تھی---

پہلے بھی تو ہو جایا کرتا تھا--- حدفہ نے لیٹتے ہوئے اسے پھر سے وہ تلخ

باتیں یاد دلائی یں تھی جن کو وہ بہت مشکل سے ان تین سالوں میں

بھولنے میں کامیاب ہو پائی تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تم چپ سے سو نہیں سکتی۔۔۔۔ سر کھا رہی ہو میرا ۔۔۔ ایک دم سے ندوہ کے لہجے میں سختی در آئی تھی۔۔۔

حدفہ تو ڈر کر چپ سے لیٹ گ ئی تھی ۔۔۔ لیکن وہ اب بیچین ہو گ ئی تھی۔۔۔

تو تارز ابتہاج تم نہیں بدلے ۔۔۔ ویسے ہی بیوقوف اور ڈھیٹ ہو ۔۔۔

دل عجیب طرح سے گھٹن سے بھرنے لگا ۔۔۔ اور ھدیل کا دکھ پھر سے آنکھوں کے کونے نم کرنے لگا۔۔۔۔

موم بتی کے ملگجے سے اندھیرے میں اس کا چہرہ اس کے کرب کی عکاسی کرنے لگا۔۔ اور پھر جیسے ہی اس نے لمبی پلکوں کی جھالر کو گرایا تو گال بھیگ گئے تھے۔۔۔

**************

ندوہ حدید -------پتھر پر بھی پانی پڑتا رہے تو اس میں سوراخ ہو جایا کرتا

ہے------وہ سگریٹ کے کش لگا رہا تھا---- اور سوچوں کے محور میں

گردش کر رہا تھا---

شرٹ ایک طرف کرسی پر پڑی تھی بنیان میں اس کی مضبوط جسامت اس

کی تین سال کی انتھک محنت کا گواہ تھا--

موبائ ل کی ٹارچ لائ ٹ کمرے کو روشن کیے ہوئے تھی-- اور وہ کمرے

کی صحن میں کھلنے والی کھڑکی میں کھڑا تھا--- لمبا قد کسرتی بدن---چوڑا

سینہ----گھنے ہلکے سے گھنگرالے بال ---

کھڑی ناک--- لمبائی کے رخ میں پھیلی گہری بولتی آنکھیں-

وہ تھا تارز ابتہاج----تین سال بعد اس نے اپنے ننھال میں قدم رکھا

تھا--تین سال تک جس بات کو وہ بھلانے کی کوشش میں سرگرداں رہا وہ

آج بھی پھن پھلائے ویسے ہی اس کے اندر موجود تھی--- ندوہ---- ہاں

ندوہ حدید -- وہ بری طرح اس لڑکی کی محبت میں گرفتار تھا---

ھدیل کو تمھاری قدرو قیمت کا اندازہ ہی کیا------- سگریٹ کی راکھ کو

پاس پڑی ایش ٹرے پر مارتے ہوئے طنز بھری مسکراہٹ کے ساتھ

سوچا----

تم کیا ہو میرے دل سے پوچھو جو ان تین سالوں میں ایک لمحے کے لیے

بھی خود کو تمھاری یادوں سے باہر نہیں کھینچ پایا-- کچھ دیر پہلے لائیٹر کی

روشنی میں اس کا دمکتا چہرہ اس کی آنکھوں کے آگے لہرا گیا تھا----

وہ ایک نازک سا سراپا رکھنے والی من موہنی سی صورت کی لڑکی تھی جس نے

چھ سال سے اس کا چین چرا رکھا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ دھیرے سے مسکرا دیا تھا--- اور کھڑکی سے نظر آتے چاند کو غور سے دیکھا--- تین سال پہلے وہ یہاں سے مایوس ہو کر گیا تھا اور خود سے اور اس سے عہد کر کے گیا تھا کہ اب کبھی وہ یہاں نہیں لوٹے گا لیکن آج تین سال بعد ایک امید تھی کہ وہ لوٹ کر آیا تھا--- اور اسی جگہ پر کھڑا تھا جہاں وہ اس سے آخری دفعہ ہاتھ جوڑے کھڑے چھوڑ کر گیا تھا---

*************

مجھے ناشتہ بنا دو--- تارز کی بھاری آواز پر وہ ایک دم چونک کر پلٹی تھی--- وہ اپنے مخصوص انداز میں کچن کے دروازے کے درمیان میں کھڑا تھا--- اور بڑی بے تکلفی سے اسے ناشتہ بنانے کا کہا---

حدفہ کو کہتی ہوں وہ بنا دے گی--- سخت لہجے میں چولہا بند کرتے ہوئے ندوہ نے ناگواری کے لہجے میں کہا---

حدفہ کیوں تم کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔۔ گردن کو دائیں سے بائیں موڑ کر محبت بھرے لہجے میں کہا۔۔ جب کے آنکھیں اس کی پشت پر بکھرے بالوں میں گڑی تھیں۔۔۔

یہ وہی تو اس کا مخصوص لہجہ تھا جس سے ندوہ کو چڑ تھی بری طرح چڑ تھی۔۔۔۔

مجھے اور بھی بہت سے کام ہیں۔۔۔۔ چائے کو کپ میں انڈیل کر لاپرواہی کے انداز میں ندوہ نے کہا تھا۔۔۔

مہمان ہوں میں کچھ تو خیال کرو۔۔۔ مسکراہٹ دباتے ہوئے اس کے دلکش چہرے پر اپنی نظریں گاڑتے ہوئے کہا۔۔۔

خیال ہی ہے تو حدفہ سے کہنے جارہی ہوں ۔۔۔۔ کہ ناشتہ بنا کر دے تمہیں۔۔۔ ٹرے ہاتھ میں اٹھا کروہ تارز کے قریب آئی تھی۔۔

جواب اپنے مخصوص انداز میں دروازے کو بلکل بند کر کے کھڑا تھا-----

ا

راستہ چھوڑو تارز---ندوہ نے تھوڑی ناگواری ظاہر کی ---

تم نے ھدیل کے بارے میں مجھ سے کیوں چھپایا---بڑی گہری اور مدھم سی آواز میں کہا جب کہ آنکھیں اس کے خوبصورت چہرے کا طواف کر رہی تھیں---

کیا مطلب --- تمہیں کیوں بتاتی میں--- ندوہ نے ٹرے ایک طرف رکھ دی تھی اسے پتہ تھا اب یہ جلدی جان چھوڑنے والوں میں سے نہ تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

مطلب -- میں اس کے لیے تمہیں چھوڑ کر گیا تھا--- اب جب وہ تمہیں

چھوڑ گیا تو بتانا چاہیے تھا نہ مجھے--- بڑے بھیگے اور محبت بھرے لہجے میں

سرگوشی کی تھی----

اوہ جسٹ شٹ اپ--- تارز -- تمہیں چھوڑنے کی وجہ یہ ہر گز نہیں تھی جو

تھی وہ معلوم ہے تمہیں--- ندوہ نے غصے سے اس کی طرف دیکھا تھا

وہ تو ڈھیٹ بنا مسکرا رہا تھا --- تین سال پہلے والا خوف تو پھر سے اس کے

اندر سرائیبت کرنے لگا تھا---

نہ کل میرے لیے وہ وجہ کوئی معنی رکھتی تھی اور نہ آج رکھتی ہے-- دیکھو

مجھے ---- بڑے انداز میں اس کے قریب ہوا--- اور وہ واقعی اس کے

سامنے چھوئی موئی سی ہی تو لگ رہی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تم کیا سمجھتے ہو یہ باڈی بنا کر یہ مونچھیں رکھ کر آؤ گے اور میں کہوں گی

----آہ---تارز ابتہاج مسئلہ ہی حل ہو گیا----

ناک چڑھا کر طنز کے انداز میں کہا--

اور وہ ڈھیٹ بن کر قہقہ لگا گیا تھا اس کی اس بات پر----

ویسے کہہ تو سہی رہی ہو--- کیا تو سب اسی لیے ہے میں نے---- اپنی

مونچھوں کو ہلکے سے تاؤ دیتے ہوئے کہا---

اس کے خوبرو چہرے پر مونچھیں جچ بھی بہت رہی تھیں--- خوبصورت تو

پہلے سے بہت تھا اب اور ہی انداز تھا

تو میں اس سے بھی امپرس نہیں ہوئی ہٹو میرے آگے سے--

ٹھیک ہے تم ناشتہ نہیں بنانا چاہتی مت بناؤ --- لیکن جس کام کے لیے تم نے تین سال پہلے مجھے روکا تھا وہ میں کر دیتا ہوں---تارز نے بڑے انداز میں سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے کہا---

کیا مطلب--- پلیز تارز --- تم ایسا کچھ نہیں کرو گے-- وہ ایک دم سے ہڑ بڑا گ ئی تھی --- سختی سے اس کی آنکھوں کے آگے انگلی نچاتے ہوئے کہا---

کیوں نہیں کروں گا---میں آیا ہی اس مقصد کے سلسلے میں ہوں--- وہ تن کر آگے ہوا تھا اور دو ٹوک انداز میں کہا---

لیکن میں تم سے محبت نہیں کر سکتی تمہیں یہ بات نہ کل سمجھ آتی تھی اور نہ آج سمجھ آ رہی ہے--- ندوہ نے بری طرح دانت پیستے ہوئے کہا---

ہو جائے گی میری قسم ۔۔۔۔۔ بڑے انداز میں اس کی آنکھوں کے آگے

کھڑی انگلی کو اپنے ہاتھ سے پکڑا تھا اور اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں تھام

لیا۔۔۔

ندوہ ایک دم سٹ پٹا گ ئی تھی ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑوایا تھا۔۔جس کو وہ

اپنے مخصوص انداز میں سینے سے لگا چکا تھا۔۔۔

تارز تمھارے لیے میرے دل میں وہ محبت کبھی نہیں جاگ سکتی تمہیں سمجھ

کیوں نہیں آتی یہ بات اتنی بڑی وجہ تمہیں کیوں نہیں دکھائی دیتی۔۔۔ وہ

اب سختی کے بجائے روہانسی آواز میں کہہ رہی تھی۔۔۔

یہ کوئی وجہ نہیں ہے۔۔۔ ہمارے نبی نے مثال قائم کی ہے۔۔۔ اب وہ

بھی ایک دم سے سنجیدہ ہو گیا تھا۔۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تارز ---- اٹھ گئے بیٹا--- عقب سے ودود کی آواز پر دونوں ایک دم سے سٹپٹا گئے تھے---

تارز نے لپک کر ندوہ کا ہاتھ پھر سے پکڑ لیا تھا--- جسے اب وہ بری طرح چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی---

جی نانا ابو---- آپ کیسے ہیں --- مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا--- اور بری طرح تڑپتی ندوہ کی طرف دیکھا----

ایسے ہی نکل آئے آپ --- مجھے آواز دیتے تو---- گھور کے ندوہ کی طرف دیکھا جو اب اس کے ہاتھ پر دانت گاڑے کھڑی تھی----

ارے بیٹا ---- گھر کا تو چپہ چپہ جانوں ہوں میں --- داود نے اپنی چھڑی کو دائیں بائیں فرش پر گھوماتے ہوئے کہا---

کون ہے--- ندوہ---- داود نے اپنی کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا---

اچانک داود کے ایسے کہنے پر تارز نے فورا ندوہ کا ہاتھ چھوڑا تھا۔۔۔

جی دادا جی ۔۔۔ ندوہ نے اپنی کلائی کو سہلاتے ہوئے کہا اور اسے کچن کے دروازے سے دھکا دیتے ہوئے آگے آئی تھی۔۔۔

اسے ہی کہہ رہا تھا نانا ابو کہ ناشتہ بنا دے میرا۔۔۔ وہ بھی اب بلکل اس کے پیچھے کھڑا تھا اور اس کے دوپٹے کے کونے کو دھیرے سے ہاتھوں میں لیا۔۔۔

بنا دے بیٹا ۔۔۔ مجھے بھی دے دے۔۔۔ داود نے نقاہت بھری آواز میں کہا اور ساتھ پڑے ریڈیو کو تلاش کرتے ہوئے ہاتھ مارا ۔

جی دادا جی۔۔۔ ندوہ پیچھے مڑی تو وہ اس کے دوپٹے کے کونے کو پکڑے کھڑا تھا جھٹکے سے اپنا دوپٹہ اس سے چھڑوا کر وہ کچن میں اس کا ناشتہ بنا نے کو چل دی تھی۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اور وہ مسکراتا ہوا دواد کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گیا تھا---

************

تارز--- کہاں ہوئی ہے جاب---حدید نے اخبار کو فولڈ کیا اور مسکرا کر سامنے بیٹھے تارز سے کہا---

وہ جو کچن کی کھڑکی میں سے نظر آتی ندوہ کو بار بارچور نظروں سے دیکھ رہا تھا ایک دم سے سٹ پٹایا تھا---

ماموں یہیں ایک ملٹی نیشنل کمپنی ہے--- فارس عوان کا نام تو سنا ہو گا--- تارز ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا ایک دم سے سیدھا ہوا-- اور بڑے مہدب انداز میں گویا ہوا---

شام کی چائے کے بعد آج وہ سب کے ساتھ برامدہ نما لاونج میں بیٹھا تھا---

کل تو جب پہنچا تو سارا دن بس سوتا ہی رہا تھا--- آج ہی موقع ملا تھا حدید

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کے ساتھ بیٹھنے کا--- حدید اور سیما دو ہی بہن بھائی تھے--- حدید کی بس

دو بیٹیاں تھی--- ندوہ اور حدفہ---- اور سیما کے تین بچے تھے دو بیٹے اور

ایک بیٹی --- حبان--- مہک ---- اور یہ سب سے چھوٹا تارز---

ہاں --- یاد آیا--- وہ میرے آفس کے راستے میں ہی پڑتی کمپنی ------

میرے ساتھ ہی چل دیا کرنا روز صبح--- حدید نے مسکرا کر دیکھا---

ماموں وہ دراصل میں نے رہائش ذرا پاس تلاش کر لی ہے--- کان

کھجاتے ہوئے تھوڑا معزرت طلب لہجے میں کہا---

ارے باولے ہوئے ہو کیا--- جب گھر ہے تو کیا ضرورت پڑی کہیں اور جا

کر رہنے کی--- داود نے اپنا کانپتا ہاتھ تارز کی پیٹھ پر رکھتے ہوئے کہا۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ بی ایس سی میں یہیں ان کے پاس رہ کر پڑھا تھا دو سال اس لیے سب گھر والوں کا تارز کے ساتھ الگ ہی پیار تھا مسوائے ندوہ کے --- جس کا پیار تین سال پہلے چڑ اور نفرت میں بدلنے والا تارز خود ہی تھا----

کوئی اضافی خرچہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے--- تمھارا اوپر والا کمرہ ہے جس میں رہا کرتے تھے--- حدید نے بھی داود کی بات کی تائید کرتے ہوئے کہا---

ہاں تو ٹھیک کہہ رہے ابا جی--- کہیں نہیں جاؤ گے تم--- سلمی نے بھی اپنا حصہ ڈالنا ضروری سمجھا----

ارے لڑکیو--- کتنی دیر ہے اب یہ کونسی ن ئی بریانی ایجاد کر لی تم دونوں نے جو پکنے کا نام نہیں لے رہی بچہ بھوکا بیٹھا ہے کب سے--- سلمی نے مسکرا کر تارز کی طرف دیکھا اور پھر کچن کی طرف رخ کر کے ہانک لگائی--

ارے ممانی نہیں--- ابھی اتنی بھوک نہیں --- تارز نے شرمندہ سے لہجے میں کہا---

وہ جس مقصد کے تحت جان بوجھ کر خان پور سے پھر سے لاہور آیا تھا---

اس کے لیے اب سب گھر والوں اور ندوہ کا دل جیتنا بہت ضروری تھا---

ھدیل سلمی کا بھانجا تھا--- اب اس کی جگہ لینے کے لیے سلمی کے دل میں اپنا مقام بنانا ضروری تھا---

لو بھلا یہ کیا بات کی صبح گیارہ بجے کا ناشتہ کیے ہوئے ہو بر خوردار --- داود نے پیار سے تھپکی دیتے ہوئے کہا--

اور وہ بس مسکرا کر ہی رہ گیا--- نظریں پھر سے کچن کی کھڑکی کے پار کھڑی ندوہ کو دیکھنے لگی تھیں---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

*********************

سنو--- وہ شام کو کچن کے برتن دھو کر رکھنے کے بعد کچن میں ہی کھڑی ہاتھ دھو رہی تھی جب عقب سے تارز کی بھاری آواز نے لمحہ بھر کے لیے اس کے ہاتھوں کو ساکت کر دیا تھا---

ندوہ ویسے ہی خاموش کھڑی رہی تھی کچھ بھی نہیں بولی تھی---

مجھے تم سے بات کرنی اوپر آؤ گی تھوڑی دیر کے لیے---------- تارز اب بلکل پیچھے آ کر کھڑا تھا اور اسے اپنے کان کے قریب اس کی سرگوشی سنائی دی تھی---

او ہ خدایا یہ لڑکا میرے کس گناہ کی پاداش ہے-- ندوہ نے زور سے آنکھیں بند کر کے سوچا تھا---

نہیں--- سختی سے دانت پیسے--- لیکن پلٹی نہیں---

سوچ لو۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔تارز نے گہری سانس لی اور پھر مسکراہٹ دبا کر

نظر اس کی دمکتی گردن پر گاڑتے ہوئے کہا۔۔۔

تم کیا مجھے دھمکا رہے ہو صبح سے ۔۔۔ ایک دم سے وہ مڑی تھی تو چہرہ

بلکل اس کے سینے کے برابر میں تھا۔۔۔ ٹی شرٹ کے سامنے کے دو کھلے

بٹنوں پر نظریں مرکوز رکھتے ہوئے ندوہ نے کہا۔۔۔

میری بات سن لو ایک بس ۔۔۔ جھک کر جزبوں کے بھنور میں ڈولتی سی

آواز میں کہا۔۔۔ آواز میں تین سال کی دوری کا کرب چھپا تھا۔۔۔

تم پاگل ہو مجھے تمھاری کوئی بات نہیں سننی اور جاؤ یہاں سے۔۔۔ تارز اتنا

قریب کھڑا تھا کہ ندوہ کو اپنے دنوں ہاتھ شلف پر ٹکا کر کمر کو شلف کے

ساتھ لگا کر خود کو اس سے دور رکھنا پڑ رہا تھا۔۔۔وہ ایسا ہی تھا کوئی لحاظ

شرم تو چھو کر نہ گزری تھی محترم کو اور اوپر سے محبت کا ٹنٹا پال بیٹھا

تھا--

ٹھیک ہے --- پھر میرا بھی جو دل کرے گا--- بڑے ذو معنی لہجے میں

وہ کہہ رہا تھا جب ندوہ نے اسے درمیان میں ہی ٹوک دیا--

آتی ہوں میں چلو تم --- وہ ایک دم سے گھبرا کر بولی تھی---

ندوہ کے ہتھیار پھینکنے پر وہ ایک دم سے فاتحانہ انداز میں مسکرایا تھا---

اور تیزی سے کچن سے باہر نکل گیا تھا---

ندوہ نے ایک دم سے سینے پر ہاتھ رکھ کر اپنی اٹکی ہوئی سانس بحال

کی---کیا کرے وہ اس کا کیوں آ گیا تھا تین سال بعد وہ پھر سے اس کی

زندگی عذاب کرنے کو---وہ بے دلی سے سیڑھیاں چڑھتی ہوئی اوپر آئی

تھی---

وہ کمرے میں کمر پر دونوں ہاتھ رکھے کھڑا تھا اس کو دیکھ کر ایک دم سے

چہرے پر وہی جاندار مسکراہٹ بکھر گ ئی تھی جو ہمیشہ سے اسے دیکھ کر

اس کے چہرے پر آ جاتی تھی---

بولو--- اور جلدی بولو--- دروازے میں ہی رکتے ہوئے ایک ناگوار نظر تارز پر

ڈالتی ہوئی وہ گویا ہوئی---

جس کی مسکراہٹ اب اور گہری ہو گ ئی تھی اور آنکھیں چمکنے لگی

تھیں---

اندر آؤ-- ------------ مسکراہٹ دباتے ہوئے تارز آگے ہوا تھا---

ہاتھ اب بھی کمر پر ہنوز ویسے ہی رکھے ہوئے تھے---

نیلے رنگ کی ٹی شرٹ کے نیچے ڈھیلا سا ٹریوزر پہنے وہ معمولی سے حلیے میں

کھڑا تھا---

نہیں میں ٹھیک ہوں۔۔۔ یہاں۔۔۔ ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے ندوہ نے چہرے کا رخ دوسری طرف موڑا ۔۔۔

ندوہ کو اس کے چہرے اور چہرے پر بکھری مسکراہٹ سے چڑ تھی۔۔۔

آواز نیچے جا سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مسکراہٹ ہنوز تارز کے لبوں کا حصار کیے ہوئے تھی۔۔۔

اور نظریں اس دشمن جان پر ٹکی تھیں جو اتنی پتھر تھی کہ بار بار اس سے سر ٹکرا ٹکرا کر وہ تھک چکا تھا۔۔۔

تارز ۔۔۔ بولو اب۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تارز کی بلکل خاموشی سے دیکھنے پر وہ چڑ کر گویا ہوئی تھی۔۔۔ گھبراہٹ ہوتی تھی اسے تارز کے یوں دیکھنے سے۔۔۔

مجھے تم سے شادی کرنی ہے۔۔۔ بڑے بھیگے اور جزب کے لہجے میں ڈوبی ہوئی آواز نے آخر کو کمرے کے سکوت کو توڑا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

مجھے نہیں کرنی--- تین سال بعد آ کر پھر وہی رٹ لگا رہے ہو---

----اب سختی سے ندوہ کی آواز اونچی ہوئی تھی---

وہ تھک گ ئی تھی اس کو سمجھاتے سمجھاتے پر وہ تھا کہ اپنی ضد پر اڑا بیٹھا تھا---

ہاں لگا رہا ہوں--- تمھیں سمجھ نہیں آتی ھدیل کا چلے جانا تمھاری بچپن کی منگنی کا ختم ہو جانا یہ سب قسمت کا کھیل ہے--- تارز نے آگے ہوتے ہوئے کرب سے کہا---

قسمت تمہیں مجھ سے ملانے میں جتی ہے--- تارز کی آواز میں درد تھا---

نہیں یہ میری بد نصیبی ہے جس شخص کو بچپن سے اپنے دل میں بسایا ---

پوجنے کی طرح چاہا--- وہ مجھے--- کہتے کہتے جیسے ندوہ کی آواز نے اس کا ساتھ چھوڑا تھا --- کوئی گولا سا تھا جو گلے میں اٹک رہا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ تمھارے قابل نہیں تھا ندوہ--- تارز اب بلکل قریب آگیا تھا-- چہرے پر

بیچارگی سجا کر کہا---

تم بھی نہیں ہو قابل --- ندوہ نے حقارت بھری نظر ڈالی تھی--

میں ہوں--- تارز نے ڈھٹائی سے کہا---

تم بیوقوف ہو-- کبھی کسی لڑکے کو خود سے عمر میں بڑی لڑکی سے محبت

کرتے دیکھا ہے کیا--- یہ محبت نہیں صرف تمھارے ذہن کا فطور ہے---

------- ندوہ نے ہزاروں بار اس کے آگے دہرایا ہوا جملہ اس کے آگے

آج پھر دانت پیستے ہوئے دہرایا تھا---

کتنی بڑی ہو ہاں --- کیا کوئی دس سال بڑی ہو--- اتنی بھی ہوتی مجھے

تب بھی کو مسئلہ نہیں تھا ابھی تو صرف دو سال ہی --- تارز کو اب

اس کی اس بے تکی بات پر غصہ آنے لگا تھا----

دو نہیں ڈھائی۔۔۔۔ ندوہ نے تنک کر کہا۔۔۔ اور ماتھے پر بل ڈال کردیکھا

ارے بھاڑ میں جائے جتنے بھی ۔۔۔ مجھے پرواہ نہیں۔۔۔ آ گیا تھا وہ اپنی

مخصوص انداز میں واپس آ گیا تھا صبر کا پیمانہ لبریز ہی ہوا چاہتا تھا۔۔۔

مجھے ہے۔۔۔ تم چھوٹے ہو مجھ سے مجھے عجیب لگتا ۔۔۔ میں نے کبھی یہ

نہیں سوچا یہ نہیں چاہا۔۔۔ تمہیں چھوٹوں کی طرح ٹریٹ کیا۔۔۔ ندوہ کا

غصہ بھی اب آسمان کو چھونے لگا تھا۔۔۔وہ ہمیشہ کی طرح سخت رویہ

اپناتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

ضروری تو نہیں جیسے تمہیں لگے باقی سب بھی وہی محسوس کریں۔۔۔ ناک

پھلا کر تارز نے کہا غصے سے گردن کی رگیں پھول گ ئی تھیں۔۔۔

تمہیں غلط لگتا آیا ہے ہمیشہ سے ۔۔۔ بلکہ میری ہی غلطی ہے۔۔ میں نے

تمہیں ہمیشہ چھوٹے بھا۔۔۔ ندوہ غصے میں ایک ہی جست میں بولے جا رہی

تھی جب اچانک تارز کا مضبوط ہاتھ اس کے لبوں کو پیوست کر کے اس کی

آواز کو بند کرچکا تھا---

بھائی نہیں ہوں تمھارا-- سمجھی تم---فورا اتنی مضبوطی سے ہاتھ رکھا تھا کہ

وہ تڑپ گ ئی تھی---

ندوہ زور سے اس کے ہاتھ پر اپنے ناخن گاڑے ہوئے تھی-- پر اس پر

کوئی اثر نہیں تھا---

تمھاری ہاں کا انتظار ہے باقی سب کو راضی کرنا میرا کام ہے-- دھیرے

سے ندوہ کے لبوں سے ہاتھ اٹھا کر کہا---

میری------نہ---------ہے---------ندوہ نے چیخ کر کہا---

چہرے پر تارز کی انگلیوں کے نشان پڑ گئے تھے---

اور یہ نہ ہی رہے گی--- اس سے پہلے کہ تارز کچھ بولتا وہ پھر سے اسی انداز میں چیخی تھی----

تم غلط کر رہی ہو میرے ساتھ--- ---------آواز میں درد تھا--- تارز نے گہری نظروں سے غصے میں بھری ندوہ کو دیکھا

میں غلط نہیں --- بلکہ تم بیٹھو اور سوچو--- تم کہاں کہاں غلط تھے ---

ندوہ کا اب وہاں کھڑے ہونا محال ہو گیا تھا--- تیزی سے وہ کمرے سے باہر نکلی تھی ---

وہ وہیں کھڑا رہ گیا تھا ٹوٹے سے انداز میں بکھرے سے انداز میں--- ماضی کے سمندر میں غوطے لگاتا ہوا---

**************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

2

یہ دیکھو --- دیکھو --- اس کو بنانا تم نے ڈاکٹر -- اس کے نمبر تو

دیکھو---ابہتاج نے غصے سے وہ کاغز سیما کے آگے پھینکا تھا جس پر وہ

ابھی ابھی تارز کا انٹرمیڈیٹ کا رزلٹ نوٹ کر کے لائے تھے---

انیس سالہ تارز سرخ چہرہ لیے کھڑا تھا ---- اس کے چہرے پر کوئی

شرمندگی کے آثار نہیں تھے----

تارز--- یہ --- سیما نے روہانسی سی آواز میں کہتے ہوئے اپنے بیٹے کی طرف

دیکھا تھا---

وہ پاس ہو گیا تھا لیکن اس کے نمبر اس قابل ہر گز نہیں تھے کہ وہ ڈاکٹر

بنتا----

مما ---میں پہلے ہی بتا چکا تھا آپکو بھی اور بابا کو بھی--- مجھے میڈیکل میں

نہیں جانا--- تارز نے دو ٹوک انداز میں کہا ---

مجھے بائیِ یو میں کوئی انٹرسٹ نہیں --- ہوا میں دونوں ہاتھوں کو روکتے

ہوئے کہا---

جناب کو کسی میں بھی کوئی انٹرسٹ نہیں ---آوارا گردی کروا لو اس سے

جتنی مرضی خبیث سے--- ابتہاج نے دانت پیسے---

ان کو تارز کے اس لاپرواہ انداز سے چڑ ہو رہی تھی---

مجھے لاہور جا کر پڑھنا ہے-------- ہنوز ضدی انداز میں تارز نے کہا تھا---

وہ سوچ چکا تھا --- کہ وہ اب میڈیکل میں آگے نہیں جائے گا بلکہ وہ اس

خان پور جیسے چھوٹے شہر کو چھوڑ کر لاہور جائے گا----

لو سن لو ایک اور فرمائی ش ---- ارے تم چھوڑو یہ پڑھائی مکینکی سیکھو سیدھی سیدھی--- تمھارے بس کا روگ نہیں یہ پڑھائی--- ابتہاج نے غصے سے بپھرتے ہوئے کہا تھا---

امی میں میتھ کو لے کر پڑھ لیتا ہوں نہ--- مجھے لاہور بھیج دیں ماموں کے پاس--- تارز نے لا پرواہی سے ابتہاج کے غصے سے بھرے چہرے کو بنا دیکھے رخ سیما کی طرف موڑ کر کہا---

چلو ہم تو ذلیل ہو چلے صاحب زادے کے ہاتھوں اب دوسرے بھی بھگتیں اسے--- ابتہاج نے سیما کے چہرے پر رضامندی کے آثار دیکھتے ہوئے سر ہوا میں طنز کے انداز میں مارتے ہوئے کہا---

بس کریں آپ دونوں --- ٹھیک ہی تو کہہ رہا ہے کیا حرج ہے اگر پڑھنا چاہتا ہے لاہور جا کر--- ماشاللہ وہاں ندوہ ہے نہ اس کو پڑھائے گی بی۔

ایس ۔ سی میں اتنے اچھے نمبر لیے ہیں اس نے --- سیما واقعی تارز کی بات مان چکی تھی ---

تمھاری زمہ داری ہے یہ اب جو بھی کرے میری بلا سے --- ابتہاج غصے میں بھرے کمرے سے باہر جا چکے تھے----

انھیں پتہ تھا سیما اب وہی کرے گی جو اس کا دل چاہے گا---اس لیے اس سے بحث کرنا فضول تھی---

**************

ارے کچھ بھی مشکل نہیں لگتا مجھے مما تو ایسے ہی پیچھے پڑئی ہیں میرے --
تارز نے دانتوں میں بال پوائی نٹ دباتے ہوئے کہا

اچھا جی--- دکھاؤ تو مجھے --- ندوہ نے ہلکا سا قہقہ لگایا اور اس کے سامنے پڑی حساب کی کتاب کو اٹھایا----

وہ لاہور آچکا تھا --- بی --- ایس --- کرنا چاہتا تھا لیکن اس میں میرٹ نہ بننے کی وجہ سے اسے اب ڈبل میتھ کے ساتھ بی ایس سی کرنی پڑ رہی تھی---

ڈبل میتھ اتنا آسان نہیں جتنا تم سمجھ رہے ہو اور پھر پہلے تم میڈیکل پڑھ کر آئے ہو--- ندوہ نے محبت سے سامنے بیٹھے اپنے پھپھو کے بیٹے کو دیکھا--- جو منہ پھلائے بیٹھا تھا---

تارز اس سے ڈھائی سال چھوٹا تھا --- سیما اس کی ایک ہی پھپھو تھی اور تارز کا بچپن سے گھر میں بہت آنا جانا تھا--- ندوہ اور حدفہ کا اپنا کوئی بھائی نہیں تھا اس لیے ندوہ بچپن سے ہی تارز کے ساتھ اس طرح کا سلوک کرتی

تھی جیسے وہ اس کا چھوٹا بھائی ہو--- لیکن وہ شروع سے ہی ندوہ کو

دوستوں کی طرح ٹریٹ کرتا تھا ----

میٹرک میں اچھا تھا میرا میتھ سچ میں--- تارز نے کرسی کے بازوؤں پر اپنے

بازو ٹکا کر کہا---

جب سے وہ لاہور آیا تھا تب سے ندوہ اسے پڑھانے کے چکروں میں اس کے

آگے پیچھے پھرتی رہتی تھی--- اب جا کر وہ قابو آیا تھا----

یہ میٹرک سے بہت مختلف ہے --- ندوہ نے لب بھینچتے ہوئے مسکرا کر

کہا---

میتھ کے ساتھ کیا رکھا ہے--- تارز کی کتاب کو کھولتے ہوئے ندوہ نے

کہا---

فزکس --- بڑے فخر سے تارز نے کہا---

ہم۔م۔م۔م۔ تو پھر شروع کریں آج سے --- ندوہ نے مسکرا کر پیار سے اسے دیکھا---

وہ پڑھائی میں بہت اچھی تھی اور بی ایس میں ریاضی کے ساتھ ہی بہت اچھے نمبروں میں پاس ہوئی تھی --- اب پھپھو کے اسے روز فون آتے تھے کہ وہ تارز کو پڑھائے----

کل سے کرتے ہیں نہ--- چلو آج موی دیکھنے چلتے ہیں--- تارز نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ کہا اور منہ میں دبائی قلم کو زور سے کتاب پر مارا---

تارز دماغ ٹھیک ہے تمھارا ---- دادا جی کو پتہ لگا نا تو خیر نہیں ہماری--- ندوہ نے مسکرا کر اس کی طرف دیکھا----

ارے ان کو کون بتائے گا میں تم اور حدفہ بس --- تارز نے بازو کھولے اور پھر سر کے پیچھے باندھ کر مسکرایا---

نہیں بلکل نہیں --- پھپھو تمہیں میرے حوالے کر کے گ ئی ہیں --

پہلے پڑھیں گے پھر چلیں گے--- وہ پھر سے اس کی بند کی ہوئی کتاب

کھول چکی تھی---

چلو جی --- ایک مما کو چھوڑ کر آیا --- یہاں ایک اور ہیں --- تارز نے

ہونٹ باہر نکال کر ناراض سے انداز میں کہا---

اچھا اچھا زیادہ بتائیں مت بناؤ--- ندوہ نے تھوڑا بڑوں والا غصہ دکھاتے

ہوئے کہا---

اسے شروع سے ہی بڑوں کی طرح رعب چلانے کا بہت شوق تھا---

اور اٹھو تم بھی جاو اپنی کتابیں لے کر آو--- پاس بیٹھی دانت نکالتی ہوئی

حدفہ سے کہا----

یہ شروع سے ہی ایسی ہے کیا استانی۔۔۔۔ تارز نے گھور کر ندوہ کی طرف دیکھا اور پاس بیٹھی حدفہ سے پوچھا۔۔۔

کھولو بک۔۔۔۔ ندوہ نے مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے اور مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا۔۔۔

ارے مارنا نہیں مجھے۔۔۔ تارز نے قہقہ لگایا تھا کیونکہ اب وہ اس کی ڈھٹائی سے تنگ آکر اس کی طرف کتاب کو مارنے کے انداز میں اٹھا رہی تھی۔۔۔ تارز ایک دم کرسی سے اٹھا تھا اور اب ندوہ اس کے پیچھے پیچھے بھاگ رہی تھی۔۔۔ اور وہ قہقہ لگاتا ہوا آگے بھاگ رہا تھا۔۔۔۔

***********

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اس کو لاہور آئے اورندوہ سے پڑھتے ہوئے چار ماہ کا عرصہ گزر چکا تھا۔۔۔ندوہ باقاعدگی سے اسے پڑھاتی تھی۔۔

آج بھی جب وہ اسے پڑھا رہی تھی تو لاشعوری طور پر تارز کی نظر اس کے ہاتھوں پر ٹک گ ئی تھی کتنے خوبصورت تھے اسکے ہاتھ۔۔۔ سفید۔۔۔ نرم۔۔۔ مخروطی انگلیوں والے نازک سے ہاتھ۔۔۔ انگلی کی پوریں گلابی تھیں۔۔۔ اور ناخن سلیقے سے تراشے ہوئے مناسب حد تک بڑھے ہوئے تھے۔۔۔ وہ اسے میتھ کا کوئی سوال سمجھا رہی تھی اور وہ اس کے ہاتھوں کی جنبش میں کھویا ہوا تھا۔۔۔پتہ نہیں کیوں بے ساختہ یہ دل کیا کہ وہ اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر دیکھے۔۔۔

کیا سوچے جا رہے ہو۔۔۔۔ ندوہ نے تارز کو گم سم بیٹھے دیکھ کر اس کی آنکھوں کے آگے ہاتھ لہرایا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کہ---کچھ--- نہیں---- سمجھاؤ تم---تارز نے گھبرا کر کہا--- ایک دم

سے جیسے وہ خیالوں کی دنیا سے باہر آیا تھا---- اسے اپنے خیال پر شرمندگی

ہوئی تھی--

سمجھا تو میں رہی ہوں لیکن تمھارا دھیان نہیں ہے آج --- ندوہ نے لب

بھینچتے ہوئے کرسی کی پشت سے سر ٹکایا---

ایسا کچھ بھی نہیں ہے-- ویسے ہی چلو نہ آج باہر چلتے کہیں--- ----تارز

ایک دم سے اس کی کھوجتی نظروں سے گڑ بڑا گیا تھا لمحہ بھر کو تو یوں لگا

جیسے وہ جان جائے گ ئی ہے کہ اس نے اس کے ہاتھوں پر نظر غلط ڈالی

ہے----

اتنے دن سے بور کر رہی ہو مجھے--- اپنے اندر کی چوری کو چھپاتے ہوئے

تارز نے خجل ہو کر کان کو کھجایا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

"تم یہاں پڑھنے آئے ہو --"--- ندوہ نے غصے سے گھورا تھا---

پتہ ہے مجھے پر جینے تو دو --- سانس تو بند مت کرو--- ------- تارز نے مصنوعی خفگی دکھائی تھی---

سانس تمھیں نہ بس گھوم پھر کر ہی آتا ہے ---ہے نہ--- ندوہ نے قہقہ لگایا تھا----

اور وہ ایک دم سے اس کے ہنستے چہرے کے خدو خال کو غور سے دیکھنے لگا تھا--وہ ایک مکمل حسن رکھتی تھی--- اس کے موتیوں جیسے دانت اس کے بھرے بھرے گداز لبوں کی اوٹ میں دمک رہے تھے---گہری سی آنکھیں --- مڑی ہوئی پلکیں نازک سا سراپا--

وہ قہقہ لگاکر ایک دم سے پھر سے تارز کی آنکھوں کے آگے ہاتھ لہرا رہی تھی۔۔۔ وہ ایک دم سے خجل ہوا تھا بری طرح اپنے دل اور دماغ کو سرزنش کیا تھا۔۔اور خود کو نارمل ظاہر کیا۔۔۔

اچھا دیکھو دوست نہیں ہو۔۔۔ بڑے لاڈ سے اس نے ندوہ کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

وہ ندوہ سے ایسے ہی لاڈ اٹھواتا تھا جانتا تھا وہ اس سے کتنا پیار کرتی ہے۔۔۔

وہ کیا سب گھر والے اسے بہت پیار کرتے تھے۔۔۔

ہوں تو۔۔۔ ندوہ نے لا پرواہی سے کندھے اچکائے۔۔۔

چلو نہ چلتے ہیں ۔۔۔ تارز ایک دم سے اٹھا تھا پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے۔۔وہ الجھا سا کھڑا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ابا سے کون اجازت لے گا--- قلم کو ہونٹو ں میں دبائے شریر سی

مسکراہٹ سجائے ندوہ نے تارز کو دیکھا تھا---

اسے تارز کی ہر شرارت پر پیار آ جاتا تھا--- وہ تھا ہی ایسا ہنسا دینے والا ---

شریر سا اس کے آنے سے ان کے سونے سے گھر میں رونق ہو گ ئی

تھی---

میں لوں گا--- فکر نا کرو--- تم بس جاؤ اور تیاری پکڑو------- تارز نے

شرارت سے آنکھ دبا کر کہا---

ارے کسی اور دن چلتے ہیں نہ حدفہ کی بھی طبیعت ناساز ہے--- ندوہ

نے بچارا سا منہ بنا کر اگلا بہانہ کیا---

تو کچھ نہیں ہم چلتے ہیں ------ وہ پھر بھی باز نہیں آیا تھا--

چلو چلو ۔۔۔۔ بند کرو بس آج اسے ۔۔۔۔ تارز نے آگے بڑھ کر اس کی گود میں کھلی کتاب کو بند کیا تھا ۔۔۔

اور وہ قہقہ لگاتی ہوئی اس کے بازو کھینچنے پر اٹھی تھی۔۔۔

**************

لڑکا بڑا بڑا نہیں لگ رہا اس سے۔۔۔ سنبل نے پاس بیٹھی ندوہ کے کان میں سرگوشی کی۔۔۔

وہ اپنی ایک ہم جماعت کی نسبت کی تقریب پر بنائی گ ئی تصاویر کو دیکھ رہی تھیں جب سنبل نے اسے اپنے خیالات سے آ گاہی دی۔

ہائے مجھے تو ایسے بہت پسند ۔۔۔ کوئی سات آٹھ سال بڑا تو ہو نا چاہیے شوہر کو۔۔۔ مجھے تو بہت پسند ایسی جوڑیاں۔۔ ندوہ چمکتی آنکھوں سے ایک نظر سنبل پر ڈالی اور پھر سے گود میں دھری اس البم پر جس میں اس کی ہم

جماعت اپنی عمر سے کافی بڑی عمر کے لڑکے کے پہلو میں بیٹھی مسکرا رہی تھی---

ارے کیا آپ کر کے عزت کرتے رہو --- مجھے تو نہیں پسند---

سنبل نے ناک چڑھا کر کہا---

تم تو پاگل ہو--- مجھے تو بچپن سے ایسے ہی اچھا لگتا--- اتنے لاڈ کرتے شوہر پھر بیوی کے--- ندوہ نے لب کو دانتوں میں دبا کر اپنی خواہش کا اظہار کیا تھا---

وہ میری فری باجی ہیں نے میجر سے شادی ہوئی ان کی --- اتنے پیارے لگتے دونوں --- اور وہ ایسے بچوں کی طرح ٹریٹ کرتے اپنی بیوی کو اتنے اچھے لگتے مجھے --- ندوہ نے پر جوش انداز میں اپنی ایک خالہ زاد کا بتایا---

مجھے پتہ ہے یہ سب تمہیں اس لیے بھی اچھا لگتا --- ھدیل بڑا ہے کافی تم سے-- سبنل نے شرارت سے آنکھ دباتے ہو کہا اور ہلکا سا کندھا اس کے کندھے پر مارا--

جی ہاں---- پورے سات سال بڑے ہیں---- ندوہ نے شرماتے ہوئے کہا---

آنکھوں میں ھدیل کا سراپا گھوم گیا تھا--- دل کی دھڑکن بے ترتیب سی ہوئی تھی--- ھدیل اس کا خالہ زاد تھا --- بچپن سے ہی راحت اسے اپنے اکلوتے بیٹے کے لیے مانگ چکی تھی-- جیسے جیسے ہوش سنبھالا تو اس کو اپنی امی اور خالہ کی باتوں کا اندازہ ہونے لگا--- ھدیل کو وہ کسی اور نظر سے دیکھنے لگی --- اور پھر کب یہ سارے احساسات شدید محبت کی شکل اختیار کر گئے اسے خبر بھی نہ ہوئی---

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

ارے واہ--- سبنل نے شرارت سے اس کے کندھے پر چپت لگائی---

تمہیں پتہ ہے اتنے ڈیسنٹ ہیں ---- اپنے ہونٹوں کو دانتوں میں دبائے

گلابی چہرے کے ساتھ وہ سراپا محبت لگ رہی تھی---

ہاں --- ہاں --- اب شروع ہو جاؤ اپنے ھدیل کی تعریفیں---- سنبل

نے قہقہ لگایا تھا---

اور پھر واقعی وہ شروع ہو چکی تھی ھدیل کی باتیں کرنا --- ھدیل بہت کم

گو اور سنجیدہ تھا--- اور ندوہ کو ایسے ہی لڑکے پسند تھے---

***************

ارے ارے واہ واہ--- کیا بات ہے--- تارز نے دھاڑ سے دروازے کے

پٹ کو دیوار میں مارتے ہو بڑے تعریفی انداز میں سامنے کھڑی ندوہ کو دیکھ

کر کہا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تارز ---- کتنے بدتمیز ہو تم --- ناک تو کیا کرو دروازہ--- ندوہ نے جلدی سے کرسی پر پڑا دوپٹہ اٹھا کر کندھے پر ڈالہ اور خفگی کے لہجے میں کہا--- کہاں کی تیاری ہے--- تارز کبھی سامنے بیٹھی حدفہ کی طرف دیکھ رہا تھا اور کبھی سنگھار میز کے سامنے کھڑی ندوہ کی طرف جو خلاف معمول آج نک سک سے تیار ہوئی تھی--ورنہ تو وہ گھر میں ہمیشہ سادہ سے حلیے میں رہتی تھی پر آج تو رنگ ڈھنگ ہی کچھ اور تھے---

اس نے سلیقے سے بال کھول رکھے تھے-- ہلکا سا میک اپ اور کانوں میں چھوٹی چھوٹی جھمکی لٹک رہی تھی--- بھرے بھرے خوبصورت ہونٹ بے وجہ مسکرا رہے تھے اور آنکھیں چمک رہی تھیں---

وہ راحت خالہ آ رہی ہیں ہے نہ--- حدفہ نے شرارت سے پہلے ندوہ کی طرف دیکھا پھر آنکھ دبا کر تارز کی طرف دیکھا۔

ہاں تو راحت خالہ ہی ہیں اس کو کیا ہو رہا پھر--- ایسے کیوں ہو رہی یہ--- تارز نے نا سمجھی کے انداز میں کہا اور ہاتھ سے اشارہ ندوہ کی طرف کیا---

پاگل --- ساتھ وہ بھی آ رہے--- هدیل بھائی--- حدفہ نے اس کی نا سمجھی پر قہقہ لگا کر کہا---

تارز نے کن اکھیوں سے چونک کر ندوہ کی طرف دیکھا جو شرما کر گلابی ہوئے جا رہی تھی----

اوہ اچھا یاد ہے مجھے بچپن میں بھی آیا کرتا تھا نہ وہ موٹا سا-- تارز کو ایک دم سے عجیب جلن کا سا احساس ہوا تھا تھوڑے سے تلخ لہجے میں کہا---

نہیں اب موٹے نہیں بلکل بھی وہ--- ندوہ نے ماتھے پر بل ڈال کر تھوڑا ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اس کو کیا ہو رہا۔۔ تارز نے طنز بھرے لہجے میں کہا۔۔۔ اور ہاتھ سے اشارہ منہ پھلائے کھڑی ندوہ کی طرف کیا۔۔۔

کیوں نہ ہو۔۔۔۔ حدفہ نے ہنستے ہوئے شریر سے لہجے میں کہا۔۔۔

کیوں ہو۔۔۔ وہی تو پوچھ رہا ہوں ۔۔۔ اسے بے چینی سی ہونے لگی تھی ۔۔تنک کے پوچھا۔۔

ارے تارز بھائی خالہ نے بچپن سے ھدیل بھائی کے لیے رشتہ مانگا ہوا ہے اس کا۔۔۔ حدفہ نے مصنوعی خفگی کے انداز میں کہا۔۔

جبکہ وہ ایک دم سے اپنے دل میں بڑھتی گھٹن پر پریشان سا ہوا تھا۔۔۔ دل جیسے ڈوب سا گیا ہو۔۔۔ آنکھیں اٹھا کر ایک بھرپور نظر سامنے کھڑی شرماتی لجاتی ندوہ پر ڈالی اور تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔

کیا ہوا ہے مجھے۔۔۔ وہ سیڑھیاں چڑھتا ہوا بری طرح پریشان ہو رہا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تیزی سے اپنے کمرے کی طرف بڑھا اور سامنے پڑے پلنگ پر ڈھے سا گیا۔۔۔۔

بار بار آنکھوں کے آگے ندوہ کا شرماتا چہرہ آ رہا تھا۔۔۔ ندوہ اسے بہت توجہ دیتی تھی ہر بات ہر چیز میں اس کا خیال رکھنے کی عادت تھی اسے ۔۔۔۔ آج شائ دا اس کی توجہ کہیں اور ہوئی اس لیے مجھے جلن ہو رہی شائ د ۔۔ وہ اپنے دل کی حالت کا جواز خود ہی تلاش کرنے میں مصروف تھا جب حدفہ اوپر آئی تھی اور اس کی خالہ راحت کے آنے کے بارے میں بتایا۔۔۔ وہ اپنے ہوش سنبھالنے تک سنتا آیا تھا کہ سلمی ممانی کی بہن راحت ہے جو کہ انگلینڈ میں مقیم ہے۔۔۔۔ بچپن میں ایک دو دفعہ کسی تقریب میں وہ ھدیل کو دیکھ بھی چکا تھا۔۔۔ وہ ایک عام سی شکل و صورت رکھنے والا سنجیدہ اور کم

گو سا بچہ ہوا کرتا تھا اس سے تو وہ کافی بڑا تھا اس لیے اتنی کوئی بات چیت نہیں تھی ہاں البتہ حبان کے ساتھ کافی دوستی تھی اس کی---

اس نے حدفہ کو توسر ہلا کر نیچے بھیج دیا تھا--- لیکن وہ خود نہیں گیا تھا اور نہ ہی اس کا دل تھا جانے میں وہ یوں ہی چھت کو گھورتا رہا---

***************

3

ماشاللہ میتھ میں ایم ایسی --- مشکل تو ہوتی ہو گی میری گڑیا کو--- سلمی نے پیار سے ساتھ بیٹھی ندوہ کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر کہا--

ندوہ ان کی اس محبت سے سرشار ہو گئی تھی --- سامنے بیٹھے وجود نے دل کی بستی کو الٹ پلٹ کر رکھا تھا --آنکھیں اتنی بھاری ہو رہی تھیں کہ اٹھائے نہیں اٹھ رہی تھیں--

نہیں خالہ شروع سے اچھا ہے میرا میتھ --- مشکل نہیں ہوتی--- ندوہ نے دھیرے سے مسکرا کر کہا۔ تھا---

کون سا سمسٹر ہے--- ھدیل نے گلے کو کھنکارتے ہوئے پہلی دفعہ گفتگو میں اپنا حصہ ڈالا---

ھدیل کی بھاری آواز نے ندوہ کے کانوں میں رس گھول دیا تھا--- وہ کہاں ھدیل سے کبھی بات کرتی تھی--- اور اسے وہ ایسا ہی اچھا لگتا تھا--- کم گو سا کھڑوس سا--- سنجیدہ سا--- اسے ایسے لڑکوں کی شخصیت بہت متاثر کرتی تھی--- اور وہ خود کو بہت خوش نصیب تصور کر رہی تھی کہ اس کی

جس سی شادی ہونے جا رہی تھی وہ اس کے دل میں بسنے والے سانچے

کے عین مطابق تھا۔۔۔۔

پہلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے گھٹی سی آواز میں بمشکل ھدیل کے سوال کا

جواب دیا تھا۔۔۔۔

ہم۔م۔م۔م۔م۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ھدیل نے بھاری سی آواز میں بس اتنا کہنا

ہی مناسب سمجھا۔۔۔

وہ بار بار اپنے موبائل پر کچھ کر رہا تھا ۔۔۔

ھدیل بیٹا کچھ بھی تو نہیں لے رہے تم ۔۔۔ سلمی نے پیار سے پاس بیٹھے

ھدیل کی پشت پر ہاتھ ٹکا کر کہا۔۔۔

خالہ۔۔۔ شکریہ۔۔۔ اتنا کچھ تو کھا گیا ہوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔ ھدیل نے

مسکراتے ہوئے کہا

اچھا مما آپ اگر رات رک رہی ہیں یہاں تو ٹھیک ہے میں چلتا ہوں پھر۔۔۔

ھدیل ایک دم جانے کے لیے کھڑا ہوتے ہوئے راحت سے کہہ رہا تھا۔۔۔

ندوہ کا دل ڈوب گیا تھا۔۔۔ یہ وہ پہلا لمحہ تھا جب اس نے نظریں اٹھا کر ھدیل کے چہرے کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

دل کی دھڑکنیں بے ترتیب سی ہو گئی تھیں۔۔۔ ھدیل کے سنجیدہ سے چہرے پر اب ایک عدد چشمہ ٹکا ہوا تھا۔۔جو اس کے رعب دار چہرے پر جچ رہا تھا۔۔۔ ندوہ نے ایک نظر میں اس کے چہرے کو دل میں سمویا اور فورا نظریں نیچے کر لی تھیں۔۔۔

ارے ۔۔۔۔۔ارے۔۔۔۔بیٹا ایسے کیسے ۔۔۔ تم بھی رکو ۔۔۔ گے ۔۔

تمھارے خالو بس آنے والے ہیں ۔۔ سلمی بھی فورا ھدیل کے ساتھ ہی کھڑی ہو گئی تھیں اور خفگی کے سے انداز میں ھدیل سے گویا ہوئی یں۔۔۔

خالہ بہت معزرت مجھے تھوڑا کام ہے--- میں خالو سے پرسوں ملنے آ جاؤں گا جب مما کو لینے آؤں گا--- وہی ٹھہرا سا مہزب لہجہ--- ھدیل نے سلمی کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر کہا--

سلمی سہی کہہ رہا--- ہم لوگوں کی واپسی سے پہلے پہلے بہت سے کام ہیں میں نے ہی کہا ہے جلدی جلدی کر لے--- راحت نے محبت بھرے لہجے میں مسکراتے ہوئے کہا--

ھدیل خدا حافظ کہتا ہوا جلدی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا---اور ندوہ بس اس کی پشت کو دیکھتی رہ گئی تھی---

راحت اس کو ایسے دیکھ کر محبت سے مسکرا دی تھی---

جلدی سے پڑھائی پوری کرو پھر تمہیں لے جاؤں میں یہاں سے----راحت نے شرارت سے اس کی تھوڑی سے اس کے چہرے کو اوپر اٹھاتے ہوئے کہا---

نروہ شرم سے پانی پانی ہو گئی تھی----تو کیا خالہ نے اسے دیکھ لیا تھا جس طرح وہ ھدیل کو دیکھ رہی تھی--- افف گال گرم ہو گئے تھے اور یہاں بیٹھنا محال ہو گیا تھا--- وہ تیزی سے وہاں سے اٹھی تھی اور کمرے سے باہر نکل گئی تھی---

بہت پیاری ہے ماشااللہ---- راحت دور تک برامدے میں اسے جاتا ہو دیکھ رہی تھیں----

*********************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تارز دروازہ تو ناک کیا کرو-- ندوہ نے ماتھے پر بل ڈالے وہ ابھی نہا کر باہر نکلی تھی--- گیلے بال ٹاول سے خشک کر رہی تھی وہ لاپرواہی کے انداز میں بنا دوپٹہ لیے کھڑی تھی---

جو بھی تھا اب تارز تھوڑا بڑا ہو گیا تھا۔ وہ دونوں بہنیں اور سلمی گھر میں اکیلی ہوتی تھیں اکثر -- اس کو عادت تھی بنا دوپٹے کے گھومنے کی لیکن اب جب سے تارز آیا تھا اسے دوپٹہ ہر وقت لینا پڑتا تھا-- بس ایک کمرہ تھا جہاں وہ آرام سے دوپٹہ اتار دیا کرتی تھی---اب تارز بلکل بچوں کی طرح جہاں چاہتا تھا وہاں آ دھمکتا تھا---

کیوں کیا ہوا--- بڑے لاپرواہ انداز میں تارز نے کہا اور پھر ندوہ پر ایک نظر ڈالی جو وہیں کہیں اٹک گ ئی تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ گیلے بالوں اور دھلے ہوئے شفاف چہرے کے ساتھ اس کے دل میں اتر رہی تھی--- وہ بے اختیار اسے دیکھے ہی جا رہا تھا--- دماغ مفلوج ہو چکا تھا سارے اختیارات دل نے سنبھال لیے تھے--

کچھ نہیں ہوا-- بولو کیا کام ہے--- ندوہ نے ٹاول کو ہی کندھے پر گرا کر اس سے پوچھا تھا--

تم پڑھا نہیں رہی اتنے دن سے--- وہ ایک دم سے جیسے ہوش کی دنیا میں واپس لوٹا تھا---

تین دن سے راحت کے آنے کی وجہ سے وہ اتنی مصروف تھی کے شام کو اس کو پڑھانا اسے کہاں یاد رہتا تھا---- دراصل دل ہی نہیں کرتا تھا آج کل کسی بھی اور کام کو بس ھدیل کے بارے میں سوچے جانا خالہ کے

پاس بیٹھ کر اس کے بارے میں باتیں سنتے رہنا یہ سب میں کہاں تارز کا ہوش رہتا تھا اسے---

اور تارز کو بری طرح اس کی یہ لا پرواہی کھل رہی تھی--- اس سے ندوہ کی یہ بے پرواہی یہ بے رخی برداشت نہیں ہوتی تھی اب ---پورے سات ماہ ہونے کو آئے تھے اور ان سات ماہ میں سے پہلی دفعہ ایسا تھا کہ ندوہ اس سے یوں لا پرواہی برت رہی تھی---

اوہ ہاں--- وہ طبیعت کچھ نا ساز تھی اس وجہ سے --- ندوہ نے نظریں چرا کر جھوٹ بولا --- اور پھر محبت بھری مسکراہٹ چہرے پر سجا کر خفا سے کھڑے تارز کو دیکھا---

کیا ہوا طبیعت کو--- تارز نے پریشان سے لہجے میں کہا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کچھ نہیں ---چلو میں آتی ہوں پڑھتے ہیں پھر---- ندوہ نے خجل ہوتے ہوئے اپنے جھوٹ کو اور شرمندگی کو چھپایا تھا----

اپنی خود غرضی میں وہ تارز کو بھول ہی گ ئی تھی--- کتنی غلط بات تھی---- اسے افسوس ہوا کہ اتنے دن سے وہ تارز کو پڑھا نہیں رہی تھی---

تارز خاموشی سے سر ہلاتا ہوا باہر نکلا تھا---

اور وہ ٹاول ہاتھ میں پکڑے شرمندہ سے انداز میں کھڑی تھی---

**************

آج پھر ویسا ہی ٹیسٹ--- ندوہ نے ٹیسٹ پر غصے سے سامنے پڑی میز پر مارا تھا---اور سختی سے سامنے گم سم سے بیٹھے تارز سے کہا---

تارز کیا مس ئی لہ ہے تمھارے ساتھ کتنے دن سے میں دیکھ رہی ہوں تم کوئی بھی ٹیسٹ ڈھنگ سے نہیں دے رہے ہو۔ ۔۔۔تارز کے کچھ بھی جواب نا دینے سے وہ اور چڑ گ ئی تھی۔۔۔ ڈانٹنے کے سے انداز میں تارز کو کہا۔۔۔

تارز ویسے ہی پریشان حال سر نیچے کیے بیٹھا تھا۔۔۔کو ئی بھی جواب نہیں دے رہا تھا۔۔۔ اس کے پارٹ ون کے پیپر سر پر تھے اور ندوہ آجکل اس پر بھرپور توجہ دے رہی تھی ۔۔۔ اس کی اپنی یونیورسٹی کے بھی بہت مشکل دن چل رہے تھے ۔۔۔ لیکن پھر بھی وہ تارز کی طرف سے کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتتی تھی۔۔۔ اور وہ تھا کہ اب جب پیپر نزدیک تھے بلکل ہی اسے مایوس کر رہا تھا۔۔۔ جبکہ وہ اچھا خاصہ ذہین تھا ۔۔۔۔

بولو تو --- کچھ --- کوئی پریشانی ہے کیا--- ندوہ نے دھیرے سے اپنا ہاتھ کرسی کے بازو پر پڑی اس کی بازو پر رکھا تھا اور محبت بھرے لہجے میں کہا---

تارز نے تڑپ کر اس کی طرف دیکھا تھا--- وہ اب کیا بتاتا اسے کہ وہ کتنی مشکل میں ہے--- وہ دل اور دماغ کی جنگ میں بری طرح پھنسا ہوا تھا--- کب کیسے وہ ندوہ کے بارے میں اس طرح سوچنے لگا تھا جیسا وہ خود کبھی نہیں چاہتا تھا--- وہ اس کے دل میں دھڑکن بن کر دھڑکنے لگی تھی--- دماغ نہیں نہیں کرتا ہی رہ جاتا تھا لیکن دل مانتا ہی نا تھا--- وہ جب بھی پڑھنے بیٹھتا تھا وہ ہنستی ہوئی بولتی ہوئی اس کو نظر آنے لگتی تھی--- کبھی اس کے خوبصورت ہاتھ--- کبھی چہرے پر گرے اٹھکلیاں کرتے ہوئے اس کے بال کبھی جھکی ہوئی پلکیں تو کبھی دمکتی سی گردن

اور کبھی خوبصورت لب --- اور کبھی لبوں کی اوٹ سے نظر آتے موتیوں جیسے دانت---- اس کا ذہن قید میں تھا--- دل بادشاہ بن گیا تھا اور دماغ لو زندان میں ڈالنے کا حکم صادر کر چکا تھا---

پھوپھا کی کال آئی تھی کیا--- ندوہ اب اس کی حالت پر بری طرح پریشان ہو چکی تھی---

ابا سے بات کروں کالج میں ہے کیا کوئی مس ئی لہ---- وہ اس کے کچھ بھی نہ بولنے کی وجہ سے خود ہی جواز پر جواز تلاش کر رہی تھی---

نہیں --- کچھ بھی نہیں ہے---- گھٹی سی آواز میں تارز نے کہا تھا---

کیونکہ وہ جانتا تھا دل جو بھی کر رہا ہے وہ سراسر بیو قوف کی سوا اور کچھ بھی نہیں --- لیکن وہ بے بس تھا---

پھر یہ --- یہ--- کیا ہے--- دیکھو تو---- ندوہ نے ٹیسٹ پیپر اس کی

آنکھوں ک آگے کیا تھا جس میں سارے سوالات پر کراس لگا ہوا تھا----

پڑھنے کو دل نہیں چاہتا میرا میں کیا کروں --- تارز نے گھٹی سی آواز میں

کہا اور ندوہ سے نظریں چرائی تھیں---

بکواس نہ کرو تم اب پیپر اتنے نزدیک ہیں تمھارے پارٹ ون کے--- اور تم

مجھے یہ کہہ رہے--- پھپھو کے سامنے میں بھی شرمندہ ہو جاؤں گی---

میں کرتی ہوں ان کو آج ہی کال--- ندوہ کو اس کی بے تکی بات پر غصہ

آگیا تھا وہ تنک کر گویا ہوئی تھی---

کر دو میں کون سا ان سے ڈرتا ہوں--- ہنوز وہی کھویا کھویا سا لہجہ تھا تارز

کا--- وہ بے حال بیٹھا تھا-- بکھرے سے بال ملگجی سی شرٹ --- بازو

کے کف فولڈ کیے ہوئے سامنے کے بٹن کھلے ہوئے---

اچھا--- ڈرتے تو تم کسی سے بھی نہیں--- ندوہ نے دانت پیستے ہوئے کہا--- جانتی تھی وہ بچپن سے ہی تھوڑا الگ سا تھا سب میں سے ضدی ڈھیٹ --- اور کسی کی بھی نہ سننے والا

نہیں اب ڈرنے لگا ہوں کسی چیز سے--- بہت ڈوبی ہوئی آواز تھی ایسے جیسے کسی کھائی سے آئی ہو---

ہاں وہ ڈرنے لگا تھا --- ندوہ کو کھونے سے اس کی محبت میں پاگل ہونے سے--- اس کے انکار سے--

کیا ہوا--- کوئی پریشانی ہے کیا--- ندوہ کو اس کی حالت پر پھر سے ترس آ چکا تھا---- لہجے میں پھر سے محبت بھر کر اس نے پریشان سے انداز میں تارز سے پوچھا---

نہیں۔۔۔ وہ ایک جھٹکے سے اٹھا تھا اور تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔

*********_************

تارز۔۔۔ یہ ۔۔۔یہ ۔۔۔ کیا ہے یہ۔۔۔ ندوہ نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے ابھی ابھی پھینکی گ ئی سگریٹ کی طرف دیکھا۔۔۔

تارز کافی دن سے پڑھنے کے لیے نہیں آ رہا تھا۔۔ زیادہ وقت باہر گزارتا یا پھر اوپر اپنے کمرے میں ۔۔۔ وہ آج بھی بیٹھی اس کا انتظار کر رہی تھی کہ وہ آئے گا پڑھنے پر وہ نہیں آیا تھا ۔۔۔ اب پریشان ہو کر وہ آج اوپر اس کے کمرے میں آئی تھی تو وہ ٹیرس میں کھڑا سگریٹ پھونک رہا تھا اور اس کو دیکھتے ہی اس کو پھینک چکا تھا۔۔۔

کچھ نہیں ۔۔۔ خجل سا ہو کر تارز نے گردن کے پیچھے ہاتھ پھیرا۔۔۔

-- تم ---- تم --- سگریٹ پی رہے تھے---- غصے سے اونچی آواز میں

ندوہ نے اسے ڈانٹا تھا---

ہاں ---- سگریٹ ہی تھی کوئی شراب تھوڑی نہ تھی جو ایسے کر رہی

ہو--- وہ پہلے تھوڑا سا شرمندہ ہوا لیکن پھر ایک دم سے اپنے مخصوص انداز

میں کہا----

بکواس مت کرو --- خبردار جو دوبارہ کبھی میں نے دیکھی جو تمھارے ہاتھ میں

--- میں ابا کو اور دادا جی کو بتا دوں گی---ندوہ اس کو ڈانٹتے ہوئے بلکل

اس کے سامنے اس کے قریب آ گ ئی تھی ---

پڑھنے کیوں نہیں آ رہے کچھ دن سے --- سخت لہجے میں پوچھا---

ویسے ہی--- تارز نے اس سے نظریں چرا گیا تھا---

پاگل ہو گیا ۔۔ ابھی دو پورے چیپٹر پڑے جن کو ریوائز کرنا تمہیں ۔۔ ندوہ نے ہاتھ سے اس کے چہرے کا رخ اپنی طرف کر کے سختی سے کہا۔۔

ایک دم سے وہ ساکت سی ہوئی تھی تارز کی آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔۔۔

کیا ہے تارز تم کچھ بتا تے بھی تو نہیں۔۔۔ بتاؤ نہ مجھے دوست کہتے ہو نہ۔۔۔ تمہیں میری قسم بتاؤ ۔۔۔ ندوہ اس کی اس حالت پر تڑپ گ ئی تھی۔۔۔ وہ بچپن سے اس سے محبت کرتی تھی ہمیشہ چھوٹے بھائی کی طرح اسے چاہا تھا اس نے۔۔۔

تارز ایک دم سے اس کے گلے لگا تھا۔۔۔ وہ لڑکھڑا سی گ ئی تھی ۔۔ تارز کے مضبوط بازو اسے جکڑ چکے تھے۔۔۔ وہ دھیرے سے کانپ رہا تھا۔۔۔ ندوہ سکتے کی سی حالت میں نا سمجھی کے انداز میں کھڑی تھی۔۔۔

اس کو کیا ہوا ہے --- کوئی بہت بڑا مس ئی لہ ہے لازمی--- ندوہ انہی سوچوں میں گم کھڑی تھی جب تارز کے لب اسے اپنی گردن پر محسوس ہوئے تھے--- ایک عجیب سے احساس نے جیسے اس کے رونگٹے کھڑے کیے تھے ایک جھٹکے سے اس نے تارز کو خود سے الگ کیا تھا---

تارز ---- یہ---- یہ--- کیا کر رہے --- وہ ایک دم خوف سے نا سمجھی کے انداز میں بولی تھی-- اور پھٹی پھٹی نظروں سے سر جھکائے کھڑے تارز کو دیکھا---

یہ ہی ہے وجہ--- وہ تڑپنے کے سے انداز میں بولا تھا---

کہ---- کہ---کیا مطلب تمھارا--- ندوہ نے خوف سے بے یقینی سے اس کی طرف دیکھا تھا---

سچ کہہ رہا ہوں -- مجھے تم سے محبت ہو گ ئی ہے--- تارز نے آگے بڑھ

کر ندوہ کے دونوں بازو تھام کر کہا---

پاگل ہو تم --- کیا بکواس کر رہے ہو---ندوہ نے جھٹکے سے اپنے بازو

چھڑوائے تھے اور بے یقینی سے تارز کی طرف دیکھتی ہوئی پیچھے ہوئی

تھی----

یہ بکواس نہیں ہے حقیقت ہے--- تارز نے سر جھکا کر مدھم سے ٹوٹے

ہوئے لہجے میں کہا تھا----

اچانک کمرے میں چلتے ہوئے چھت کے پنکھے کی آواز کانوں میں زور زور

سے لگنے لگی تھی----خاموشی کو چیرتی ہوئی

ندوہ کو اپنے کانوں اور آنکھوں پر یقین نہیں تھا--- وہ جو کہہ رہا تھا اس کے

وہم و گمان میں بھی ایسی بات کبھی نہیں آئی تھی---اسے تارز کی ذہنی

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

حالت پر شک ہو رہا تھا --- یا پھر -- یا پھر ہو سکتا ہے--- وہ مذاق کر رہا ہو --- وہ ایسا ہی تو تھا شرارتی مذاق کرنے والا ---

تم ---- تم--- مزاق کر رہے ہو میرے ساتھ--- ندوہ نے ڈولتی سی آواز میں انگلی کا اشارہ اس کی طرف کرتے ہوئے کہا---

لیکن اس کی حالت صاف صاف اس کے اندر کے حال کی گواہ تھی وہ ٹوٹا ہوا تھا بکھرا ہوا تھا--- سر نیچے جھکا کر کسی مجرم کی طرح کھڑا تھا---

آہستہ سے تارز نے اپنا چہرہ اوپر اٹھایا تھا--- اس کی آنکھوں میں پانی تھا--- چہرے پر رت جگے اور دل و دماغ کی جنگ کے آثار تھے---

نہیں --- مزاق میں کوئی کسی کو ایسے چھوتا ہے کیا-- بہت ہی مدھم سرگوشی تھی لیکن لہجہ اس کے جزبات کی عکاسی کر رہا تھا---

ایک دم سے ندوہ کو اپنی گردن پر پھر سے اس کے لبوں کی وہ جسارت

محسوس ہوئی تھی اس کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے تھے--- وہ سچ کہہ رہا

تھا--- اس طرح سے کون کس کو چھوتا ہے---

اوہ میرے خدایا اس کا دل ڈوب گیا تھا---

تم --- پاگل ہو گئے ہو----ندوہ کی آنکھیں حیرانگی سے پھٹنے کو تھیں---

وہ قدم قدم پیچھے جا رہی تھی --- دماغ سائیں سائیں کرنے لگا تھا ---

اسے ایک دم سے سامنے کھڑے اپنے اس سب سے پیارے کزن سے گھن

آنے لگی تھی--- اس کے رشتے کے اتنے کزنز میں سے ایک واحد وہ تھا

جس کے وہ اتنی قریب تھی --- اور جس کو اس نے اپنے اتنا قریب آنے دیا

تھا- --- لیکن اس کا صلہ آج اسے یہ مل رہا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

آج کے بعد مجھے اپنی شکل مت دکھانا۔۔۔۔ ندوہ چیخنے کے سے انداز میں غصے سے کہتی ہوئی نیچے کی طرف بھاگی تھی۔۔۔

اور تارز یونہی ساکت کھڑا تھا۔۔۔۔ نظریں تیزی سے بھاگ کر جاتی ہوئی ندوہ کی پشت پر ٹکی تھیں۔۔۔۔

******************

سب ــــــــــ خاک تھا!

اِک 'ع' تھی پھر 'ش' تھا،

کچھ آگ تھی کچھ راکھ تھی

اِک دشت تھا اک بحر تھا،

صحرا بھی تھا اور پیاس تھی

پھر اِک خلا ۔۔۔۔۔ بے انت سا !

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اک بند گلی سا راستہ، ویرانیاں، تنہائیاں!

پھر 'ق' تھا!

پھر سارا منظر راکھ تھا

سب خاک تھا !

سگریٹ سلگ رہی تھی--- اور بار بار ہاتھ اس کو لبوں تک لاتے اور پھر دھواں ہوا میں گھل جاتا---

میں نے کیا کیا--- درست یا غلط --- دل کو کیا ہوا--- اتنے ماہ کی جنگ میں وہ خود کو یہی سمجھاتا رہا تھا کہ وہ ندوہ کو کبھی یہ پتہ نہیں چلنے دے گا کہ وہ اس سے محبت کرنے لگا ہے-- لیکن آج وہ وہ جو کر بیٹھا تھا اس کے اختیار میں کہاں تھا بس ہو گیا تھا--- اور اب ---- پچھتاوا--- وہ اس سے اور دور ہو گ ئی تھی --- اس سے نفرت کرنے لگے گی ----

کیا کروں---- دل تھا کہ مانتا ہی نہیں تھا---- مجھے کچھ بھی نہیں کرنا ہاں اظہار کر دیا بس --- بس---- بس--- اب اور آگے کچھ بھی نہیں---

وہ خود کو سرزنش کر رہا تھا--- دماغ دل کو جھنجوڑ رہا تھا---

دل میں ایک ٹیس سی اٹھ رہی تھی---

کتنا عجیب سا احساس تھا اس کو چھونے کا--- جیسے جیسے ایک مردہ جسم میں کوئی روح پھونک دے --- جیسے جیسے--- ایک ساکت سے پل میں شور و غل کی لہر دوڑ جائے--- جیسے ایک ارتھ--- جو ریڑھی کی ھڈی میں سے ہوتا ہوا دل کی دھڑکن کو تیز کر دے--- وہ لمحہ بے خودی کا تھا--- وہ بے اختیار وہ جسارت کر بیٹھا تھا--- جو اب ایک پل کو چین نہیں آنے دی رہی تھی--- بازو---- لب---- دل---- وجود کا رؤ واں روؤاں اس کے

لمس کے جادو میں جکڑا جا چکا تھا--- وہ جو پیچھے قدم کھسکا رہا تھا--- قدم خود

بہ خود آگے کی طرف جا رہے تھے---

وہ ہار گیا تھا--- بری طرح ---------------------

***************

کمرے سے باہر جاؤ--- ندوہ ایک دم سے سامنے رکھے نوٹس گرا کر سٹپٹا کر

اٹھتے ہوئے سختی سے بولی تھی---

تارز اس کے سامنے اس کے کمرے میں کھڑا تھا---

بہت دن تو یونہی گزر گئے تھے خاموشی میں تارز کے پیپر تھے وہ سارا سارا

دن اوپر رہتا--- حدفہ اس کا کھانا بھی اوپر دے آتی تھی--- اس سے تارز

کا سامنا نہ ہونے کے برابر تھا-- اس کے بھی پیپرز تھے بمشکل ہر بات کو

ذہن سے جھٹک کر وہ پڑھتی رہتی تھی --- آج تارز کے پیپرز ختم ہوئے تھے

اور وہ آج اس کے سامنے کھڑا تھا

مجھے معاف کردو--- مدھم سی آواز میں کہا تھا --- لہجہ شرمندہ سا تھا---

دوپہر کا وقت تھا سلمی اپنے کمرے میں سو رہی تھی اور حدفہ ابھی سکول

سے نہیں لوٹی تھی--- وہ اپنے کمرے میں بیٹھی اپنے نوٹس کے ڈھیر میں

ڈوبی پڑھنے میں مصروف تھی جب وہ یہاں آ دھمکا تھا---

تارز تم ایسا سوچ بھی کیسے سکتے --- تمہیں پتہ بھی ہے میں کیسا سوچتی

تمہارے لیے--- میں نے تمہیں ہمیشہ چھوٹا بھائی --- اس کی معافی مانگنے

پر ندوہ کو تھوڑا حوصلہ ہوا تھا اور وہ اسے سمجھانے کے سے انداز میں کہہ رہی

تھی--

ندوہ کے بھائی کہنے پر ایک دم سے جیسے عجیب سا احساس ہوا تھا وہ جو اس

سے معافی مانگ کر سب کچھ ختم کرنے کو آیا تھا بھک سے سارا لحاظ ہوا ہو

گیا تھا۔۔۔

سمجھا نہ ۔۔۔ ہوں تو نہیں۔۔۔ ڈھیٹ سے انداز میں اس نے کہا تھا۔۔۔

چپ کر جاؤ۔۔۔ ابھی کے ابھی... اب کبھی اس بات کا ذکر بھی مت کرنا

۔۔۔ تمہیں پتا ہے میں ھدیل سے محبت کرتی۔۔۔ ندوہ کو اس کے انداز اور

اس کی بات پر پھر سے غصہ آ گیا تھا۔۔۔ سختی سے دانت پیستے ہوئے اس

نے کہا تھا۔۔۔

لیکن اس کی بات ابھی پوری بھی نہ ہوئی تھی جب تارز پھر سے مخصوص

انداز میں بول پڑا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہسنہ--- ھدیل --- جو دس سال بعد ایک دن کے لیے آیا--- جس سے کبھی بات تک نہیں ہوئی تمھاری جسے تم جانتی تک نہیں۔ --- اس سے محبت ہے تمہیں--- تارز کے لہجے میں طنز خود بہ خود جھلکنے لگا تھا---

تمہیں اس سے مطلب--- ندوہ نے تنک کر کہا اور غصے سے بھری نظر اس پر ڈالی تھی ---

تم آل ریڈی --- میری نظروں سے گر چکے ہو-- پلیز --- جاؤ یہاں سے--- نفرت بھرے لہجے میں کہتے ہوئے ندوہ نے منہ پھیر لیا تھا----

نہیں جاؤ ں گا--- تارز نے ڈھیٹ لہجے میں کہا تھا---

تم ھدیل کو چھوڑ دو--- وہ تم سے محبت نہیں کرتا میں کرتا ہوں--- بڑے آرام سے کہتا ہوا وہ پھر سے ندوہ کے آگے آ چکا تھا----

میں تم سے اتنی بڑی ہوں --- تمہیں احترام نہیں ہمارے رشتے کا---ندوہ
کو اس کا اس طرح بے باکی سے اس کے سامنے آ کر کھڑے ہو جانا بہت
برا لگا تھا--- سختی سے دانت پیستے ہوئے طنز بھرے لہجے میں کہا---
کتنی بڑی ہو--- تارز نے اپنے مخصوص انداز میں قہقہ لگایا اور اس کے بلکل
ساتھ کھڑا ہوا ---

ندوہ کا سر اس کے سینے کے پاس آ رہا تھا اور اس کا نازک سا سراپا کہیں
سے اس کے مضبوط جسم کے آگے اسے اس سے بڑا نہیں دکھا رہا تھا---
قد اور جسامت کی بات نہیں کر رہی میں --- عمر کی بات کر رہی ہوں ---
ندوہ ایک دم سے ماتھے پر بل ڈالتی ہوئی ایک طرف ہوئی اور سخت لہجہ اپنایا
تھا---

اوہ--- تو کتنی بڑی ہو تم--- دس --- بیس--- تارز نے لاپرواہی کے سے انداز میں انگشت انگلی کو ہونٹوں پر رکھتے ہوئے مذاق اڑانے کے انداز میں کہا---

ڈھائی -- ڈھائی سال -- ندوہ نے دانت پیس کر اسے گھورتے ہوئے کہا---

صرف--- تارز نے قہقہ لگایا تھا----

ندوہ جو تن بدن میں جیسے آگ لگی تھی--- اسے تارز زہر لگ رہا تھا----

اب تم بدتمیزی کر رہے ہو--- ندوہ نے غصے سے بھاری آواز میں کہا---اور انگلی کھڑی کرتے ہوئے اسے خبردار کیا---

نہیں تو صرف پیار کرتا ہوں-- بڑے آرام سے اس کی انگلی کو وہ ہاتھ میں لے چکا تھا--- لبوں پر جاندار مسکراہٹ تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

بھاڑ میں جائے تمہارا پیار--- ندوہ نے غصے سے کہا اور بری طرح اپنی انگلی اس سے چھڑوانے کی کوشش کی---

لیکن وہ ناکام تھی--- تارز ساکت کھڑا تھا اور انگلی پر گرفت اتنی مضبوط تھی کہ ندوہ اس کو چھڑوانے کے چکر میں تڑپ گ ئی تھی---

اور وہ تو جیسے اس کی اس حالت سے محزوز ہو رہا تھا--- مسکراہٹ دبائے کھڑا تھا ہنوز ویسے ہی----

یہ بڑی ہو تم مجھ سے --- ایک دم جھٹکے سے ندوہ کی انگلی کو چھوڑ کر اس نے اسکے کان میں سرگوشی کے انداز میں کہا تھا----

اور پھر سارے معافی مانگنے کے ارادے ترک کرتا ہوا وہ ایک نئے عزم سے مسکراتا ہوا اس کے کمرے سے باہر نکلا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ تھا تارز ابتہاج --- جس نے جان بوجھ کر میڈیکل کے پیپر برے دئے

کیونکہ وہ ڈاکٹر بننا نہیں چاہتا تھا--- وہ بچپن سے ہی ایسا تھا ہر کام اپنی

مرضی سے کرتا تھا--- اور جو سیدھے طریقے سا حاصل نہ ہو اس کو پھر اپنے

انداز میں حاصل کرتا تھا--- -----

************

امی آپ کا فون کہاں ہے--- ندوہ نے کمرے میں ارد گرد نظر دوڑاتے

ہوئے سلمی سے کہا---

تارز کی باتوں اس کے انداز اور لہجے نے اسے اندر تک ہلا کر رکھ دیا تھا--- وہ

عجیب کشمکش کا شکار ہو گ ئی تھی تارز کی باتوں سے کیا وہ واقعی ہی وہ

ھدیل کو نہیں جانتی تھی--- ہاں وہ ٹھیک کہہ رہا تھا اس نے کبھی ھدیل

سے بات نہیں کی تھی--- لیکن آج اس کی باتوں نے عجیب سا احساس

دلایا تھا ۔۔۔ وہ ھدیل سے رابطہ کرنا چاہتی تھی اس سے بات کرنا چاہتی تھی

آج سے پہلے تک تو کبھی اس نے یوں نہیں سوچا تھا کہ وہ ھدیل سے

شادی سے پہلے بات کرے گی لیکن اب دل چاہ رہا تھا وہ اس سے بات

کرے ھدیل سے اپنے لیے اظہار محبت سنے۔۔۔

4

یہ پڑا ہے۔۔۔ سلمی نے چشمہ تھوڑا نیچے کرتے ہوئے اسے کہا تھا۔۔۔

دیں مجھے... ذرا۔۔۔ گھٹی سی آواز میں ندوہ نے بکہا اور ہاتھ آگے بڑھایا تھا۔۔۔

سلمی کے ہاتھ سے موبائل لیتے ہی وہ تیزی سے کال لسٹ میں سے

ھدیل کا نمبر نکال رہی تھی۔۔۔

کیا ہوا پریشان سی لگ رہی ہو۔۔۔ سلمی نے اس کے چہرے کا جائزہ لیتے

ہوئے کہا۔۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

نہیں ہوں پریشان ---  مصروف سے انداز میں کہا اور ھدیل کا نمبر اپنے فون میں نوٹ کیا----

اچھا--- یہ تازر کہاں ہوتا آجکل سارا سارا دن نظر ہی نہیں آتا----  سلمی پھر سے تجسس کے سے انداز میں گویا ہوئی تھیں---

مجھے نہیں پتہ امی--- اور یہ لیں --- ندوہ نے کھوئے کھوئے سے لہجے میں کہا اور فون سلمی کے ہاتھ میں تھاماتی وہ باہر نکل آئی تھی---

**************

ندوہ --- کیا بات ہوئی ہے تم دونوں میں--- حدفہ نے تجسس کے انداز میں ندوہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا اور دودھ کا گلاس اس کے ہاتھ میں تھمایا---

ندوہ جو فون کی سکرین پر نظریں جمائے بیٹھی تھی ایک دم سے چونکی تھی---

وہ کل سے ھدیل کو مسیج کر رہی تھی--- اور وہ اتنا کھڑوس تھا کہ اس کے سارے مسیج ریڈ کرنے کے باوجود بھی کوئی جواب نہیں دے رہا تھا--- وہ لب کچلتے ہوئے بار بار سکرین کو دیکھے جا رہی تھی----

کیوں کیا ہوا---مصروف سے انداز میں کہتی ہوئی وہ پھر سے مسیج ٹائپ کر رہی تھی---

کیا ہوا--- تارز بھائی اور تم --- کیا ہوا ہے اتنی تو دوستی تھی--- حدفہ نے دودھ کا گلاس منہ کو لگاتے ہوئے کہا---

کوئی دوستی نہیں تھی--- سڑے سے انداز میں ندوہ نے کہا اور جل کر سکرین کی طرف دیکھا جہاں ھدیل اس کا مسیج پھر سے ریڈ کر چکا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہا۔ ا۔۔۔ا۔۔۔۔ا۔۔۔ا۔۔۔۔۔کیا بہت زیادہ لڑائی ہوئی ہے۔۔۔ حدفہ نے حیرانگی سے آنکھیں پھیلا کر کہا۔۔۔

میں بات کرتی تارز بھائی سے وہ معافی مانگیں آپ سے آخر کو بڑی ہیں آپ۔۔۔ خدفہ نے بڑے سمجھ دار انداز میں کہا۔۔۔

اوہ پلیز حدفہ چپ کر جاؤ گی۔۔۔۔ ندوہ اپنے دونوں ہاتھوں میں سر کو جکڑ کر کہا۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔ کیا اتنی کوئی بڑی بات ہو گ ئی ۔۔۔ حدفہ نے پھر سے پر تجسس انداز میں کہا۔۔۔

حدفہ۔۔۔۔ ندوہ نے چیخ کر کہا۔۔۔ اور گھور کر اس کی طرف دیکھا ۔۔۔

وہ ایک دم سے چپ ہوئی تھی۔۔۔

***************

یہ کیا ہے--- --- ندوہ نے زور سے گفٹ پلنگ پر اچھالا تھا اور سخت آواز میں کہتے ہوئے غصے سے تارز کی طرف دیکھا تھا---

گفٹ--- بڑے آرام سے ڈھیٹ انداز میں پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈال کر کہا--- جبکہ لبوں پر مخصوص مسکراہٹ کا راج تھا---

وہ اب اس کے ساتھ یہی انداز اپنائے ہوئے تھا-- وہ پارٹ ٹو میں آ چکا تھا --- اب وہ اس سے نہیں پڑھتا تھا--- ہاں البتہ اسے تنگ کرنے میں کوئی کثر نہ چھوڑ رکھی تھی اس نے--- اول تو وہ اس کے سامنے آتی نہیں تھی اور اگر آ بھی جاتی تو اس طرح کی باتیں کرتا کہ ندوہ کا خون تک جل کر رہ جاتا تھا--

وہ تو میں بھی دیکھ رہی ہوں --- پر مجھے کس لیے دیا یہ ندوہ نے ناگواری سے اس کی طرف دیکھا----

کیوں ۔۔۔۔۔ نہیں دے سکتا کیا۔۔۔ مخصوص انداز میں کہتے ہوئے سینے پر ہاتھ باندھے اور لبوں پر پیار بھری مسکراہٹ سجائے وہ کھڑا تھا۔۔

اتنے ماہ ہو گئے تھے وہ بار بار ندوہ کو اپنی محبت کا یقین دلا رہا تھا۔۔۔پر جتنا اس کی محبت بڑھتی جا رہی تھی اتنی ہی ندوہ کی نفرت اس سے بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔

نہیں ہرگز نہیں۔۔۔ ندوہ نے نفرت سے اس کی طرف دیکھا اور بلا کا سخت لہجہ اپناتے ہوئے کہا۔۔۔

یہ محبت میں نہیں دیا۔۔۔ کزن ہونے کے ناطے سے دیا ہے۔۔۔ تارز نے مسکرا کر اس کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ غصے میں ماتھے پر بل ڈالے کھڑی اس کے دل میں اتر رہی تھی--- وہ اس کی پہلی محبت تھی آج سے پہلے اس نے کبھی کسی بھی لڑکی کے بارے میں ایسے نہیں سوچا تھا---

تارز--- پلیز--- ندوہ نے اچانک اس کے آگے ہاتھ جوڑ لیے تھے---

تارز نے تڑپ کر اس کی طرف دیکھا تھا وہ رو رہی تھی---

تارز --- تم یہاں سے چلے جاؤ--- --- وہ باقاعدہ رو رہی تھی---

وہ تنگ آ چکی تھی تارز کی بیوقوفانہ محبت سے--- اور ھدیل کی بے نیازی سے---

دل تو ھدیل کے لیے بھرا ہوا تھا--- وہ اس سے کوئی بات نہیں کرتا تھا آخر کو کیوں نہیں کرتا۔ تھا-- وہ پریشان رہنے لگی تھی---

ندوہ پلیز--- تم رو کیوں رہی ہو--- تارز ایک دم اس کے یوں رونے پر گڑ بڑا گیا تھا---

وہ اسے جتنا بھی تنگ کرتا رہا تھا وہ کبھی بھی یوں نہیں رد عمل ظاہر کرتی تھی جیسے وہ آج اس کے سامنے رو دی تھی---

پلیز مت روؤ--- تارز نے تڑپ کر اس کے جڑے ہاتھوں کو پکڑنا چاہا تھا جسے ایک جھٹکے سے ندوہ نے الگ کیا تھا---

میں ھدیل سے بہت محبت کرتی ہوں--- ندوہ نے دو ٹوک انداز میں آنسو صاف کرتے ہوئے کہا---

میں تم سے کبھی محبت نہیں کر سکتی--- اور ھدیل بھی بہت محبت کرتے ہیں مجھ سے--- بڑے جزب سے ندوہ نے جھوٹ بولا تھا---

تارز کا رنگ ایک دم سے زرد پڑا تھا---

تو کیا چاہتی ہو تم--- تارز نے مدھم سی آواز میں ٹوٹے ہوئے لہجے کے ساتھ کہا---

تم چلے جاؤ اور یہ سب بھول جاؤ--- ندوہ نے سخت لہجے میں کہا---

ٹھیک ہے--- امتحان ہوتے ہی میں یہاں سے چلا جاؤں گا--- پر آج کے بعد میں تمھاری آنکھوں میں آنسو نہ دیکھوں--- تارز نے بھیگی آواز میں گہری نظر ڈالتے ہوئے کہا----

میری آنکھ میں آنسو کی وجہ صرف تم ہو تارز-- -- ندوہ نے گال سے آنسو ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت سے رگڑتے ہوئے آنسوؤں سے رندھی آواز میں کہا---

تارز نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا ---آنکھوں کی پتلیاں اس کی

تکلیف پر پھیل کر پر نم سی ہو گ ئی تھیں--- چھت پر چلتے پنکھے سے

اس کے بال دھیرے دھیرے اڑ رہے تھے----

تارز نے پہلی دفعہ اس کو یوں اپنے سامنے روتے ہوئے دیکھا تھا---اور یہ

سچ آج اس کے دل کو معلوم ہوا تھا کہ جس سے دل کو محبت ہو جائے

اس کے آنسو پھر خود کے دل پر گرتے محسوس ہوتے ہیں---

اب نہیں رہوں گا یہ وجہ بن کے----- بہت مدھم سی آواز تھی---

اپنے سینے پر ہاتھ باندھے اور لب اپنے اندر کے کرب کو چھپانے کی خاطر

بھینچ لیے تھے--- چہرہ تکلیف سے سرخ ہوا جا رہا تھا---

میں تو تمہیں خوش دیکھنا چاہتا ہوں ہمیشہ-- لہجہ بکھر سا گیا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

آنکھوں میں محبت کا سمندر موجزن تھا۔۔۔ گہری نظروں سے سامنے کھڑی ندوہ کے سراپے کو دل میں اتارا۔۔ ہلکے سے نیلے رنگ کے سادہ سے جوڑے میں دوپٹے کو سینے پر پھیلائے۔۔ بالوں کا لاپرواہی سے جوڑا بنائے جس سے بہت سی بالوں کی باغی لٹیں گردن پر بکھری ہوئی تھیں اور کچھ چہرے پر۔۔۔ اس کا قد چھوٹا تھا پاس کھڑی ہوتی تو چہرہ بمشکل تارز کے سینے پر آتا تھا۔۔۔نازک سا سراپا تھا ۔۔۔ موٹی سی آنکھیں تھیں ۔۔۔ ستواں سا ناک ۔۔۔ بھرے سے کم کٹ گداز سے لب۔۔۔۔ وہ بہت حسین تھی اس کے دل پر بجلیاں سی گر جاتی تھیں۔۔۔

ہاں تو پھر چلے جاؤ خاموشی سے اسی میں میری خوشی۔۔۔ پھٹی پھٹی سی آواز تھی ندوہ کی ۔۔۔

چہرے کا رخ ناگواری سے دوسری طرف کیا۔۔۔ تارز کی خود پر گڑی نظریں تکلیف کا باعث بن رہی تھیں۔۔۔۔

تارز اس کی تکلیف کو اور بڑھا رہا تھا ۔۔۔ جس سے وہ محبت کرتی تھی اس کی بے رخی نے اندر ہی اندر اس کو گھولنا شروع کر دیا تھا۔۔۔ اور تارز کی یہ بے تکی محبت اسے ازیت سے دوچار کرتی تھی ۔۔۔ کیونکہ تارز نے ہی اسے اس تلکیف سے اسے آشانہ کیا تھا۔۔۔ وہ تو بڑے آرام سے اپنی زندگی میں پر سکون ھدیل کے ساتھ کے خواب بنتی رہتی تھی۔۔۔ ھدیل کی محبت کی طلب کی تڑپ تارز نے اس کے دل میں ڈالی تھی جو اب اسے کسی پل کو چین نہیں دیتی تھی۔۔۔۔

ایک بات کہوں جو مجھے محسوس ہوتی ہے۔۔۔ تارز نے مدھم سی آواز میں کمرے کی خاموشی کو توڑا تھا۔۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے ناگواری سے جھکا ہوا چہرہ اوپر اٹھایا تھا --- ناک سرخ ہو رہا تھا---

اور لب ایک دوسرے میں ضبط کی حالت میں پیوست تھے---

ھدیل تم سے محبت نہیں کرتا--- بہت پر یقین لہجہ تھا---

تارز ہنوز محبت بھری آنکھوں سے اسے جزب کرنے کے سے انداز سے دیکھ رہا تھا---

کرتا ہے----------- سخت لہجے میں کہا تھا ندوہ نے---

ناک غصے سے پھولنے لگی تھی--- اور موٹی سی آنکھیں سکڑ کر اپنے حجم سے کم کی ہو گ ئی تھیں---

میں مما کو رشتے کا کہوں یا نانا ابو سے بات کروں تو کیا تم مان جاؤ گی---

تارز نے جزبات میں بھیگے محبت بھرے لہجے میں کہا---

وہ ابھی بھی اسے قائل ہی کرنے کے چکروں میں تھا۔۔۔ اففف وہ کیا کرے دل ایسا کمبخت ظالم تھا کہ خود غرضی کا لبادہ اترتا ہی نہ تھا۔۔۔

خبردار اگر تم نے ایسا کچھ بھی کیا۔۔کیا سوچیں گے سب ہم دونوں کے بارے میں ۔۔۔ سب کو صرف میں ہی غلط لگوں گی۔۔۔ تمہیں تو سب چھوٹا سمجھتے ہیں۔۔۔ ندوہ ایک دم سٹپٹا کر غصے میں بولی تھی۔۔۔

میں سب کو بتاؤں گا کہ تمھارا کوئی قصور نہیں ہے اس میں۔۔۔ محبت بھرے لہجے میں کہا ۔۔۔

چہرے پر تڑپ تھی۔۔۔ ماتھے پر پریشانی کے بل ۔۔۔ لب جزبات کی لو میں پھیلے ہوئے تھے۔۔۔

اوہ خدایا۔۔۔ تارز تمہیں بات کیوں نہیں سمجھ آتی۔۔۔ میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتی اور تم ہو کہ زبردستی مجھے خود سے محبت کروانے پر تلے بیٹھے

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہو--- میری جان بخشو--- ندوہ نے دونوں ہاتھوں کو زور سے ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر تارز کے آگے کیے تھے---

اس کے ہاتھ--- یہ ہاتھ--- سفید رنگ کی پشت اور گلابی ہتھیلی والے ہاتھ--- یہی ہاتھوں کی جنبش نے اس کے دل کے بند کواڑوں کے تالے توڑ ڈالے تھے--- دل گستاخ نے تو چاہا کہ جکڑے ان ہاتھوں کو اور لبوں سے لگا کر کہے۔---- مجھے ان کو ہمیشہ اپنے مضبوط ہاتھوں کے حصار میں رکھنا ہے---- پر کیا کرے وہ اس کی آنکھوں سے بھی اتنی ہی محبت کرتا تھا جو اس کی وجہ سے نم تھیں-----

ٹھیک ہے---- میں چلا جاؤ ں گا--- پھر کبھی واپس نہیں آؤ ں گا--

آواز درد اور کرب سے لڑ کھڑا سی گ ئی تھی---

مت آنا--- خدارا---- وہی سختی ہنوز قائ م تھی---

ندوہ کے ہاتھ ویسے ہی جڑے تھے۔۔۔ لب ویسے ہی پیوست تھے۔۔۔ ناک

کے نتھنے غصے سے پھولے ہوئے تھے۔۔۔

تم خوش رہنا ھدیل کے ساتھ۔۔۔ طنز بھری مسکراہٹ سجا کر کاٹ دار لہجے

میں کہا۔۔۔

تارز کی آنکھوں کے کونے بھیگ گئے تھے۔۔۔

یقینَ ◌ رہوں گی۔۔۔ دانت پیس کر ندوہ نے کہا اور ایک بھر پور نظر اس پر

ڈالی تھی۔۔۔

ہلکی سی مسٹڈ رنگ کی ڈریس شرٹ میں بکھرے بالوں اور بھیگی آنکھوں کے

ساتھ وہ کھڑا تھا۔۔۔ وہ تیزی سے پلٹی تھی ۔۔۔ تیز تیز قدم اٹھاتی وہ نیچے کی

طرف اترتے زینے کے پاس جا رہی تھی۔۔۔

وہی شام ہے ۔۔۔ وہی درد ہے۔۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

جسے کروٹوں نے نبھا لیا۔۔۔۔

جو گزر گ ئی میری خاک پر۔۔۔

اسے بارشوں نے بہا لیا۔۔۔

وہ جو لوگ سمجھے تھے ڈوب گیا ۔۔۔۔

وہی شمس میرے حلق میں ہے

کوئی لفظ تم کو جلا نہ دے۔۔۔

گویا ہم نے خود کو بجھا دیا۔۔۔

مجھے جانا ہو گا۔۔۔ ندوہ مجھے کبھی نہیں مل سکتی ۔۔۔ میں غلط جگہ پر محبت کر بیٹھا ہوں ۔۔۔ یہ میری کہانی نہیں ہے۔۔۔ میں زبردستی اس کی اور ھدیل کی کہانی میں گھس آیا ہوں ۔۔۔ اور جب کسی اور کی کہانی میں گھس کے یہ چاہو کہ وہ تمھاری کہانی بن جائے ۔۔۔ تو ایسا ممکن نہیں ہوتا ۔۔۔

زندگی کی کہانی لکھی جا چکی ہے --- نہ بدلنے کے لیے---- مجھے واپس اپنی کہانی میں جانا ہو گا--- ندوہ ھدیل کی ہے میری نہیں---

****************

اچھا ممانی--- ان دو سالوں میں کوئی غلطی ہوئی ہو تو معاف کر دیجیے گا--- تارز نے سلمی کے آگے سر جھکاتے ہوئے معدب لہجے میں کہا---

وہ آج خان پور واپس جا رہا تھا پارٹ ٹو کے پیپرز ختم ہوتے ہی اس نے وعدے کے مطابق اپنا سامان باندھ لیا تھا--- وہ اب نہ تو ندوہ کو فون پر مسیج کرتا تھا اور نہ تنگ کرتا تھا اس نے یہ باقی کا سارا وقت خاموشی سے کاٹا تھا--- ہاں اتنا ضرور تھا کہ ندوہ کی محبت کو دل سے کھرچ کر باہر نہیں نکال سکا تھا---

ارے بیٹا کیسی باتیں کرتے ہو تم تو میرے بیٹے ہو--- سلمی نے شفقت سے ہاتھ سر پر رکھ کر خفگی بھرے لہجے میں کہا----

تارز نے مسکرا کر جھکا ہوا سر اٹھایا تھا اور محبت سے پاس بیٹھے دادود کی طرف دیکھا تھا جو فرش پر دائیں بائیں چھڑی گھوما رہے تھے اور آنکھوں سے خاموش آنسو گالوں پر بہہ رہے تھے----

اچھا نانا ابو--- اب حدفہ سے کہیے گا کہ آپکو اخبار پڑھ کر سنایا کرے---

داود سے بغل گیر ہو کر تارز نے بھیگے سے لہجے میں کہا---

اس نے آہستہ سے آنکھوں کے نم کونوں کو صاف کیا تھا---

دو سال وہ یہاں رہا تھا اور اس گھر کو اپنا سمجھ کر رہا تھا ہر شخص نے اپنائیت دی تھی--- محبت دی تھی---اور اب دل اداس ہو رہا تھا---

حدید نے اسے کتنا کہا تھا کہ لاہور میں ہی کسی یونیورسٹی میں ایڈمیشن لے

--- لیکن وہ بضد تھا کہ اسلام آباد جائے گا ---

اب کب آؤ گا جلدی چکر لگانا --- اداس کر کے جا رہے ہو--- داود نے

نقاہت بھری آواز میں کہا تھا---

تارز آہستہ سے ان سے الگ ہوا تھا--- اور پاس کھڑی حدفہ کے گلے لگا تھا

جو اداسی اور نارضگی کے ملے جلے تاثر چہرے پر سجائے کھڑی تھی---

ہم-م-م-م-م -- وہ بس ضبط سے اتنی سی ہی آواز نکال سکا تھا---

اچھا پھر میں نکلتا ہوں--- وہ آہستہ سے بیگ کو کندھے پر ڈالتے ہوئے

بولا تھا---

ندوہ سے تو مل لو--- ندوہ---------ندوہ-------- تارز جا رہا ہے---

سلمی نے اونچی آواز میں کمرے کی طرف رخ پھیر کر ہانک لگائی تھی---

ندوہ کا تارز کے ساتھ سرد رویہ سب کو محسوس ہوتا تھا لیکن سب یہی سمجھتے

تھے کے دونوں کی بچپن اے اتنی گہری دوستی تھی کوئی لڑائی تھی ایک نہ

ایک دن ختم ہو ہی جائے گی---

ممانی---- میں خود -- مل آتا ہوں---- تارز نے ہاتھ کھڑا کیا اور مدھم سے

لہجے میں کہتا ہوا وہ کمرے کی طرف بڑھ گیا تھا---

وہ کمرے میں موجود نہیں تھی ہاں واش روم کے پاس پڑی کرسی پر پڑا اس

کا دوپٹہ دیکھ کر اندازہ ہوا تھا وہ شائد واش روم میں تھی -- کتابیں سارے

پلنگ پر بکھری ہوئی تھیں---

وہ جان بوجھ کر اس سے ملنا نہیں چاہتی تھی تارز کو اس بات کو باخوبی اندازہ

تھا وہ آگے بڑھا اور اس کی پاس پڑے پیپر پر اس کے قلم کے ساتھ یہ نظم

لکھ ڈالی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تمہاری زندگی سے میں

بہت سے فاصلے لے کر

تمہیں بس اتنا کہتا ہوں----

کسی کو زندگی سے

اس طرح رخصت نہیں کرتے

کہ مجھ کو زندگی سے جس طرح

تم نے نکالا ہے----

وہ --- دھیرے سے پلنگ سے اٹھا تھا اس کے دوپٹے کو اٹھا کر اس کی خوشبو کو خود میں اتارا اور تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا---

******************

کیوں نہ رو دوں۔۔۔ کب سے میری بچی نے اتنے خواب سجا رکھے تھے۔۔۔ سلمی نے ہچکیوں میں روتے ہوئے کہا۔۔۔اور پاس کھڑے حدید کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ جو کمر پر دونوں ہاتھ رکھے سر پر نماز کی ٹوپی سجائے کھڑے تھے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے ساتھ پڑی کرسی پر ڈھنے کے سے انداز میں بیٹھ گئے۔۔۔۔

اچھا چلو اب بس ابا جی کو آواز جائے گی۔۔۔ سلمی کی پیٹھ پر تسلی کا ہاتھ رکھتے ہوئے مدھم سے لہجے میں کہا۔۔ اور اپنے سر کی ٹوپی اتار کر ہاتھ میں پکڑ کر سر کو نیچے جھکا لیا اور نظریں فرش پر گاڑ دیں۔۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

آپ کو تو بس اپنی پڑی ہے--- میرے دکھ کا اندازہ بھی ہے اتنا اچھا رشتہ تھا--- سلمی نے دوپٹے کے پلو سے گال رگڑے اور روہانسی آواز میں کہا---

5

تو اب کیا کروں ان کے پیر پڑ جاؤں کہ میری بچی کو زبردستی اپنے بیٹے سے بیاہ دو بھئی--- لا حولا ولا------ حدید نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا---

آخر کو تمھاری بہن ہے -- --- ہاتھ کو ہوا میں اچھالتے ہوئے کہا ---

میری بہن کو کچھ نہ کہیں آپ--- وہ تو خود اتنا رو رہی تھی اتنی چاہت کرتی تھی وہ ندوہ کی --- سلمی نے تنک کر انگلی کھڑی کی ---

ھدیل نے رشتے سے انکار کر دیا تھا۔۔۔تارز کو گھر سے گئے ایک سال ہونے

کو آیا تھا۔۔۔اور اس ایک سال میں ندوہ نے ھدیل کی محبت پانے کی ہر

کوشش کر ڈالی تھی ۔۔۔ اسے کال تک کی لیکن وہ بات بھی نہیں کرتا تھا

اور آج راحت خالہ نے روتے ہوئے بتایا کہ وہ ندوہ سے شادی کے لیے انکار

کر چکا ہے۔۔۔

دیکھو سلمی بیگم یہ رشتہ تم نے اور تمھاری بہن نے اپنی خوشی سے طے کیا

تھا اور پھر آج ختم بھی تمھاری بہن نے ہی کر ڈالا میں اس میں کیا کہہ سکتا

ہوں میں تو بس اپنی بیٹی کے اچھے نصیب کی دعا کر سکتا ہوں۔۔۔ حدید نے

مدھم سے صبر کے لہجے میں کہا۔۔۔

یہ بچوں کہ بچپن میں رشتے طے کر دینے کہ میں اسی لیے سخت خلاف ہوں--- وہ ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے تھوڑے رعب سے گویا ہوئے تھے---

۔ تمہیں تب بھی میں ڈھکے چھپے الفاظ میں منع کرتا رہتا تھا---- وہ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو آپس میں پھنسائے آہستہ سے بولے---

اچھا خیر اب کہاں ہے ندوہ--- دونوں گھٹنوں پر ہاتھ رکھے حدید اپنی کرسی سے اٹھے تھے اور بیٹی کے لیے محبت بھرے لہجے میں کہا---

اپنے کمرے میں ہے--- سلمٰی نے روہانسی سی آواز میں سر اٹھا کر کہا---

حدید آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ندوہ اور حدفہ کے کمرے میں آئے تھے سورج نے ڈوبنے کے بعد اندھیرا کر رکھا تھا--- اور آج کسی نے کوئی لائٹ آن نہیں کی تھی--- حدید ساتھ ساتھ صحن اور برآمدے کی لائٹ جلاتے

ہوئے کمرے میں آئے تھے جہاں اندھیرے میں ندوہ گھٹنوں میں منہ دے

کر بیٹھی تھی ---حدید نے کمرے کی لائٹ کے بٹن کو جیسے ہی دبایا تھا

کمرہ روشن ہو گیا تھا اور ندوہ کے اندر کے اندھیرے کو واضح کر گیا تھا---

آجائیں ---ابا------وہ ایک دم سر جھکا کر بولی تھی --کہ اس کی

بھیگی آنکھیں حدید نہ دیکھ لیں---

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے ندوہ کے پاس پڑے پلنگ پر بیٹھ گئے

تھے---

کچھ دیر دونوں نفوس کے درمیان خاموشی رہی ---

جاب ملی پھر---حدید کی محبت بھری آواز نے کمرے کے جامد سکوت کو

توڑا تھا---

جی ----ندوہ نے مدھم سی روہانسی آواز میں کہا---

اور پھر تڑپ کر وہ حدید کے سینے سے جا لگی تھی اور ہچکیوں کے ساتھ رو دی تھی-- حدید اس کے سر پر دھیرے سے تھپک رہے تھے---

ندوہ --- تمہیں میں نے کبھی اپنے بیٹے سے کم نہیں سمجھا--- مجھے تمہیں زندگی کے ہر مقام پر مضبوط دیکھنا ہے--- حدید نے محبت بھرے لہجے میں کہتے ہوئے ندوہ کے چہرے کو اوپر کیا تھا اور اس کے آنسو صاف کیے تھے---

زندگی ایک رشتے کے ختم ہو جانے پر ختم نہیں ہو جایا کرتی میری بیٹی --- زندگی آگے بڑھنے کا نام ہے -- اللہ کے ہر کام میں بہتری ہے--- کل ایک وقت ایسا آئے گا کہ تم خود اس کے لیے شکر بجا لاؤ گی--- ان کی میٹھی آواز ندوہ کی ہچکیوں کو تھمنے پر مجبور کر گ ئی تھی---

وہ آہستہ سے اس کے سر کو تھپکتے ہوئے اٹھے تھے اور باہر نکل گئے تھے---

عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

کہ اس نے بدلا ہے روپ سر عام ابھی

زندگی کچھ اسطرح سے مانوس وصل رہی

کہ بے خبر ہے دل ہجر انجام ابھی----

ندوہ پھر سے تکیے میں منہ دے کر پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی---اس نے ھدیل سے اندھی محبت کی تھی --- بچپن سے جب سے ہوش سنبھالا تھا اس کے نام کو خود سے جڑے سنا تھا--- پھر جب آہستہ آہستہ دل نے ھدیل کے نام پر دھڑکنا شروع کیا--- پھر اس نے خواب بنے--- خوابوں

میں رنگ بھرے۔۔۔ اور اب جب ان خوابوں کے حقیقت میں بدلنے کا

وقت آیا تو ھدیل نے اس کے سارے خواب تار تار کر دیئے تھے۔۔۔

***************

ارے بھئی ایسے نہیں چلنے کا۔۔۔ اس کو کہو کوئی جاب تلاش

کرے۔۔۔ ابتہاج نے چائے کا کپ سیما کے ہاتھ سے لیتے ہوئے ماتھے پر

بل ڈال کر کہا۔۔۔

حبان نے جب ماسٹرز کیا تھا صرف چار ماہ ہی فارغ رہا تھا۔۔اور ان کو دیکھ لو

سال بھر ہونے کو آیا شاعر صاب پلنگ توڑ رہے ہیں۔۔۔ آج پھر ابتہاج کو

دوپہر دو بجے کے قریب تارز پر غصہ آ گیا تھا۔۔۔

وہ فزکس میں اپنی ایم ایس سی مکمل کرنے کے بعد سال بھر سے گھر میں

پڑا تھا اور کوئی اچھی جاب نہیں مل رہی تھی۔۔۔سال بھر سے اس کی یہ

روٹین تھی دوپہر کو تین بجے اٹھتا جم چلا جاتا رات گئے واپس آتا رات کو ریڈیو پر ایک شاعری کا شو کرتا تھا۔۔۔ پھر رات کو ساری رات جاگنے کے بعد وہ صبح کو سو جاتا تھا۔۔۔

اچھا نہ تلاش کر تو رہا ہے۔۔۔ کہہ رہا تھا اسلام آباد ہی کرے گا جاب۔۔۔

سیما نے ازلی انداز میں تارز کی طرف داری کی اور ابتہاج کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔۔۔

تو کر لے نہ کہیں تو کرے پھر۔۔۔ ابتہاج نے خالی کپ غصے سے میز پر رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔ اچھا۔۔۔ آپ بلا وجہ پارہ ھائی کر رہے ہیں۔۔۔ میں بات کرتی ہوں اس سے۔۔۔ سیما نے چائے کے کپ کو اٹھاتے ہوئے ماتھے پر بل ڈال کر کہا تھا۔۔۔

اور پھر آج وہ تارز کے کمرے میں اس کی کلاس لینے کو پہنچ گ ئی تھیں---ایسا مہینے میں دو دفعہ تو ضرور ہوتا تھا باقی مہینہ خوش اصلوبی سے گزر ہی جاتا تھا---

تاری---تاری---تارز کے سر پر سے کمبل کھینچ کر اب وہ اسے آوازیں دے رہی تھیں ---

ہاں جی-------آج پھر صبح صبح ---------- فرمان جاری کرنے آئی ہوں گی آپ اپنے شوہر نامدار کا-------تارز آنکھیں ملتا ہوا اٹھا تھا اور پھر کمر کے پیچھے تکیے رکھتا ہوا وہ تھوڑا سیدھا ہو کر بیٹھا تھا---

شرم کرو تمھارے بابا ہیں--- سیما نے کمبل کو بیڈ پر سے اٹھا کر جھاڑتے ہوئے کہا اور خفا سے انداز میں تارز کو دیکھا---

مجھے تو بابا کم ہٹلر زیادہ لگتے ہیں--- وہ دونوں بازوؤ ں کو ہوا میں اٹھاتا ہوا

انگڑائی لے رہا تھااور لا پرواہی کے انداز میں گویا ہوا---

اچھا چپ کرو-- بتاو وہ اسلام آباد والے انٹرویو کا کیا بنا پھر--- سیما کمبل

ایک طرف سلیقے سے رکھتے ہوئے اس کے ساتھ بیٹھیں اور محبت بھرے

لہجے میں کہا--تھوڑی دیر پہلے کا غصہ ہوا ہو چکا تھا---

مما--- ہو جائے گی جاب --- فکر نہ کریں---- تارز نے سیما کے گرد بازو

حائل کر کے کہا اور سر اس کے کندھے پر ٹکا دیا تھا---

کیوں نہ کروں --- آوارہ یوں بستر میں پڑے رہتے ہو-- سیما نے اس کے

سر پر چپت لگا کر مصنوعی خفگی سے کہا---

حبان سے ہی کچھ سیکھ لو تمھارا ہی بڑا بھائی ہے کیسے سلجھا ہوا ہے ہر کام

کو وقت پر اور کتنی ذمہ داری سے کرتا ہے وہ مجال ہے جو کبھی تمھارے بابا

سے اونچی آواز میں بولا ہو وہ--- اور ایک تم ہو---  وہ اسے اب تھوڑے سخت لہجے میں  سمجھا رہی تھیں اور ساتھ ساتھ حبان کی مثالیں دے رہی تھیں---

اس میں اور حبان میں زمین آسمان  کا فرق رھا تھا--- وہ ہمیشہ وہی کرتا تھا تو جو سیما اور ابتہاج اس کے لیے چاہتے تھے-- اور تارز ہمیشہ وہ کرتا تھا جو وہ چاہتا تھا---

ہاں ---- اور ایک میں ہوں --- جس نے آپ لوگوں کے ناک میں دم کر رکھا ہے--- وہ سیما کے گلے لگ کر جھولنے کے سے انداز میں بولا تھا---

ارے آپ آج سے مجھے کھانا دینا بند کر دیں--- ایک دم سیما کے چہرے کو اپنی طرف گھوماتے ہوئے تارز نے کہا تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

سیما نے غصے سے دیکھتے ہوئے اس کے ہاتھ کو اپنے چہرے سے ہٹایا تھا---

تم سے اچھی تو ندوہ ہے--- حدید بتا رہا تھا یونیورسٹی میں لیکچرر شپ مل گئی ہے اسے -- سیما نے خفا سے انداز میں کہا---

ندوہ کا نام کانوں میں پڑتے ہی جیسے دل میں ایک ٹیس اٹھی تھی--- کہاں بھولا تھا وہ اسے --- ہر پل ہر لمحے میں اس کی یاد کی چبھن تھی ---

کیوں شادی نہیں کرنی اس نے ۔ پہلے تو کہہ رہے تھے اس کی ایم ایس سی مکمل ہونے کے بعد فورا شادی ہے--- ابھی تک کیوں نہیں ہوئی---

اپنے بے ترتیب دل کو سنبھالتے ہوئے پوچھا---

وہ پوچھا جس کے بارے میں ہر وقت اس کے دل میں پھانس رہتی تھی---

شادی کہاں ۔۔۔۔ اس کمبخت ھدیل نے تو دو سال سے منگنی ہی ختم کر رکھی ہے۔۔۔ سیما نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا۔۔۔

اور اس کے سر پر تو جیسے دھماکا ہوا تھا۔۔ بے یقینی سے سیما کی طرف دیکھا ۔۔۔

کہ۔۔۔کیا۔۔۔ مطلب۔۔۔۔۔ کس کی منگنی۔۔۔ زبان لڑکھڑا سی گ ئی تھی۔۔۔۔۔

ارے بھئی اپنی ندوہ کی اتنی پیاری میری بچی۔۔۔ سیما کا چہرہ اداس ہو گیا تھا اور لہجہ پریشان سا ہو گیا تھا۔۔۔

ایک منٹ۔۔۔ایک منٹ۔۔۔ کب ہوا اس کا یہ رشتہ ختم۔۔۔ تارز نے ایک دم سے سیدھے ہوتے ہوئے بے یقینی اور خوشی کی سی کفیت میں پوچھا۔۔

وہ تو تین سال سے خاندان سے اور اس کے ہر معاملے سے بے نیاز رہتا تھا نہ کسی تقریب پر جاتا تھا اور نہ ہی کسی غم میں شرکت کرتا تھا اور اسے آج ندوہ کی بات ختم ہونے کی خبر ملی تھی---

دو سال ہونے کو آئے ہیں---- سیما نے پریشان سے لہجے میں کہا--- بس راحت نے رشتہ لٹکا سا رکھا ہے وہ ھدیل کو مجبور کر رہی ہے ان کو کہہ رہی وہ مان جائے گا بس یہی سب چل رہا ہے پر وہ تو منع کر چکا ہے صاف صاف الفاظ میں---

اچھا---- گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی آواز میں تارز نے کہا---

سیما کب اٹھی کب اس کے کمرے سے نکل کر باہر گ ئی تارز کو کوئی خبر نہیں تھی---

تو ندوہ حدید۔۔۔ تم ہی میری کہانی کا اصل کردار ہو جسے میں کسی اور کہانی کا اہم کردار سمجھ کر چھوڑ آیا تھا۔۔۔ تم میری ہو۔۔۔ یہ ہماری کہانی ہے۔۔۔ تارز کے لب مسکرا رہے تھے ۔۔ دفن کی ہوئی محبت کفن پھاڑے کھڑی تھی اور دل کی دھڑکن کی تیزی اس میں روح پھونک رہی تھی۔۔۔۔

***************

5b

ایک دم سے وہ ماضی کی یادوں سے باہر آیا تھا اور پھر سیڑھیاں پھلانگتا ہوا نیچے داود کے کمرے میں آیا تھا۔۔ اور وہ وہیں تھی ۔۔۔ دواود کی ٹانگیں دباتی ہوئی۔۔۔ اس کو دیکھ کر ایک دم سے سٹپٹا گ ئی تھی۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

نانا ابو--- میں بھی دباؤں--- شرارت بھری نظروں سے ندوہ کی طرف دیکھتے ہوئے بڑے معدب لہجے میں تارز نے کہا---

جب کے لب مسکراہٹ کو دبا رہے تھے-- وہ آہستہ سے ندوہ کے بلکل ساتھ پلنگ پر بیٹھا تھا--

ارے --- تارز آؤ آؤ---- داود نے مسکراتے ہوئے کہا تھا---

ندوہ اس کے پاس بیٹھتے ہی جھٹکے سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی--- تارز نے ایک ہی لمحے میں اس کے بازو کو اپنے ہاتھ میں لیا تھا---

تم کہاں چلی بیٹھو... محبت بھری نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا---لبوں پر وہی شریر مسکراہٹ تھی----

دباؤ --- نانا ابو کو--- مسکراہٹ دبا کر کہا---

جبکہ وہ اپنے ناخن اس کے ہاتھ پر گاڑے اپنا بازو چھڑوا رہی تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ارے بیٹا جانے دے کب سے دبا رہی --- داود نے آہستہ سے کہا---

جانے دیا نانا ابو--- تارز نے اب بازو چھوڑ کر ہاتھ تھام لیا تھا --- اور اپنے

مخصوص انداز میں اس کے ہاتھ کو سینے سے لگایا تھا---

وہ اب غم اور غصے سے سرخ ہو رہی تھی----

ذرا ٹھہرو میری حالت سنبھل جائے تو پھر جانا

---دل بے تاب تھوڑا سا بہل جائے تو پھر جانا

---ابھی تو فرقتوں کے سحر سے نکلا نہیں ہوں میں

--تمھارے وصل کا جادو یہ چل جائے تو پھر جانا

ک ئی صدیوں رہا ہوں کرب کے اس زرد موسم میں

---سنو یہ درد کا موسم بدل جائے تو پھر جانا

میرے دل میں ابھی جینے کی خواہش پھر سے جاگی ہے

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

---یہ ننھی سی تمنا پھول پھل جائے تو پھر جانا

ندوہ مسلسل غصے سے بھری اپنا ہاتھ چھڑوانے کی کوشش میں لگی تھی

---جبکہ تارز مسکراہٹ دبائے ہنوز اس کے چہرے پر نظریں گاڑے بیٹھا تھا

--اور دوسرے ہاتھ سے داود کی ٹانگ دبا رہا تھا

ہاتھ میں اب تکلیف ہونے لگی تھی مسلسل اس کی گرفت سے آزاد کرانے

کی کوشش میں وہ ہلکانے ہوئے چلی جا رہی تھی--- مجھے معلوم ہے تارز تم

یہ سب مجھے یہ جتانے کے لیے کرتے ہو کہ تم دو سال چھوٹے ہی سہی

---لیکن تم مظبوط ہو مجھ سے

ندوہ چلی گ ئی ہے کیا--- داؤ د نے کی آواز پر دونوں لمحہ بھر کو چونکے

---تھے

نہیں نانا ابو--- میرے---- پاس--- ہی تو کھڑی ہے--- تارز نے محبت

پاش نظروں سے تاڑتے ہوئے کہا--- جبکہ آنکھوں میں ہنوز شرارت اور

---ڈھیٹ پن جھلک رہا تھا

---جبکہ ندوہ غصے سے لال پیلی ہوئے جا رہی تھی

---اچھا--- اچھا--- داود نے اپنے محسوسات کی تائید پر مسکرا کر کہا

--بیٹھ جاؤ ندوہ کھڑی کیوں ہو--- تارز نے جان بوجھ کر اونچی آواز میں کہا

ندوہ کے صبر اور برداشت کا پیمانہ لبریز ہی ہو جاتا تھا--اس کی آنکھیں گیلی

ہونے لگی تھیں---اور جیسے ہی اس کی آنکھ میں اٹکا آنسو اس کی گال پر

گرا تھا--- تارز کے چہرے پر سے مسکراہٹ ایک دم سے غائب ہوئی تھی

---اور ہاتھ کی گرفت بھی فورا ڈھیلی ہوئی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے غصے سے بازو سہلاتے ہوئے اسے دیکھا تھا جو اب اس کے رونے

پر پریشان سی صورت بنا کر بیٹھا تھا۔۔۔۔ پھر وہ وہاں کی نہیں تھی تیزی

سے اس کمرے سے نکلی تھی۔۔۔

*****************

ھاں بھئی کیا ہو رہا ہے ۔۔۔ موٹی۔۔۔ تارز نے حدفہ کے سر پر چپت

لگاتے ہوئے کہا۔۔ اور سب پر ایک نظر ڈالی ۔۔۔

وہ شام کے چھ بجے آفس سے گھر آیا تھا۔۔۔ سلمی آنکھوں پر چشمہ نیچے کیے

اخبار پڑھنے میں مصروف تھی۔۔۔ حدفہ پاس بیٹھی کچھ لکھ رہی تھی۔۔۔ جبکہ

دشمن جاں محترمہ صوفے پر ٹانگیں پسارے اپنے فون کی سکرین کو اوپر نیچے

اچھال رہی تھیں۔۔۔

کچھ نہیں تارز بھائی --- آسائن منٹ--- حدفہ نے اپنا سر سہلاتے ہوئے

---مصروف سے انداز میں کہا اور پھر سے کتابوں پر جھک گ ئی

---ندوہ اس کے آنے پر فورا سے اٹھی تھی--- چہرہ سپاٹ ہو گیا تھا

ندوہ ایک چائے کا کپ تو بنا دو--- وہ تارز کے پاس سے گزر کر جانے کو

----تھی جب تارز نے اونچی آواز میں کہا

ندوہ نے خون پی جانے والے انداز میں اسے دیکھا تھا--- اور وہ مسکرا کر

---کندھے اچکا گیا

ہاں --- ندوہ بنا دو ایک میرے لیے بھی بنا دینا---- میں اب کمرے میں

جا رہی ہوں وہیں دے دینا--- سلمی صوفے سے اٹھتے ہوئے ندوہ کے

غصے سے بھرے چہرے سے بے نیاز اسے ہدایت دیتی ہوئی کمرے کی

---طرف چل دی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے ضبط سے لب بھینچے اور کچن کی طرف چل دی۔۔۔۔ ابھی وہ کیتلی

۔۔۔میں دودھ ہی انڈیل رہی تھی جب تارز کچن میں آ دھمکا تھا

میں لا رہی ہوں باہر ادھر آنے کی ضرورت نہیں۔۔۔ ابھی وہ دروازے پر ہی

پہنچا تھا جب ندوہ نے سخت لہجے میں کہا اور ایک ناگوار نظر اس پر ڈالی ۔۔۔

ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کی ہوئی تھی۔۔۔ اور شرٹ کے کف فولڈ تھے۔۔۔

سارے دن آفس میں کام کی تھکان کے باوجود اس کی آنکھیں چمک رہی

تھیں اور لب مسکرا رہے تھے۔۔۔ جو ندوہ کا خون جلانے کا سبب بن رہے

تھے۔۔۔

تم پر اعتبار نہیں زہر نہ ملا دو کہیں چائے میں ۔۔۔ تارز نے دروازے کے

۔۔۔درمیان میں سینے پر ہاتھ باندھ کر شرارت سے کہا

نفرت کی حد تو یہاں تک ہی جاتی ہے-- پر میں تمہیں اس قابل بھی نہیں

سمجھتی کے تمھارا میرے ہاتھوں سے قتل ہو-- ندوہ نے ناگواری سے دیکھ کر

سخت لہجے میں کہا ---

تارز نے اس کی اس بات پر قہقہ لگایا تھا---

ارے---- واہ--- یہ ہوئی نہ بات--- ٹکر ہونی چاہیے نہ--- جتنی میں تم

سے محبت کروں -- تمہیں اتنی ہی نفرت ہو پھر ہی مزہ ہے--- وہ بڑے

شرارتی لہجے میں مسکراہٹ دبا کر اسے اور زچ کر رہا تھا ---

ندوہ نے دانت پیس کر خونخوار نظروں سے گھورا اور دو کپ میں چائے

انڈیلی---

بکواس بند کرو اور یہ چائے لو اپنی---- بڑی بے رخی سے اس کے سامنے

شلف پر چائے پٹختے ہوئے ندوہ نے کہا

---اور دوسرے کپ کو ٹرے میں سجائے وہ باہر نکل گ ئی تھی

جب کے وہ چائے کے کپ کو اٹھا کر لبوں تک لے جاتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا--- وہ اسے ہر انداز میں دلکش لگتی تھی-- غصے میں ---پیار میں --- ہنستے ہوئے--- ڈانٹتے ہوئے--- وہ اپنی سوچوں میں ڈوبا زیر لب ---مسکرا رہا تھا

اوہ--- وہ ایک دم سے گڑ بڑا گیا تھا ---گرم چائے نے لب جلا دئے تھے--

**************

میری بھی شرٹ پریس کر دو--- تارز نے اپنی شرٹ استری کے میز ہر رکھتے ہوئے --- پورے دانت نکال کر اس کی طرف دیکھا اور میٹھے سے لہجے میں کہا---

ندوہ نے ماتھے پر بل ڈال کر ایک بھرپور غصے کی نظر اس کی طرف دیکھا اور

پھر کچھ دور بیٹھے حدید کی طرف جو ٹی وی دیکھنے میں مصروف تھے--- لیکن

تارز نے اتنی اونچی آواز میں کہا تھا کہ وہ بھی مسکرا کر متوجہ ہوئے تھے--

رات کا وقت تھا جب ندوہ اپنے صبح کے کپڑے پریس کر رہی تھی میتھ میں

ایم فل کے بعد اب وہ یونیورسٹی میں لیکچرر شپ کے لیے جاتی تھی--- وہ

اب بہت سنجیدہ اور کم گو ہو گ ئی تھی--- ھدیل کے انکار نے اس کے

--چہرے سے ساری شوخی ہنسی سب کچھ چھین لیا تھا

اچھا سنو--- کالر پر ذرا زور سے مارو نہ استری--- تارز نے اسے بے دلی سے

اپنی شرٹ استری کرتے دیکھا تو شرارتی رگ اور بھڑک گ ئی تھی--- بڑے

مزے سے اس کے سر پر کھڑا اب وہ اسے ہدایت دے رہا تھا- اور ندوہ کا

---ضبط سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا

اور یہ کف بھی--- بڑی محبت سے ندوہ کی طرف دیکھتا اور کبھی چور نظروں سے پاس بیٹھے حدید کو کہ کہیں وہ اس کی یہ حرکتیں نہ نوٹ کر لیں -----نہیں تو کبھی داماد بنانے کو راضی نہیں ہوں گے

بہت اچھے کرتی ہے کپڑے استری تم بیٹھ جاؤ--- آ کر--- اچانک حدید نے رخ موڑ کر کہا--- اور ہاتھ کے اشارے سے اسے اپنے ساتھ آ کر ---بیٹھنے کو کہا

اچھا--- یہ بات ہے-- تو یہ پینٹ بھی کر دو--- تارز نے بھی مسکرا کر حدید کو دیکھا اور پورے دانت نکالتے ہوئے پینٹ بھی ندوہ کے قریب رکھ کر ---مسکراہٹ دباتا ہوا حدید کی طرف چل دیا

ندوہ نے شرٹ استری کر کے ایک طرف رکھی اور اس کی پینٹ استری کیے بنا وہ اندر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گ ئی تھی--- خود کو سمجھتا کیا ہے--

یا مجھے کیا سمجھانا چاہتا ہے--- وہ دانت پیستے ہوئے سوچ رہی تھی ابھی

کمرے میں آئی ہی تھی کہ وہ بھی پیچھے ہی تھا--- ندوہ نے چونک کر ایک

---نظر تارز پر اور پھر ایک نظر سوئی ہوئی حدفہ پر ڈالی

اگر تم سمجھتے ہو کہ تمھاری ان چھچھوری حرکتوں کی وجہ سے میں متاثر ہو کر

تم سے محبت کرنے لگوں گی تو یہ بھول ہے تمھاری سمجھے تم--- ندوہ نے

غصے سے بھری آواز میں دانت پیس کر اور اپنے مخصوص انداز میں انگلی

---کھڑے کرتے ہوئے کہا

میں نے یہ کب کہا---میں تو اپنے کام کروا رہا ہوں تم سے --- تم خود

ہی یہ سمجھ رہی ہو--- تارز نے ہلکا سا قہقہ لگایا پھر معنی خیز نظروں سے

--- دیکھتے ہوئے گویا ہوا

تم آخر کو چاہتے کیا ہو۔۔۔ ندوہ نے غم اور غصے کے ملے جلے لہجے میں کہا۔۔۔

تمھارا عمر بھر کا ساتھ۔۔۔ تارز نے جزبات میں ڈوبی آواز میں کہا۔۔۔ وہ کمرے کے دروازے کے درمیان میں کھڑا اسے ساری دنیا کی محبت آنکھوں میں سموئے دیکھ رہا تھا۔۔۔

۔۔۔ ناممکن۔۔۔ ندوہ نے دو ٹوک انداز میں کہا

ناک غصے سے پھولنے لگی تھی۔۔۔

ممکن۔۔۔ بنا کر رہوں گا۔۔۔ ڈھیٹ پن سے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

ندوہ نے زچ ہو جانے کے انداز سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔وہ اسے پاگل ہی لگ رہا تھا۔۔ جو بہت جلد اسے بھی پاگل کر دینے والا تھا۔۔۔

مما بابا آ رہے کل آپی کے سسرال تو سوچ رہا ہوں بات کر ہی لوں --- تارز

--نے سینے پر ہاتھ باندھ کر خلاف معمول سنجیدہ لہجے میں کہا

-- خبر دار ہر گز نہیں-- ندوہ ایک دم سٹ پٹا گ ئی تھی

حکم کس حق کے تحت اتنا چلاتی ہو --- ہاں--- تارز نے مصنوعی رعب

----دکھاتے ہوئے کہا

کوئی حق نہیں رکھتی میں اور نہ مجھے شوق ہے----ندوہ نے روہانسی آواز میں

---کہا اور واش روم میں گھس گ ئی

اور وہ مسکرا دیا تھا ----کب مانو گی--- کب مانوگی--- تارز نے دھیرے

سے ملکے کی شکل میں ھاتھ کو سینے کی بائیں طرف مارتے ہوئے سوچا

---تھا

****************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہٹاو میرے آگے سے یہ--- ندوہ نے جھٹکے سے تارز کے موبائل پر ہاتھ مارا

---تھا جو ایک طرف جا گرا تھا

کیوں--- دیکھو اس کو وہ کتنا خوش ہے--- تارز نے پھر سے موبائل اٹھا

---کر ندوہ کے سامنے کیا تھا

--ندوہ نے کھا جانے والی نظر سے تارز کی طرف دیکھا تھا

حبان کو ھدیل نے اپنی شادی کی ساری تصاویر ٹیگ کی تھیں جو تارز اب

---ندوہ کو دکھا رہا تھا

وہ یہ ساری تصاویر نہیں دیکھنا چاہتی تھی--- اسے اب اس بات سے کوئی

سروکار نہیں تھا--- وہ اب ان باتوں پر ٹوٹ کر بکھر کر حدید کو اور سلمی کو

--دکھ نہیں دینا چاہتی تھی

ہاں تو رہے مجھے کیا پرواہ-- ندوہ نے اپنا موبائل ہاتھ میں لے کر لاپرواہی

سے کہا --- وہ ضبط کی آخری سیڑھی پر تھی اور تارز اس کی چہرے کے پیچھے

چھپے کرب کی کھوج میں لگا تھا---

تو تم کیوں نہیں خوش رہتی --- بہت بھیگی سی آواز تھی---

وہ ندوہ کو پھر سے ویسا ہی دیکھنا چاہتا تھا--- ہنسنے کھیلنے والی --- زندہ دل

---- لیکن اب وہ ایسی نہیں رہی تھی --- وہ ٹھیک کہتی تھی وہ اب

اس سے دو سال بڑی نہیں تھی بلکہ بہت سے سال بڑی تھی--- لیکن وہ

اسے دل و جان سے چاہتا تھا اس کو کیسے بتائے کے اس کے لیے



For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

جو محسوسات اس کے دل میں ہے وہ کبھی نہیں بدلیں گی-- وہ صرف دل لگی نہیں کرتا اس سے بلکہ بہت محبت کرتا ہے لیکن اس نے تو اپنے دل کی دیواروں کو سیسہ پلائی دیواریں بنا لیا تھا-- جس سے وہ بار بار ٹکریں مار رہا تھا--- اسے لاہور آئے پندرہ دن ہو چکے تھے اور ندوہ کا ہنوز وہی رویہ تھا --- اس کو لگتا تھا وہ اسے اپنی شرارتوں اپنی محبتونں سے جیت لے گا لیکن اب یوں لگتا تھا وہ خود ہار جائے گا---

میں خوش ہی رہتی ہوں تم نے کب مجھے اداس دیکھا ہاں البتہ تم میرے سامنے نہ آیاکرو تو زیادہ خوش رہ سکتی ہوں--- دوٹوک انداز میں کہتی ہوئی وہ سیدھی ہوئی تھی---

یہ تھوبڑا تو حضور آپکو تاحیات دیکھنا ہے---- عادت ڈال لیں محترمہ---

بڑے انداز سے وہ اس کے پاس بیڈ پر بیٹھتا ہوا بولا تھا جبکہ ایک ھاتھ ہوا

میں تھا----

خوش فہمی تمھاری --- اور تمہیں جو شوق چڑھا ہے رشتہ ڈالنے کا ڈال لو شوق

--- سے--- ندوہ کا خون جل کر رہ گیا تھا اس کے اس ڈھیٹ انداز سے

ہاں پورا ارادہ ہے امی ابو آج ادھر آ رہے ہیں ساتھ آپی بھی ہیں میں ان سے

کہوں گا وہ بات آگے بڑھائیں--- مسکرا کر تارز نے کہا اور ایک کہنی بیڈ پر

ٹکا کر بڑے انداز میں محبت سے اس کی طرف دیکھا---

سیاہ جوڑے میں سرخ چہرہ لیے--- بیٹھی تھی ---آنکھیں بلکل کسی بھی

احساس سے خالی تھیں ---

میں انکار کر دوں گی ---- ندوہ نے سختی سے کہا---

سوچ ہے تمھاری تم سے پوچھے گا کون--- بڑے لاپرواہ انداز میں تکیہ اٹھایا

---اور اپنے سر کے نیچے رکھتا ہوا وہ سیدھا لیٹ گیا تھا

میرے ابا--- میں ابا سے کہوں گی --- ندوہ نے اس کے لیٹنے کے انداز کو

---ناگواری سے دیکھا اور دو ٹوک انداز میں کہا

میں ماموں کو یقین دلا دوں گا کہ میں تمہیں ہمیشہ خوش رکھوں گا--- ہلکا

--- سا قہقہ لگایا تھا--- اور آنکھیں اٹھا کر اسے دیکھا

ابا تمھاری نہیں میری بات کا یقین کریں گے سمجھے تم ---- ندوہ کو اب

----تپ چڑھ گ ئی تھی اس پر

اب جاؤ یہاں سے --- مجھے اکیلا چھوڑ دو--- اس کے سر سے اتنی زور سے

---تکیہ کھینچا تھا کہ اس کا سر بیڈ پر زور سے لگا تھا

-- کیوں تم رونا چاہتی ہو--- مسکراہٹ دبا کر کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

----ندوہ نے آنکھیں نکال کر ماتھے پر بل ڈالے

اچھی بات ہے رو کر ھدیل کو دل سے دھو ڈالو --- اس دل پر صرف میری

---حکومت ہو گی--- بڑے معنی خیز اور ڈھیٹ انداز میں کہا

اپنے گھٹیا ڈائیلاگ اپنے پاس رکھو -- میں نہ تو ھدیل کے لیے مری جا رہی

ہوں --- اور نہ ہی تمہیں اپنے دل کے تخت پر سجاؤں گی --- ندوہ نے

---دانت پیستے ہوئے کہا اور بیزار سی شکل بنائی

میرا خیال ہے تم نہیں جاؤ گے مجھے ہی جانا پڑے گا--- وہ ایک دم سے

---ایک ہاتھ میں موبائل اٹھاتی بیڈ سے اترتی ہوئی بولی تھی

ارے ارے---- غصہ نہیں جانے والا ہوں--- تارز ایک دم سے جھٹکے کی

---صورت میں اٹھا تھا

--- اٹھ کر اپنا موبائل نکالا

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

ویسے جوڑی اچھی لگ رہی ہے ھدیل کی -- اپنے موبائل ہر نظریں جما کر

---وہ بے اختیار ہی کہہ گیا تھا

---ندوہ کا رنگ ایک دم سے پھیکا پڑا تھا--- اور پھر وہ وہاں نہیں رکی تھی

--- دور تھا اک گزر گیا

----نشا تھا اک اتر گیا

---اب وہ مقام ہے جہاں

---اپنی آرزو بھی نہیں تیری تلاش بھی نہیں

وہ بھاری دل کے ساتھ بھاری قدم اٹھاتی -- داود کے کمرے میں جا رہی تھی ایک وہی تھے جو اس کے آنکھوں سے بہتے لاوے کو نہیں دیکھ سکتے تھے---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

*************

یہ میں اور ابتہاج ترس کھا کر نہیں کہہ رہے ہیں --- سیما نے حدید کے

---ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے کر کہا

---حدید نے تشکر بھری نظروں سے دیکھا تھا

میں دل سے چاہتی ہوں --- ندوہ ہمارے گھر کی بہو بنے---- سیما نے

---مسکرا کر اب سلمی کی طرف دیکھا جو نم آنکھیں لیے بیٹھی تھی

ندوہ جیسی سلجھی ہوئی بچی ہمارے گھر میں آئے اس سے بڑھ کر ہماری کیا

--- خوش نصیبی ہو گی-- ابتہاج نے بھی گفتگو میں حصہ ڈالا تھا

درست کہہ رہے ہیں آپ لیکن --- ندوہ سے پوچھنا ضروری ہے--- حدید

---نے سر جھکا کر کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ ابتہاج کی بہت عزت کرتا تھا--- اور آج ندوہ کا رشتہ مانگنے پر حدید کی نظر

---میں ابتہاج کی یہ عزت اور بڑھ گ ئی تھی

ہاں توپوچھیں نہ --- مجھے پتہ ہے وہ کبھی انکار نہیں کرے گی--- سیما

---نے میٹھی سی مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا

بے شک -- میری بچی ایسی ہی ہے--- حدید نے محبت بھری نظروں سے

---سیما کی طرف دیکھا

سیما -- تم نے میرے دل پر پڑا منوں بوجھ کم کر دیا--- سلمی نے سیما

---کے گلے لگتے ہوئے کہا

ارے ایسی باتیں کیوں کرتی ہو -- سیما نے سلمی کی پشت کو آہستہ سے

---تھپکتے ہوئے محبت سے کہا

میں تو اس دفعہ ابتہاج کو لے کر ہی اس لیے آئی ہوں تمھاری طرف۔۔۔ہم

تو تب سے سوچ کر بیٹھ تھے جب سے ھدیل کے رشتے کی شش و پنج چل

رہی تھی۔۔۔ اب جب پرسوں اس کی شادی کا پتہ چلا تو ۔۔۔ سیما کچھ

۔۔۔شرمندہ سی ہو کر چپ ہوئی تھی

بس سیما بہت بڑی غلطی ہو گ ئی اتنی دیر آس لگائے بیٹھی رہی۔ سلمی پھر

۔۔۔سے رو دی تھی اور اپنے ہی دوپٹے سے آنسو صاف کرنے لگی

یہ سب قسمت کے کھیل ہیں۔۔۔ تم دیکھنا ندوہ میرے گھر میں بہت خوش

رہے گی۔۔۔۔ سیما نے مسکراتے ہوئے سلمی کے جھکے چہرے کو اوپر کیا

۔۔۔تھا

سیما۔۔۔سیما۔۔۔میرے پاس آ جا بیٹی ۔۔۔ داؤ د جو اتنی دیر سے بس خاموش

۔۔بیٹھے تھے اب نقاہت بھری کانپتی آواز میں بولے

جی ابا۔۔۔ سیما محبت سے اٹھ کر ان کے پلنگ تک آئی تھی اور پھر ان کے گلے لگ گ ئی تھی۔۔۔

تو نے آج ۔۔۔ اپنے بوڑھے باپ کا سر فخر سے اونچا کر دیا۔۔۔ داؤد نے سیما کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں لیا تھا۔۔۔ اور اس کا ماتھا چوما تھا

ابا۔۔۔ یہ آپ لوگوں کی نہیں میری خوش قسمتی ہے۔۔۔ سیما نے مسکرا کر سب کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

سب کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے۔۔۔۔۔۔

****************

مہک بیٹا تھوڑی دیر کے لیے باہر جاؤ گی تم اور حدفہ ۔۔۔ ہمیں ندوہ سے کچھ بات کرنی ہے۔۔۔ سلمی نے مسکراتے ہوئے حدفہ اور مہک سے کہا تھا۔۔۔

حدفہ جو مہک کے دو سال کے بیٹے کو گود میں لے کر بیٹھی تھی مسکراتی ہوئی باہر نکلی تھی --- اور مہک ندوہ کی طرف محبت سے دیکھتی ہوئی زیر لب مسکراتی ہوئی باہر نکلی تھی---

ندوہ کا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا تھا--- اچھا تو تارز ابتہاج تم نے کر ہی دیا جو تم نے کہا تھا---

ندوہ جو پلنگ پر ٹانگیں پسارے بیٹھی تھی جلدی سے ٹانگیں سمیٹ تھیں--- سلمی اس کے ساتھ پلنگ پر جبکہ حدید سامنے پڑی کرسی پر بیٹھ گئے تھے---

ندوہ--- ہم تم سے بہت محبت کرتے ہیں --- اور ہمیں اس بات پر بھی یقین ہے کہ تم بھی ہمیں بہت چاہتی ہو ہماری عزت کرتی ہو--- حدید نے ٹھہر ٹھہر کر میٹھے سے لہجے میں کہنا شروع کیا تھا --

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

سلمی ان کی باتوں کی تائید میں صرف سر ہی ہلا رہی تھی لیکن اس کے

چہرے پر سجی مسکراہٹ اس کے اندر کی خوشی کا واضح ثبوت تھی---

اوہ میرے خدایا اب میں ابا کو کیسے انکار کروں گی--- کیا کہوں گی میں ان

سے --- کہہ مجھے کیوں نہیں کرنی تارز سے شادی--- کیا کہوں گی مجھے

بڑی عمر کے شوہر پسند ہیں میں اس کے ساتھ کبھی خوش نہیں رہ سکوں

گی---اففف میرے خدا میرے اس جواز کو تو ابا رد کر دیں گے -- ندوہ لب

کچلتے ہوئے سوچ رہی تھی----

تمھاری پھپھو تمھارے لیے رشتہ لے کر آئی ہیں بہت چاہت کے

ساتھ---ہم دونوں اس رشتے سے بہت خوش ہیں --- حدید نے مسکراتے

ہوئے بڑے مان سے کہا---

ندوہ نے بیچارگی سے سلمی کی طرف دیکھا ----

پھر بھی تمھاری ہاں ہمارے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے--- حدید نے اگلی

بات بھی اسی محبت بھرے لہجے میں کی----

حبان بہت اچھا لڑکا ہے تمہیں بہت خوش رکھے گا--- حدید نے محبت

بھرے لہجے میں کہا---

ندوہ نے چونک کر نظر اٹھائی تھی --- کیا کہا تھا ابا نے تارز نہیں حبان

اسے اپنے کانوں پر یقین نہیں آیا تھا --- ---

ایک دم سے جیسے سکون کی لہر اسے وجود میں سرائیت کر گ ئی تھی---

ابا جیسے آپ لوگ مناسب سمجھیں--- ندوہ نے مدھم سی آواز میں کہا

تھا---

****************

یہ کس چیز کہ مٹھائی اور شور کیوں ہو رہا اتنا۔۔۔ تارز نے گلاب جامن اٹھا

۔۔ کر منہ میں رکھی حیرانگی سے حدفہ کی طرف دیکھ کر پوچھا

جو اس کے سامنے مسکراتی ہوئی مٹھائی کا ڈبہ لیے کھڑی تھی۔۔۔وہ ابھی

شام کو چھ بجے آفس سے گھر آیا تھا ۔۔۔ رات سیما ۔۔ مہک اور ابتہاج دیر

سے پہنچے تھے صبح وہ جلدی آفس کے لیے نکل گیا تھا۔۔ اب لوٹا تو گھر میں

۔۔۔شور شرابا تھا ہر طرف قہقے اور خوشی کا سماں تھا

لو جو تارز بھائی کو کسی نے بتایا ہی نہیں تھا۔۔۔ حدفہ نے ماتھے پر ہاتھ مارا

اور پاس کھڑی مہک سے کہا جو اپنے بیٹے کو گود میں اٹھائے کھڑی مسکرا

۔۔۔رہی تھی

تارز نے نہ سمجھی کے انداز میں ایک نظر حدفہ اور پھر ایک نظر مہک پر ڈال

۔۔۔۔کر ہونٹ تھوڑے باہر نکالے۔۔۔اور سر کو نفعی میں ہلایا

ندوہ آپی آپ کی بھابھی بننے جا رہی ہیں--- حدفہ نے پر جوش انداز میں چھکتے

ہوئے کہا---

تارز ایک دم ساکن ہوا تھا--اپنی سماعتوں پر یقین نہیں آ رہا تھا---

کہ---کیا مطلب----لڑ کھڑاتی سی زبان میں پوچھا جب کہ آنکھیں سکڑ

گ ئی تھیں اور ماتھا شکن آلودہ ہو گیا تھا---

مطلب کیا حبان بھائی اور ندوہ کا رشتہ طے کر دیا ہے--- مہک نے لا پرواہ

انداز میں کہا وہ اپنے بیٹے کو سلانے کے غرض سے ہلکا ہلکا جھولنے کے انداز

میں ہل رہی تھی---

تارز کے لب ایک دم پیوست ہوئے تھے-- گردن کی رگیں پھول گ ئی

تھیں اور چہرہ سرخ ہو گیا تھا----

وہ تیزی سے کمرے کی طرف بڑھا تھا جہاں سے شور و غل سنائی دے رہا

تھا--- جیسے ہی کمرے میں داخل ہوا تو سب سے پہلے نظر سامنے سر

جھکائے بیٹھی ندوہ پر پڑی جو سلیقے سے سر پر دوپٹہ جمائے ابہتاج اور سیما

کے درمیان میں بیٹھی تھی--سب لوگ مسکرا رہے تھے اس کے آتے ہی

شور اور بڑھ گیا تھا سب اس کو اس عجیب رشتے کے طے ہونے کا بتا رہے

تھے جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ ایسا ہو سکتا ہے---ندوہ

نے سر اوپر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا اور پھر ایک فاتحانہ مسکراہٹ اس

کے لبوں پر ابھری تھی---تارز کا منہ اتر گیا تھا دونوں کی نظریں ملی

تھیں--- ندوہ پر سکون تھی--- اور تارز کے اندر کی تڑپ اور کرب اس کے

چہرے پر واضح تھا----ایک لمحہ ٹھہر گیا تھا --- ایک دم سے جیسے تارز کو

ہوش آیا تھا -- وہ سیما کے پاس ہوا تھا

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

مما--- مما میری بات سنیں---تارز نے مدھم سی آواز میں دانت پیستے

--- ہوئے سیما کے کان میں سرگوشی کی

ایک منٹ --- سیما باتوں میں مصروف تھی لاپرواہی سے مسکراتے ہوئے

---اس سے بے نیازی برتی

مما ابھی ایک منٹ نہیں---تارز نے تھوڑا غصے کے انداز میں دانت پیستے

---ہوئے کہا

ندوہ نے محوزوز ہوتے ہوئے تارز کی حالت کو دیکھا -- اس کا تڑپنا -- اس

کو سکون دے گیا--- اب تمہیں پتہ چلا تارز ابتہاج کہ سب لوگ میرے

---ساتھ ہیں یا تمھارے ساتھ وہ پھر سے مسکرا دی تھی

سیما کو اس کا غصہ دیکھ کر اٹھنا ہی پڑا پر تجسس انداز میں وہ اٹھیں تھیں

اور تارز کے پیچھے چل دی تھیں وہ تیزی سے چلتا ہوا ڈرائیبنگ روم میں آیا

تھا ---

باقی سب لوگ داؤ د کے کمرے میں بیٹھے تھے---وہ سیما کو ذرا الگ یہاں

لے آیا تھا---

ہم۔مم۔م۔ بولو کیا مصیبت آن پڑی تمہیں سارے بڑے باتیں کر رہے

تھے بیچ میں سے اٹھا کر لے آئے مجھے--- ڈرائینگ روم میں آتے ہی سیما

نے تنک کر تھوڑا ڈانٹنے کے انداز میں کہا---

مما حبان سے ندوہ کا--- تارز نے پریشانی سے ماتھے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے

بات شروع کی---

ہاں تو کیا۔۔ ۔۔۔۔۔تارز کے رک جانے پر سیما نے سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

۔۔۔ حبان مان گیا۔۔۔۔ ایک دم سے تارز نے بات کا رخ بدلہ

مان جائے گا تمھارے جیسا نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔ سیما کو تارز کے عجیب سے انداز پر غصہ آ رہا تھا۔۔۔

مطلب اس سے ابھی تک بات نہیں ہوئی۔۔۔۔ تارز نے ایک دم سے انگلیوں کو لبوں پر رکھتے ہوئے حیرانگی سے پوچھا۔۔۔

ہاں تو اس سے پوچھنے کی ضرورت بھی کیا ہے ہمیشہ سے ہماری ہر بات مانتا آیا ہے ہماری مرضی کے مطابق زندگی گزارتا آیا ہے۔۔۔ سیما نے تیوری چڑھا کر کہا اور تارز کے چہرے کا غور سے جائزہ لیا۔۔۔

لیکن یہ اس کی زندگی کا بہت اہم فیصلہ ہے--- تارز نے مسکین سی شکل

--- بنا کر ایک اور پتا پھینکا

چھوڑو تم ہم جانتے ہیں حبان کو اور تمہیں کیا مسئلہ ہے تمہاری تو اتنی

دوستی ہے ندوہ سے تمہیں خوشی نہیں ہوئی کیا-- سیما نے چڑ کر کہا اور

--- عجیب نا سمجھی کی حالت میں تارز کے پریشان حال چہرے کو دیکھا

بس چھوڑیں آپ--- تارز نے غصے سے بازو جھٹکا اور تیزی سے کمرے سے

--- باہر نکلا

سیڑھیاں پھلانگتا ہوا وہ اپنے کمرے میں آیا لب کچلتے ہوئے کمرے کے دو

---چکر لگائے اور پھر جیب سے موبائل نکال کر انگلیاں چلائی یں

ہاں -- کیسے ہو-- دوسری طرف سے جیسے ہی حبان نے فون اٹھایا تارز نے

---جلدی سے بے چین سی آواز میں کہا

-- سلام تو کر لو پہلے--- حبان نے مخصوص انداز میں طنز کیا تھا

دونوں کی بچپن سے ہی نہیں بنتی تھی ایک تو مہک کے درمیان میں ہونے کی وجہ سے گیپ زیادہ تھا دونوں میں دوسرا عادات ایک دوسرے سے یکسر مختلف تھیں---

تمھاری یہاں بات پکی کر دی -- اپنی طرف سے تو تارز نے حبان کے سر پر دھماکا ہی کیا تھا---

--ہاں بتایا مجھے بابا نے--- حبان نے پر سکون انداز میں کہا

تو --- ------ تارز کا سانس ہی تو اٹک گیا تھا گھٹی سی آواز میں بس تو ہی نکل سکا منہ سے---

تو کیا------ ------ حبان نے حیران ہو کر اس کی بات کو دھرایا تھا----

اسے لگا تھا حبان کو خبر ہو گی تو وہ شائد کوئی ایکشن لے گا پر اس کا

اندازہ بلکل غلط ثابت ہوا وہ واقعی میں مما بابا پر چھوڑ چکا تھا اپنی زندگی کا

فیصلا ۔۔۔ کٹھ پتلا کہیں کا۔۔۔ تارز نے فون بند کیا اور زور سے بیڈ پر مارا

۔۔۔۔

****************

تمھارا دماغ ٹھیک ہے تارز ۔۔۔ مہک نے آنکھیں پھیلا کر اور منہ حیرانگی سے

کھولتے ہوئے کہا۔۔۔

آپی نہیں خراب ہو چکا ہے۔۔۔ پلیز کچھ کرو۔۔ تارز نے بے چارگی سے مہک

کی طرف دیکھا وہ واقعی میں بہت پریشان لگ رہا تھا۔۔

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

حبان سے مایوس ہو جانے کے بعد اب تارز نے مہک کو مسیج کر کے اوپر

اپنے کمرے میں بلایا تھا---

پاگل ہو کیا تم --- ندوہ اتنی بڑی تم سے لڑکے اپنی عمر سے کوئی پانچ چھ

سال چھوٹی لڑکی مانگتے اور ایک تم ہو-- چار پانچ سال بڑی ہے تم سے

-- وہ--- مہک کو اس کی بے تکی محبت پر حیرت سے زیادہ غصہ آیا تھا

کیونکہ وہ سب لوگ اسے ابھی بہت چھوٹوں کی طرح ٹریٹ کرتے تھے---

ارے بس کریں آپی--- دو سال ہے صرف -- اب جس بندے سے بھی

بات کروں گا وہ سال بڑھاتا جائے گا اس کی عمر کے--- مجھے یہ بتائیں

لگتی ہے کیا وہ مجھ سے بڑی--- تارز نے بھی برابر غصہ دکھایا تھا---

لگتی اور ہونے میں فرق ہوتا تارز --- اور یہ بڑھی ہوئی شیو اور مونچھیں یہ

سب اسی لیے کیا ہوا تم نے--- مہک نے تارز کے چہرے کو غور سے اور

---ناگواری سے دیکھا

تارز نے اب ہلکی سی شیو اور مونچھیں رکھنی شروع کر دیں تھیں جس کی وجہ

--- سے وہ بڑا لگتا تھا چہرے سے

آپی یہ سب چھوڑیں بس آپ بات کریں سب سے --- تارز نے چڑ کر کہا

--- اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ جلدی سے جلدی یہ نیا ٹنٹا ختم ہو اور

---اس کی بات چلے

کیا ندوہ بھی یہی چاہتی ہے--- مہک نے ٹھہرے سے لہجے میں غور سے

---تارز کے چہرے کو کھوجتے ہوئے کہا

----نہیں--- تارز نے نظریں چرا کر ارد گرد دیکھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تو تم واقعی پاگل ہو۔۔۔ یہ وقتی تمھارے سر پر خمار چڑھا ہوا ہے ۔۔ پاگل وہ جلدی بوڑھی ہو جائے گی اور تم جوان ہو گے۔۔۔ مہک نے اس کو سمجھانے کی غرض سے اس کے ماتھے پر انگلی رکھ کر اسے زور سے پیچھے کو دھیکلا

بس کریں آپی یہ فضول باتیں ۔۔آپ بس یہ رشتہ ختم کروا کر میرا ۔۔۔کروایں۔۔۔ تارز نے غصے سے مہک کے بازو کو جھٹکا

فضول بات میں نہیں تم کر رہے ہو۔۔۔ایسا کچھ بھی نہیں ہو گا تم اپنا ۔۔دماغ درست رکھو۔۔۔ مہک ایک دم سے غصے میں کہتی ہوئی اٹھی تھی اور خبردار ایسی کوئی بھی ضد کی بابا کا پتا ہے نہ ۔۔۔ تمھاری ویسے بھی فیور کر کر کے میں اور مما تھک چکے ہیں۔۔۔ مہک نے تیزی سے اسے ڈانٹتے ۔۔۔ہوئے کہا

جانے دو مجھے اب علیا رو رہا ہو گا--- وہ اسے گھور کر نا گواری سے دیکھتے

ہوئے نیچے جا چکی تھی---

*************

---یہ کیوں کیا تم نے--- تارز نے سرگوشی کی آواز میں کہا

ندوہ داؤ د کو دبا کر ابھی ان کے کمرے سے نکلی ہی تھی جب تارز اس کا

منہ دبا کر کھینچتا ہوا ڈرائیںنگ روم میں لے آیا تھا ایک جھٹکے سے اسے

چھوڑتے ہوئے اب وہ کانپتی سی غصے میں بھری آواز میں کہہ رہا تھا---

کہنا کیا چاہتے ہو-- ندوہ نے غصے سے اپنا بازو سہلاتے ہوئے کہا--

اسے تارز کے ایسے غصے کو دیکھ کر کوئی حیرانگی نہیں ہوئی تھی -- اسے پتہ

تھا اب وہ اپنی بیو قو فی میں ایسا کچھ ضرور کرے گا----

تمہیں معلوم ہے میں کتنا چاہتا ہوں تمہیں۔۔ تڑپ جیسے لہجے میں تارز نے

۔۔۔کہا۔۔۔ اب وہ بے بس اس کے سامنے دونوں ہاتھ کمر پر رکھے کھڑا تھا

اور تمہیں بھی یہ پتہ ہے میں بلکل نہیں چاہتی ہوں تمہیں۔۔ ندوہ نے پر

سکون لہجے میں کہا اسے اب تارز سے خوف نہیں آ رہا تھا وہ حبان سے رشتہ

۔۔۔ہو جانے پر پر سکون تھی

۔خدا کا واسطہ اب جو ہمارے بیچ رشتہ بننے جا رہا ہے اس کا ہی احترام

۔۔۔کرنا۔۔۔ ندوہ نے اس کے آگے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا

ہاتھ تم نہیں میں جوڑتا ہوں تمھارے آگے ۔۔۔ تارز نے دونوں ہاتھ جوڑ کر

۔۔اپنے سر کے قریب کیے۔۔۔ اور سر نیچے جھکا لیا

۔۔پلیز ندوہ میری محبت پر یقین کرو۔۔۔ مدھم سی آواز تھی

ٹھیک ہے کر لیا یقین --- تو کیا----- مجھے تو نہیں ہے محبت تم سے---

---تارز نے لب بھینچتے ہوئے اپنے سامنے کھڑی اس پتھر دل لڑکی کو دیکھا

تو کیا حبان سے ہے تمہیں محبت--- بھیگی سی مدھم سی آواز اندھیرے کمرے میں گونجی تھی---

---ہو جائے گی --- ندوہ نے بھی مدھم سی آواز میں پر سکون لہجے میں کہا

7

تو اس طرح مجھ سے بھی ہو جائے گی--- تارز نے سختی سے دانت پیستے ہوئے کہا---

-- تم سے کبھی نہیں ہو گی--- ندوہ نے ہنوز اسے انداز میں کہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تارز سر جھکائے کھڑا رہ گیا تھا۔۔۔ اور وہ پاس سے گزرتی ہوئی باہر نکل گئی تھی۔۔۔

اب میری آخری امید حبان ہے۔۔۔ دل میں کچھ سوچتا ہوا وہ بھی وہاں سے نکل گیا تھا۔۔

******************

ایک ہفتے کی چھٹی لے کر آ گئے ہو خیر ہے۔۔۔ ابتہاج نے کن اکھیوں سے ایک نظر تارز پر ڈال کر طنز بھرے لہجے میں کہا جو دو بجے کے قریب اٹھ کر اب آنکھیں ملتا ہوا اپنے کمرے سے باہر نکلا تھا۔۔۔

جی ۔۔۔۔ خیر ہے۔۔۔ ۔۔۔۔ تارز نے مختصر جواب دیا جان چھڑوانے والا انداز تھا۔۔۔

وہ رات بہت دیر سے خان پور پہنچا تھا سب لوگ سو چکے تھے وہ سیما کو

مختصر بتاتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا تھا کہ وہ ایک ہفتے کی چھٹی لے کر

آیا ہے--- وہ حبان سے بات کرنے کا عزم لے کر آیا تھا-- وہ ندوہ کو

حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنا چاہتا تھا-- دل کے ہاتھوں مجبور تھا

-- جو ایک دفعہ هدیل کی وجہ سے تو پیچھے ہو گیا تھا لیکن اب کسی قیمت پر

---پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں تھا

---تارز چلتا ہوا سامنے کچن میں کھڑی سیما کے پاس آ گیا

مما حبان --- ٹوکری میں سے سیب اٹھا کر ہاتھ میں لیتے ہوئے وہ بھاری

-- سی خماری بھری آواز میں بولا

وہ نکل گیا ہے آفس کے لیے---- خیریت --- سبزی بناتے ہوئے

---مصروف سے انداز میں سیما نے کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---کچھ نہیں--- سیب کھاتے ہوئے پریشان سے لہجے میں کہا

---بڑی جلدی نہیں شادی رکھ دی--- تارز نے آنکھیں سکیڑتے ہوئے کہا

کیوں دو ماہ ہیں بڑی جلدی تھوڑی ہے--- سیما نے عجیب سی نظروں سے

---تارز کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

پھر بھی دو ماہ صرف --- ---تارز نے پھر سے اسی لہجے میں کہا اور پاس

-- پڑی ڈائی‌نگ ٹیبل کی کرسی کو گھوما کر الٹے رخ کو بیٹھ گیا

تمہیں کیا مسئ‌لہ ہے حبان کی ہے تمھاری تو نہیں ہے -- تم نے کونسا

لاہور سے کام کروانے آ جانا ہے وہی بیگانوں کی طرح وقت پر ہی پہنچو

گے--- تھوڑی دور بیٹھے ابتہاج سے رہا نہیں گیا تھا--تنک کر طنز بھرے

---لہجے میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

مما ایک بات تو بتائیں--------- تارز نے تھوڑا رازدانہ انداز اپناتے ہوئے

---سیما سے کہا

میں آپ دونوں کا ہی بیٹا ہوں--- آواز میں مصنوعی تجسس بھر کر

---پوچھا

تمہیں اگر عقل کی کوئی بات کہہ دیں تو ایسے شروع ہو جاتے ہو--- ابتہاج

---اس کی بات پر بھڑک کر بولے تھے

میں بھی دو گھڑی اگر آپ لوگوں کے پاس بیٹھ جاؤں تو آپ لوگ طعنے ہی

دیتے رہتے ہو--- تارز غصے سے کرسی پر سے اٹھا تھا اور اس کے تیز تیز

---قدموں کا رخ اپنے کمرے کی طرف تھا

*****************

---حبان سے ملنا ہے---- تارز نے سامنے کھڑے آدمی سے کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ حبان کے آفس آیا تھا ۔۔گھر میں حبان سے بات کرنا مناسب نہیں تھا

اس لیے وہ اس کے آفس پہنچ گیا تھا کہ یہاں سے اسے لے کر وہ کسی

جگہ پر بیٹھ کر اسے سمجھائے گا۔۔۔ وہ یہی سوچ کے زیر اثر اس کے آفس

پہنچ گیا تھا۔۔۔

سر وہ لنچ ٹائم ہے اس وقت آپکو وہ کیفے ٹیریا میں ملیں گے۔۔ لڑکے نے

جواب دے کر مسکرا کر دیکھا۔۔۔

اوکے تھنکیو۔۔۔تارز مصاحفہ لیتا ہوا کیفے ٹیریا کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔

جیسے ہی وہ کیفے ٹیریا کی طرف آیا تو سامنے کے منظر نے اس کے قدموں کو

تھمنے پر مجبور کر دیا تھا ۔۔۔

حبان ایک لڑکی کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا جو رو رہی تھی اور حبان اس کے

سامنے سر پکڑے بیٹھا تھا ۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

پھر وہ لڑکی غصے سے اٹھی تھی اور تیز تیز قدم اٹھاتی باہر کی طرف آرہی تھی

وہ ابھی بھی ہاتھ کی پشت سے اپنے آنسو صاف کر رہی تھی--- جبکہ حبان

---وہیں پریشان حال سر کو ہاتھوں میں جکڑے بیٹھا تھا

لڑکی تیز تیز قدم اٹھاتی تارز کے پاس سے گزرتی ہوئی آفس سے باہر کے راستے

---کی طرف جا رہی تھی

تارز کو ایک دم سے جیسے ہوش آیا تھا--- وہ حبان کو وہیں چھوڑ کر اب لڑکی

----کے پیچھے ہو لیا تھا

---ایکسکیوزمی--- تارز نے مدھم سی آواز میں کہا

لڑکی اپنی کار کا لاک کھول رہی تھی اور ساتھ ساتھ اپنے بہتے آنسو صاف کر

رہی تھی-- تارز کی آواز پر اس نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا-- وہ

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کافی لبرل سی خوبصورت لڑکی تھی جس کی ظاہری حالت سے وہ کافی اچھے گھرانے کی لگ رہی تھی---

وہ --- مجھے آپ سے بات کرنی ہے -- تارز نے مہذب لہجے میں کہا---

لڑکی نے ناگوار سی نظر ڈالی ---

لیکن مجھے کسی سے بات نہیں کرنی--- لڑکی نے سخت لہجے میں کہا اور پھر گاڑی کا لاک کھولنے میں مصروف ہو گئی تھی---

ایک منٹ--- ایک منٹ--- میری بات سنیں--- میں تارز ہوں حبان کا چھوٹا بھائی-- تارز نے تیزی سے اسے اپنے بارے میں بتایا تھا---

جس پر ایک دم سے دروازہ کھولتے ہوئے اس کے ہاتھ رک گئے تھے--

***************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

میری حبان سے ملاقات یونیورسٹی میں ہوئی تھی--- وہ مجھ سے سینیر

تھے--- تانیہ نے نظریں جھکا کر مدھم سے لہجے میں کہا

تارز اس کے سامنے بلکل خاموش بیٹھا تھا-- وہ حبان کے آفس کے پاس ہی

---ایک ریسٹورانٹ میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے ہوئے تھے

شروع شروع میں --- میں ان سے سٹڈی میں ہیلپ لینے جاتی تھی---پھر

ہماری دوستی ہوئی--- اور کب یہ دوستی گہری محبت میں بدل گ ئی مجھے

پتہ بھی نہ چلا--- تانیہ آنسوؤ ں کے زیر اثر بھاری سی آواز میں تارز کو اپنی

---رام کہانی سنا رہی تھی

اچھا تو مما بابا کا لاڈلا سپوت--- جس کے گن گاتے نہیں دونوں تھکتے

تھے-- ایک جاندار قسم کی محبت کرتے تھے اور ہم میں سے کسی کو کانوں

---کان خبر نہیں تھی--- تارز نے لبوں پر مسکراہٹ سجا کر سوچا تھا

حبان مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں مجھے یقین ہے اس بات کا لیکن اب آ کر وہ اس پانچ سال کے ریلشن کو ختم کر رہے ہیں کیونکہ آپ کے پرینٹس نے ان سے پوچھے بنا ان کا رشتہ ------ تانیہ کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا وہ پھر سے رونے لگی تھی---

پلیز--- روئیں مت--- تارز ایک دم سے اس کے یوں رونے پر پریشان ہو گیا تھا--- جلدی سے پاس پڑے ٹشو باکس کو اس کے قریب کیا تھا---

تو اور کیا کروں --- اتنی مشکل سے میں نے اپنے پیرینٹس کو حبان کے لیے راضی کیا تھا--- وہ میری شادی اپنے کسی دوست کے بیٹے سے کرنا چاہتے تھے ان کے ٹرمز میری وجہ سے خراب ہوئے ---- وہ اب ٹشو سے ناک اور آنکھیں پونچھتے ہوئے بھاری سی آواز میں کہہ رہی تھی---

آپکی شادی حبان سے ہی ہو گی۔۔۔ تارز نے مسکراتے ہوئے اپنے سامنے بیٹھی لڑکی کی طرف دیکھا۔۔۔

جی۔۔۔ تانیہ نے بے یقینی اور حیرانگی سے تارز کی طرف دیکھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔ لیکن اس کے لیے آپکو میرا ساتھ دینا ہو گا۔۔۔ تارز نے ارد گرد دیکھتے ہوئے مدھم سے لہجے میں کہا۔۔۔

کیسا ساتھ۔۔۔ تانیہ نے پر تجسس انداز میں دیکھا تھا۔۔۔

جو میں کہوں گا وہ کرنا ہو گا۔۔۔ تارز نے مسکرا کر شرارت سے بھری آواز میں کہا۔۔۔

لیکن حبان۔۔۔ ۔۔۔ تانیہ نے پھر روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

دیکھیں مس۔۔۔ تارز نے تانیہ کی طرف انگلی کی اور پھر اس کا نام جاننے کے لیے سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---تانیہ--- مدھم سے لہجے میں تانیہ نے حیران سی شکل بنا کر کہا تھا

اوکے مس تانیہ یہ جو میرا بھائی ہے نہ -- یہ اپنا امیج خراب ہونے سے ڈرتا

ہے جو یہ ہم سب کے سامنے اپنا بنا چکا ہے-- اور کوئی مسئلہ نہیں۔

آپ بس سب مجھ پر چھوڑ دیں --- وقت آنے پر آپکو وہ سب کرنا ہے جو

--- میں کہوں گا--- تارز نے بڑے ٹھہرے لہجے میں کہا

---تانیہ پریشان سی ہو کر لب کچلنے لگی تھی

پریشان نہ ہوں کوئی خطرے کی بات نہیں ہو گی--- مجھ پر بھروسہ

---رکھیں--- تارز نے مسکراتے ہوئے کہا تھا

---- اور سامنے بیٹھی تانیہ نے سر ہلا دیا تھا

اپنا نمبر دیں مجھے ابھی آپکو وہ سب کرتے جانا ہے جو میں کہوں -- حبان کو

کسی طرح بھی یہ شک نہ ہو کہ میں یہ سب آپ کو کرنے کو کہہ رہا

---ہوں--- تارز نے رازدار انداز میں کہا اور اپنے فون کو جیب سے نکالا

بھابھی --- بھابھی لکھ سکتا ہوں---تارز نے شرارت بھری مسکراہٹ

---چہرے پر سجا کر سامنے بیٹھی تانیہ سے کہا

-- تانیہ نے دھیرے سے مسکرا کر سر اثبات میں ہلا دیا تھا

---ایک بات پوچھوں -- تانیہ نے تھوڑا جھجھکتے ہوئے کہا تھا

---جی --- تانیہ کا نمبر محفوظ کرتے ہوئے تارز نے آنکھیں اوپر اٹھا کر دیکھا

آپ یہ سب کیوں کر رہے میرے لیے--- تانیہ نے شرمندہ سے لہجے میں

---کہا

میں نے سنا ہے دو پیار کرنے والوں کو ملا دیں تو ان کی دعا سے آپکا پیار آپکو مل جاتا ہے--- بس آپ دعا دے دیں مجھے-- تارز نے معنی خیز انداز میں کہا---

*************

ہے----وائس اپ برو--- تارز ایک دم سے حبان کے کمرے کا دروازہ کھول کے اندر آیا اور دھڑام سے بے تکلفی سے اس کے بیڈ پر گرتے ہوئے کہا---

حبان جو اپنے لیپ ٹاپ پر کچھ کام کر رہا تھا ماتھے پر بل ڈال کر تارز کی طرف دیکھا---جو آرام سے اس کو دیکھ کر دانت نکال رہا تھا

تمہیں کتنی دفعہ کہا ہے دروازے پر دستک دیا کرو پہلے--- جبان نے غصے

---میں کہا--- اور لیپ ٹاپ کی سکرین کو بند کیا

کیوں آپ کیا کر رہے تھے--- تارز نے ازلی ڈھیٹ پن کا مظاہرہ کرتے

---ہوئے شرارت سے کہا

---کچھ نہیں --- حبان نے سنجیدہ سے انداز میں مختصر جواب دیا

---تارز ایک دم اٹھ کر کھڑا ہوا تھا

اٹھیں ذرا --- اٹھیں تو--- اب وہ حبان کو بازو سے پکڑ کر کھڑا کر رہا تھا

---اور شرارت بھرے لہجے میں کہا

--کیا ہوا --- حبان حیران سا ہوتا ہوا کھڑا ہوا اور ارد گرد دیکھتے ہوئے کہا

بہت بہت مبارک ہو--- تارز بڑے پرجوش انداز میں کہتا ہوا حبان سے بغل

----گیر ہوا تھا

--کس بات کی --- حبان نے نہ سمجھی کے انداز میں کہا تھا

ارے شادی ہونے والی اس کی ---تارز نے چہرہ سامنے کرتے ہوئے

---پرجوش انداز میں کہا اور حبان کو بازوؤ ں سے پکڑ کر خوشی سے ہلایا

---حبان نے پریشان ہو کر اس کی شکل کو دیکھا

خیر ہے --شادی میری خوش تم ایسے ہو رہے جیسے تمھاری--- حبان نے

--- عجیب سے انداز میں مسکراتے ہوئے کہا اور پھر سے بیڈ پر بیٹھ گیا

ارے آپکی خوشی میں خوش ہو رہا تھا-- تارز نے کان کھجاتے ہوئے کہا

----

آفس آئے تھے میرے خیریت اور پھر بات بھی نہیں کی ویسے ہی چلے بھی

گئے--- حبان نے پھر سے لیپ ٹاپ کی سکرین کھولتے ہوئے مصروف

---سے انداز میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

او ہاں ---آیا تھا--- کچھ مدد چاہیے تھی --- اپنے لیے --- پر پھر سوچا

----آپکی ہی مدد کر دوں---تارز نے معنی خیز انداز میں کہا

----جبکہ آنکھیں خوشی اور شرارت سے چمک رہی تھیں

---کیا مطلب--- حبان نے ایک دم حیران ہو کر تارز کی طرف دیکھا تھا

وہ----وہ---- مطلب یہ کہ --- لائی یں ندوہ کا نمبر دوں ---بات شات

کریں اس سے بھئی--- تارز نے خجل ہو کر فورا اپنی بات کا رخ بدلہ

---تھا

مجھے کوئی شوق نہیں بات کرنے کا---حبان نے سڑے سے لہجے میں

---کہا---اور نظریں لیپ ٹاپ پر جھکا لیں

آئے --- ہائے----- نخرے تو دیکھو-----تارز نے ہوا میں ہاتھ کو لہراتے

---ہوئے شرارتی انداز میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

--حبان نے گھور کر اسے دیکھا تھا

اوئے---چل یار--- نکل میرے کمرے سے--- کیا دماغ کھانے آ گیا

---ہے--- حبان کو اس کی کمینی سی ہنسی پر چڑ ہو رہی تھی

اب آپ ۔میری انسلٹ کر رہے ہیں--- بدلہ لوں گا اس کا--- تارز نے

---مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے منہ پر ہاتھ پھیر کر کہا

تاری---- تو اٹھتا ہے کہ--- حبان ایک دم سے لیپ ٹاپ ایک طرف رکھ

----کر لب کو دانتوں میں دبا کر اٹھا تھا

آ جائیں ---آ جائیں ---تارز ایک دم سے ہوا میں مکے چلانے لگا

---تھا----وہ آج پوری طرح شرارت کے موڈ میں تھا

مما----مما----- یہ دیکھیں آ کر تارز کو---- حبان نے کمرے کے

---دروازے سے ہی ہانک لگائی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کیا یار شادی ہونے جارہی ابھی بھی بچوں جیسا بی ہیو کر رہے میرے

ساتھ---تارز نے خفا سے لہجے میں کہا---

دفعہ ہو جا میرے کمرے سے--- حبان نے غصے سے گھورا اور ہاتھ کا

اشارہ کمرے کے دروازے کی طرف کیا---

اچھا اچھا--- جا رہا ہوں------تارز مسکراہٹ دباتا ہوا کمرے سے نکلا

تھا---

یار کوئی اہمیت ہی نہیں میری اس گھر میں--- ادھر میرے سسرال میں

سب میری اتنی عزت کرتے--- وہ بڑ بڑاتا ہوا اپنے کمرے کی طرف جا رہا

تھا--- ہونٹوں پر جاندار مسکراہٹ تھی

*************

اے جگر۔۔۔ کیسا ہے تو۔۔۔ طلحہ پر جوش انداز میں آگے بڑھا تھا اور خوشی

کے لہجے میں کہتا ہوا وہ تارز کے گلے لگا تھا۔۔۔۔

ٹھیک یار۔۔۔ تو سنا۔۔۔ڈاکٹر بن گیا مزاج ہی نہیں ملتے جناب کے۔۔۔ تارز

نے اس سے الگ ہو کر شرارتی انداز میں کہا۔۔۔

ابے۔۔۔ چل جھوٹے۔۔۔ بدل خود گیا۔۔۔ لاہور کبھی اسلام آباد۔۔۔ ہم

جیسے چھوٹے شہر کے لوگوں کو کیا جانے تو۔۔۔ طلحہ نے مصنوعی خفگی

دکھائی۔۔۔

ایسی کوئی بات نہیں۔۔ سنا کیسی جا رہی تیری ڈاکٹری۔۔۔تارز نے کرسی پر

بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

سہی جناب --- تو نے سہی اپنی پسند کی فیلڈ پکڑی--- کیسی جا رہی جاب کمپنی تو بہت اچھی ہے سنا ہے--- ۔ طلحہ نے بھی ساتھ پڑی کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا---

طلحہ تارز کا سکول فیلو تھا-- دونوں کی گہری دوستی تھی اور ڈاکٹر بھی دونوں ہی بننا نہیں چاہتے تھے--- لیکن طلحہ اپنی مرضی کرنے سے ڈرتا تھا

فٹ جا رہی --- بس وہ کچھ کام تھا چھٹی لے کر آیا تھا--- تارز نے ماتھے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا---

اچھا--- طلحہ نے غور سے سنتے ہوئے سر ہاں میں ہلایا---

تیری --- کچھ مدد چاہیے ---- تارز نے کچھ جھجکتے ہوئے کہا--

ہاں--- حاضر جناب --- آپ حکم تو کریں--- طلحہ نے مسکرا کر پر جوش انداز میں کہا---

بس یار ۔۔۔ تو اگر تعاون کر دے نا چار زندگیاں سنور جائیں گی۔۔۔ تارز نے

۔۔۔ پرسوچ انداز میں کہا

کر دوں گا۔۔۔۔ جان بھی حاضر۔۔۔ پہلی دفعہ تو کچھ مانگ رہا ہے۔۔۔ طلحہ

۔۔۔۔ نے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا

۔۔۔تارز نے اسے اپنا سارا منصوبہ سمجھایا تھا۔۔وہ سر تائید میں ہلاتا رہا تھا

تو بس پھر ۔۔۔ نومبر کی پندرہ تاریخ کو ۔۔تارز نے ایک دم سیدھے ہوتے

۔۔۔۔۔ہوئے کہا تھا

کوئی نہیں یار ۔۔۔ پورا ہاسپٹل ۔۔۔ اپنا ہے۔۔۔ فکر ہی نہ کر۔۔۔ طلحہ نے

۔۔۔۔مسکرا کر اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا تھا

اس دن میری شادی بھی ہے تو سب کچھ سنبھالنا تو نے ہے بس۔۔۔ تارز

۔۔۔ نے تھوڑا شرماتے ہوئے کہا۔۔۔اور مسکراہٹ دبائی

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

اوئے--- بیغیرت--- اصل بات سب سے آخر میں بتا رہا---- طلحہ ایک

--دم سے پرجوش ہوا تھا

---دونوں کے قہقے کمرے میں گونج رہے تھے

نہیں نہیں بتانے والا تھا--- انفیکٹ--- ولیمے پر انوائیٹ بھی کروں

---گا---تارز نے چہرے کی خوشی کو چھپاتے ہوئے کہا

بڑی بات ہے--- کون ہے--- طلحہ نے شرارت سے آنکھ دباتے ہوئے

---پوچھا

----ماموں کی بیٹی ہے---تارز نے لب بھینچتے ہوئے مسکرا کر کہا

---آئے---چہرہ دیکھ اپنا---- -- طلحہ نے قہقہ لگاتے ہوئے کہا

----تارز بھی قہقہ لگا گیا تھا

*************

ابھی آپ کو یہ کرنا ہے--- کہ آپکو حبان سے ملنا ہے---- اور کہنا ہے

کہ--- آپ اس پورے دو ماہ میں اس کے ساتھ پوری زندگی جینا چاہتی

ہیں--- تارز نے بڑے سنجیدہ انداز میں کہتے ہوئے ---چور نظر سے چھت

---کے دروازے کی طرف دیکھا

اسے ہر وقت اپنے ہونے کا احساس دلائیں --- مسیجز کریں---فون

کالزکریں لمبی لمبی--- تارز --فون پر تانیہ سے بات کر رہا تھا اور ساتھ ساتھ

---چھت پر ٹہل رہا تھا

اسے کہیں --- میں اور کچھ نہیں چاہتی تم سے بس--- یہ دو ماہ مجھے دے

--دو--- تارز نے بڑے انداز میں کہا

---اوکے---تانیہ اس کی ہر بات کا جواب بس مختصر ہی دے رہی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہم۔م۔م۔م۔ یہ دیکھ لیں اسے شک نہ ہو۔۔۔۔ اور رونا دھونا بلکل ختم کریں ۔۔ اسے سے اپنے پچھلے قصے ڈسکس کریں۔۔۔ تارز نے بڑے سنجیدہ انداز میں کہا۔۔۔۔

۔۔۔ٹھیک ہے۔۔۔ تانیہ کی بے یقینی جیسی آواز ابھری تھی

۔۔۔ مجھ پر بھروسہ رکھیں۔۔ تارز نے لب بھینچ کر کہا

۔۔۔جی۔۔۔۔ تانیہ نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا تھا

۔۔۔تو جیسا میں کہہ رہا ہوں ویسا کریں۔۔۔ تارز نے مسکرا کر کہا تھا

۔۔۔اوکے۔۔۔۔ تانیہ کی بھی پرسکون آواز آئی تھی

۔۔۔گڈ۔۔ لک ۔۔۔ بھابھی۔۔۔ تارز نے ہلکا سا قہقہ لگا کر کہا تھا

۔۔۔ تھنکیو۔۔۔۔تانیہ کی بھی ہلکے سے قہقے والی آواز ابھری تھی

**************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کیا ہو رہا موٹی ---تارز نے اپنے مخصوص انداز میں حدفہ کے سر پر چپت لگائی تھی ---

وہ ایک ہفتے کے لیے گیا تھا لیکن تین دن میں ہی واپس آ گیا تھا آج صبح سوتے رہنے کے بعد دوپہر کو وپ نیچے آیا تھا جب سارے دوپہر کا کھانا ابھی ختم کرنے کے بعد بیٹھے ہی تھے ---

---ندوہ نے چونک کر اس کے شرارتی انداز کو کن اکھیوں اے دیکھا تھا

کچھ نہیں--- اتنا بھاری ہاتھ آپ کا ---- حدفہ نے منہ پھلا کر اپنا سر سہلایا تھا ----

کیسے تھے سب گھر میں--- سلمی نے تارز کو صوفے پر بیٹھتے دیکھ کر مسکرا کر پوچھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ایک دم فرسٹ کلاس ممانی -- سلام کہہ رہی تھیں مما آپکو۔ بڑے خوشگوار

---موڈ میں تارز نے کہا اور مسکراتے ہوئے ندوہ پر بھرپور نظر ڈالی

ہلکے سے گلابی رنگ کے جوڑے میں اونچی پونی میں گھنے بال سمیٹے وہ سنجیدہ

------سے چہرے کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی

اور --- حبان نے سلام بھیجا کسی کو سپیشل۔ --- تارز کی شرارت کی رگ

پھر سے بڑھکی تھی شریر آنکھوں کے ساتھ ندوہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا---

---جبکہ لب بری طرح مسکراہٹ دبانے کی کوشش میں لگے تھے

ندوہ کے ماتھے پر ایک دم سے بل پڑے تھے --- وہ ایک جھٹکے سے اٹھ کر

---جانے لگی تھی جب تارز نے بازو تھاما تھا

ارے کہاں جا رہی ہیں--- ابھی اور بھی کچھ ہے--- تارز نے شرارتی لہجے

---میں کہا

ندوہ مے حیران ہو کر تارز کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ وہ اتنا خوش تھا ۔۔۔ لب

۔۔۔۔مسکرا رہے تھے آنکھیں چمک رہی تھیں

ندوہ غصہ کیوں کر رہی ہو۔۔۔چھیڑ ہی رہا تمہیں۔۔۔ سلمی نے خفگی سے ندوہ

۔۔۔کی طرف دیکھ کر ڈانٹنے کے سے انداز میں جھاڑا

ممانی حبان نے ۔۔ کچھ پیسے دیے ہیں۔۔ کہہ رہا تھا شاپنگ کروا دینا ندوہ کو

ساتھ لے جا کر سپیشل میری طرف سے۔۔ تارز نے بڑی معصوم سی شکل

۔۔۔بنا کر کہا

ندوہ نے حیرانی اور پریشانی کے ملے جلے تاثر سے دیکھا۔۔تارز کی دماغی حالت

۔۔پر شک گزرا وہ کیسے اتنا خوش ہو سکتا اس کی اور حبان کی شادی پر

اچھا۔۔۔ واہ۔۔۔ سلمی نے خوش ہوتے ہوئے کہا اورپیار بھری نظروں سے

۔۔ندوہ کی طرف دیکھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

8

مجھے نہیں کرنی کوئی شاپنگ--- ندوہ نے ناک پھلا کر کہا--- اور کھا جانے والی نظر تارز پر ڈالی جو دانت نکال رہا تھا---

پاگل لڑکی ایسے کیوں کہہ رہی--- سلمی نے ماتھے پر بل ڈال کر ڈانٹنے کے انداز میں کہا--

---تارز جائے گی یہ--- سلمی نے انگلی کا اشارہ ندوہ کی طرف کیا

شام کو پھر تیار ہو جانا-- تارز نے مسکراہٹ دبا کر پاس سے گزرتی ندوہ کی طرف دیکھ کر کہا---

---میں بھی جاؤں گی ساتھ--- حدفہ نے پر جوش انداز میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

وہ گاڑی خراب ہے --- بائیک پر جانا ہے--- تارز نے گردن کھجاتے

ہوئے ایک اور جھوٹ بولا --

---حدفہ نے رونے جیسی شکل بنائی

تم آرام سے بیٹھو گھر تم نے جا کر کیا کرنا--- سلمی نے گھورتے ہوئے

---حدفہ کو دیکھا جو منہ بسور کر رہ گ ئی تھی

تارز اٹھ کر اپنے کمرے میں آیا ہی تھا جب ندوہ غصے میں بھری وہاں آئی

تھی ---

کیا ہے یہ سب اب-- ندوہ نے دانت پیستے ہوئے کہا --اور سینے پر ہاتھ

باندھے----

---مطلب----تارز نے کندھے اچکا کر دیکھا

---جو بھی یہ نیچے کہہ رہے تھے--- ندوہ نے سختی سے کہا

شادی ہے --- دلہا اپنی مرضی سے اپنی دلہن کو کچھ دلانہ چاہتا ہے اور

--بس--- مسکراہٹ دبا کر شرارتی آنکھوں کے ساتھ کہا

جسٹ شٹ اپ--- تم کیوں کر رہے یہ سب--- ندوہ نے نہ سمجھ آنے

---والے انداز میں چڑ کر کہا

کیوں حبان میرا بھائی ہے میں نہیں کروں گا تو اور کون کرے گا--- تارز

--نے مصنوعی معصومیت چہرے پر سجائی

مجھے کوئی شاپنگ نہیں کرنی--- ندوہ نے کھا جانے والی نظر ڈالی اور سختی

---سے کہا

مطلب تم خوش نہیں اس شادی سے --- تارز نے آنکھ دبا کر قہقہ لگاتے

---ہوئے کہا

---میں نے ایسا کچھ نہیں کہا--- ندوہ نے غصے سے دیکھا

تو پھر خوشی خوشی چلو شام کو-- تارز نے محبت بھری نظروں سے شرارتی انداز

میں کہا--

---ندوہ پیر پٹختے ہوئے بڑابڑاتی کمرے سے نکلی تھی

---جا رہی ہو پھر نہ--- تارز نے پیچھے سے اونچی آواز میں کہا

---اور سیڑھیاں اترتے ہوئے وہ اندر تک جل گ ئی تھی

*********

گاڑی کو کیا مس ئی لہ ہے اب ---ندوہ نے اسے بائیک سٹارٹ کرتے

---دیکھ کر ناگواری سے کہا تھا

---خراب ہے--- مختصر جواب دے کر وہ بائیک سٹارٹ کر چکا تھا

جھوٹ بول رہے تم --- ندوہ نے کن اکھیوں سے اس کے چہرے کا

---جائزہ لیتے ہوئے کہا

سلمی نے زبردستی اسے تارز کے ساتھ بھیجا تھا۔۔۔ وہ بار بار نا جانے کی ضد

کرتی رہی تھی لیکن سلمی نے اس کی ایک نہیں سنی تھی ۔۔۔

سچ کہہ رہا ہوں ۔۔۔ چلو بیٹھو۔۔۔ تارز نے بائیک پر بیٹھ کر مسکراتے ہوئے

کہا تھا ۔۔۔

جانا کہاں ہے۔۔۔ وہ اب بھی شک میں مبتلہ غصے سے بھری سوالات پر

سوالات کر رہی تھی ۔۔۔

جیولر کے پاس۔۔۔ سیٹ دلوانا ہے۔۔۔ حبان نے کہا تھا۔۔ تارز نے

معصوم سی شکل بنا کر کہا ۔۔۔

تو میں آٹو میں چلی جاتی ہوں ۔۔۔ ندوہ نے پھر سے جواز گھڑا ۔۔۔

بائیک ہے نہ ۔۔۔ اور میرے پاس پیسے نہیں کریڈٹ کارڈ ہے صرف ۔۔

زبردستی چہرے پر سنجیدگی تاری کرتے ہوئے کہا ۔۔۔

---آگے ہو تھوڑا سا--- ندوہ نے غصے سے کہا

اب ہینڈل پر چڑھ جاؤں تو بائیک کیسے چلاؤں گا --- تارز نے مصنوعی خفگی بھری شکل بنا کر کہا اور پیچھے مڑ کر ندوہ کی طرف دیکھا تھا--- جو برا سا منہ بنائے کھڑی تھی---

ندوہ شکن آلودہ ماتھے لیے اس کے پیچھے بیٹھی تھی---تارز کے لب ایک دم مسکرا دیے تھے--- آنکھوں میں شرارت بھری تھی---

ندوہ اس سے کچھ فاصلہ دے کر بیٹھی تھی اور بائیک کو پیچھے سے پکڑا تھا---

تارز بار بار چہرے کا رخ موڑ رہا تھا--- دل کی دھڑکن بے ترتیب تھی تو لبوں پر جاندار مسکراہٹ تھی--- تو ندوہ حدید قدرت بھی ہم دونوں کو ملانا چاہتی ہے-- میرا حبان کے آفس جانا اور اسی وقت تانیہ کو دیکھنا--- اب پندرہ

نومبر کو تم حبان کی نہیں تارز ابتہاج کی دلہن بنو گی --- اور آج کی یہ ساری شاپنگ اسی خوشی میں میری جان --- تارز اپنے پیچھے بیٹھے نفوس کی نفرت سے یکسر بے نیاز خواب سجا رہا تھا--- جولیر کے شاپ پر ایک جھٹکے سے بائی یک رکا تھا--- ندوہ نے گرنے سے بچنے کے لیے ایک دم سے تارز کے کندھے کو تھاما تھا---

ہمم۔ مممم اترو--- تارز نے بھیگی سی آواز میں کہا تھا--- اس کے ہاتھ کا لمس پشت سے سرائیت کرتا ہوا دل کے پمپ ہونے کی رفتار کو بڑھا چکا تھا---

---وہ خاموشی سے اتر کر اس کے ساتھ جولیر شاپ میں داخل ہوئی تھی کوئی اور--- دکھائی یں--- تارز مصروف انداز میں مختلف سیٹ نکلوا رہا تھا

---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے دانت پیستے ہوئے اسے دیکھا تھا---ایسے پسند کر رہا جیسے یہ لے کر

دے رہا ہو--

میرا خیال ہے میں پسند کر لوں--- حبان نے میرے لیے بھیجے ہیں

پیسے--- ندوہ نے طنز بھرے انداز میں دانت پیستے ہوئے تارز کو اپنی طرف

متوجہ کیا---

اوہ--- ہاں --- کیوں نہیں--- تارز ایک دم سے خجل سا ہوا تھا--

یہ والا دکھائیں گے پلیز--- ندوہ نے ایک نازک سے سیٹ کی طرف اشارہ

کیا تھا---

میڈم پہن کر چک کر لیں --- سامنے کھڑے آدمی نے تارز کے پاس

پڑے آئی ینے کی طرف اشارہ کیا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے نکلیس کو جیسے ہی گلے میں پہن کر نظر اوپر اٹھائی تو تارز اس کے

--سامنے آئی ینہ لے کر کھڑا تھا

بہت اچھا لگ رہا ہے--- تارز بے اختیار کہہ گیا تھا--- وہ بہت خوبصورت

-----لگ رہی تھی اس کی معصوم سی شکل پر وہ نکلیس جچ گیا تھا

---ندوہ نے گھور کر تارز کی طرف دیکھا تھا

---یہ کر دیں--- مسکرا کر شاپ کیپر کو نکلیس پکڑایا تھا

جوس پیو گی---- واپسی پر بائیک چلاتے اچانک تارز نے تھوڑا پیچھے ہو کر

---ندوہ سے کہا تھا

اس نے ندوہ کو ایک بہت خوبصورت ڈریس لے کر دیا تھا اور کچھ اور چیزیں

اس نے اپنی پسند سے لی تھیں وہ اتنی پر سکون ہو کر شاپنگ کر رہی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تھی--- تارز کا دل کر رہا تھا اپنا سارا بنک بیلنس اس پر لٹا دے---وہ بار

بار پوچھ رہی تھی اور کتنے رہتے پیسے --

نہیں دیر ہو رہی جانا چاہیے اب --- ندوہ نے جوس پینے سے صاف انکار کیا

تھا---

--ارے چلتے ہیں ---تارز نے پر سوچ انداز میں کہا

کھانا کھانے کا تارز نے کہا وہ بھی اس نے منع کر دیا پھر اب جوس کارنر کو

دیکھ کر تارز سے رہا نہیں گیا تھا---

ایک منٹ اترو میں ابھی لایا---تارز نے اس کی بات ان سنی کرتے

ہوئے کہا ---

وہ روٹھے سے انداز میں اتری تھی--- اور ایک طرف لگی کرسی پر بیٹھ گ ئی

تھی---

۔ہم م۔م۔م لو۔۔۔ تارز نے مسکراتے ہوئے اس کی طرف گلاس بڑھایا تھا

۔۔۔ ۔ندوہ نے کچھ سوچتے ہوئے گلاس اس کے ہاتھ سے لے لیا

ندوہ اب جو رشتہ بننے جا رہا ہے۔۔۔ میرا خیال ہے ہمیں سب بھلا کر اس کو

نئے سرے سے شروع کرنا چاہیے۔۔۔ تارز نے بڑے مدھم سے لہجے میں

۔۔۔بات شروع کی تھی

۔۔۔ندوہ نے چونک کر اسے دیکھا اور اس کے الفاظ پر غور کیا تھا

میں تیار ہوں۔۔۔ندوہ نے پر سوچ انداز میں لیکن سپاٹ لہجے کے ساتھ

۔۔۔کہا

لیکن تم وعدہ کرو دوبارہ کبھی مجھے اس حوالے سے تنگ نہیں کرو گے۔۔۔

۔۔۔ندوہ ناک چڑھا کر ناگواری سے کہا

۔۔۔تارز نے قہقہ لگایا تھا

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

تنگ تو بہت کروں گا ساری زندگی --- ہاں لیکن اب کسی اور حوالے سے

---کیا کروں گا--- اب خوش

ندوہ نے بے یقینی سے اسے دیکھا تھا اور دھیرے سے سر اثبات میں ہلا

---دیا

تارز میں نہ کہتی تھی یہ سب تمہاری بیو قوفی ہے صرف --- جسے تم محبت

محبت کہتے تھے---اب ہمارا رشتہ کیا بدلہ چار دن میں تمھارا نشہ بھی اتر گیا

------ ندوہ کے ہونٹ مسکرا دئے تھے

اچھا پھر سلیبریٹ کرتے ہیں نہ چلو اب تو کھانا کھانے چلیں نہ--تارز نے

--- بچوں کی طرح ضد کرتے ہوئے کہا

---ندوہ نے کچھ دیر سوچنے کے بعد سر ہاں  ہلا دیا تھا

***************

جی تو کیسی پروگریس ہے---تارز نے فون کان کو لگائے ہوئے کال کی

---دوسری طرف موجود تانیہ سے سوال کیا

وہ اپنے کمرے سے معلق چھوٹے سے ٹیرس پر کھڑا تھا ایک ہاتھ میں

---سگریٹ سلگ رہا تھا اور دوسرا ہاتھ فون کان کو لگائے ہوئے تھا

شروع میں تو بلکل بات نہیں کر رہے تھے لیکن اب کرنے لگے ہیں---

---تانیہ کی پریشان سی آواز ابھری تھی

گڈ---اور آپ کیسی ہیں----تارز نے چہرے پر مسکراہٹ سجا کر کہا اور

----نیچے گلی کی طرف دیکھا

---بس ابھی تک نا امید سی ہے --- تانیہ نے مدھم سی مایوس آواز میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

مجھ پر بھرسہ کریں گی آپ--دیکھیں آپ یوں پریشان ہوں گی تو -- میرا

حوصلہ بھی پست ہو گا---- تارز نے تانیہ کا حوصلہ بڑھانے کے لیے مٹھاس

---بھری آواز میں کہا اور کمرے کی طرف رخ کیا

ندوہ اس کے بلکل پیچھے ساکن کھڑی تھی----تارز ایک دم سے گڑ بڑا گیا

---تھا

ایک -- منٹ--- میں بعد میں بات کرتا ہوں آپ سے--- تارز نے آہستہ

----سی آواز میں کہتے ہوئے فورا فون بند کر دیا تھا

تمہیں ---- دادا جی --- نیچے بولا رہے ہیں---- ندوہ نے ماتھے پر بل ڈال

---کر ناگوار سی آواز میں کہا تھا

---آتا ہوں--- تارز نے کان کھجاتے ہوئے کہا

ندوہ نے کن اکھیوں سے تارز کا اوپر سے نیچے تک جائزہ لیا تھا۔۔۔اور بے

زار سی شکل بنائی۔۔۔ ٹھرکی کہیں کہ۔۔۔ ندوہ نے دانت پیستے ہوئے

سوچا۔۔۔ اس نے جتنی بھی بات سنی تھی اس سے اس بات کا اندازہ تو

باخوبی ہو گیا تھا تارز کسی لڑکی سی بات کر رہا تھا۔۔۔ کتنا عجیب ہے یہ۔۔۔

کل تک تو مجھ پر مرا جا رہا تھا اور اب اتنی جلدی وہی سب کسی اور لڑکی کے

۔۔۔لیے کر رہا ہے۔۔۔۔ندوہ نے ایک دم سے جھر جھری لی تھی

وہ تارز کے ساتھ اب نارمل بے ہیو کرتی تھی ۔۔۔ لیکن دل سے ایک دفعہ جو

۔۔۔۔اس کا معیار گر چکا تھا اسے بحال کرنا بہت مشکل تھا

**************

چائے بنا دو گی۔۔۔ تارز نے تھکی سی آواز میں کہا اور صوفے پر ڈھنے کے

۔۔۔سے انداز میں بیٹھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

شادی کو بس اب کچھ دن ہی باقی تھے۔۔ تارز آفس سے آتا تو سلمی اور ندوہ

تیار ہوا کرتی تھیں۔۔ ۔۔ ان کو لے کر بازار نکل جاتا ۔۔۔ اور رات گئے

تھک کر واپس آتا۔۔۔ عجیب ہی دلہا ہوں اپنی دلہن کی شاپنگ میں خوار ہو

رہا ہوں۔۔۔ ڈھیروں شاپنگ بیگز ندوہ اور سلمی کے ساتھ پکڑ پکڑ کر ان کے

پیچھے چلتے وہ اکثر یہی سوچتا۔۔۔ شاباش بیٹا ۔۔۔ محبت کرنا آسان ہے۔۔۔پانا

بہت مشکل ۔۔۔ آج بھی وہ رات گیارہ بجے شاپنگ سے واپس آئے تھے

جب اس نے ندوہ کو چائے کے لیے کہا اس کے سر میں درد ہونے لگا تھا

عورتیں عجیب ہوتی ہیں ۔۔۔ ایک دوکان میں بار بار چار چکر لگاتی ہیں۔۔۔۔ وہ

۔۔۔ پاگل سا ہو جاتا تھا ان کے ساتھ

ہاں ۔۔۔ بنا دیتی ہوں۔۔۔ ندوہ نے مصروف سے انداز میں کہا وہ شاپنگ بیگز

۔۔۔کو سمیٹ کر ایک طرف رکھ رہی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تھک گ ئی ہو--- چلو رہنے دو--- تارز نے محبت بھری نظر اس پر ڈالی وہ تھکی سی لگ رہی تھی---

نہیں ---- نہیں--- بنا دیتی ہوں--- ندوہ نے ایک دم سے بیگ کو چھوڑ کر کہا---

تھنکیو---- تارز نے صوفے کی پشت سے سر ٹکایا---چائے کی واقعی میں شدید طلب ہو رہی تھی اور ندوہ کے ہاتھ کی چائے کا تو وہ ویسے بھی دیوانہ تھا---

وہ کچن کی کھڑکی میں سے نظر آتی وہ مصروف سے انداز میں چائے بناتی ہوئی اس کی پیاسی آنکھوں کو خیرہ کر رہی تھی--- جس دن سے وہ اس کے ساتھ نارمل ہوئی تھی تارز نے آنکھ بھر کر اسے دیکھا نہیں تھا---

لو---- چائے کا کپ ہاتھ میں تھامے وہ پاس آئی تھی----

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

بیٹھو۔۔۔ وہ چائے پکڑا کر ابھی پلٹی ہی تھی جب تارز نے دھیرے سے اس کے ہاتھ کو تھاما تھا ۔۔۔

۔۔۔وہ ایک دم سے چونک کر رکی تھی۔۔۔ تارز نے فورا اس کا ہاتھ چھوڑا تھا

مجھے۔۔۔۔ معاف کر دو گی۔۔ ۔۔۔ تارز نے مدھم سی بھاری آواز میں کہا تھا۔۔۔

کر تو دیا۔۔۔۔ کوئی بات نہیں انسان سے غلطیاں ہو جاتی ہیں اکثر زندگی میں جو ان کو سدھار لے اسے معاف کر دینا چاہیے۔۔۔ ندوہ نے پر سکون لہجے میں کہا تھا ...

۔۔۔وہ بیٹھی نہیں تھی ہنوز اسی انداز میں کھڑی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

لیکن میں ہمیشہ غلطیاں نہیں کرتا۔۔۔ کچھ کام جان بوجھ کر بھی کرتا

ہوں۔۔۔ بولو معاف کرو گی۔۔۔۔ تارز نے چہرہ اوپر اٹھا کر جزب کے عالم

میں کہا تھا۔۔۔

کر دوں گی ۔۔۔ عجیب سی باتیں کیوں کر رہے ہو۔۔۔ ندوہ نے تھوڑا چڑ کر

کہا تھا۔۔۔۔

۔۔۔ عجیب ہی تو ہوں۔۔۔ تارز نے مسکرا کر کہا تھا

شرمندہ مت ہو۔۔۔ میں دل سے سب باتیں بھلا چکی ہوں۔۔۔ ندوہ کو اس

کا اسطرح دیکھنا عجیب سی کوفت میں مبتلا کر رہا تھا۔۔۔

شرمندہ ۔۔۔۔ نہیں وہ نہیں ہوتا میں ۔۔۔ تارز نے ہلکا ساقہقہ لگایا تھا۔۔۔

میری سمجھ سے تو یکسر باہر ہے کیا کہہ رہے ہو۔۔۔ مجھے سونا اب کپ کچن

میں رکھ دینا۔۔۔ ندوہ نے بے زار سی شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

بلکل جناب --- اور کوئی حکم---- تارز نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا---

تو تارز ابتہاج--- محترمہ دو ہفتے بعد طوفان برپا کرنے والی ہیں تیاری پکڑ لو--- تارز نے مسکراہٹ دباتے ہوئے بھر پور نظر اس پر ڈالی تھی--- جو اپنے مخصوص سادہ سے حلیے میں بھی اس کے دل پر بجلیاں گرا رہی تھی---

میں کیوں حکم چلانے لگی تم پر--- ندوہ نے عجیب سی نظروں سے اسے دیکھا تھا---

اللہ میں جتنا اس سے جان چھڑاتی ہوں یہ اتنا ہی مسلط ہو رہا-- اچھا ہے اس کی جاب یہاں ہے--- وہاں گھر میں یہ کم ہی ہوا کرے گا--- وہ تیزی سے شاپنگ بیگ اٹھانے کے لیے جھکی تھی---

اب حکم ہی تو چلانے ہیں ساری عمر---- تارز نے مدھم سی آواز میں

---سرگوشی کی تھی

کیا کچھ کہا--- ندوہ ایک دم سے پلٹی تھی اور نہ سمجھ آنے والے انداز میں

---کہا تھا

نہ---نہیں--- تو---تارز نے چائے کا کپ منہ کو لگاتے ہوئے ---

---مسکراہٹ دبا کر کہا

**************

کیا حال ہے موٹی---تارز نے مخصوص چھکتی سی آواز میں حدفہ کے فون

--اٹھاتے ہی اسے کہا تھا

ٹھیک بھائی-- حدفہ نے بہت شور سے بچنے کے لیے آواز اونچی رکھ کر

---کہا

---کیسا جا رہا ہے فنکشن---- تارز نے مسکراتے ہوئے کہا

آج مہندی کی تقریب تھی--- --- سب لوگ تیاریوں میں لگے تھے--- وہ

بھی کپڑے بدلنے کے بعد خاموشی سے چھت پر آیا تھا-- دل نے اچانک

ایک عجیب سی خواہش کی تھی کہ وہ دیکھے کہ ندوہ آج مہندی کے جوڑے

میں کیسی لگ رہی ہے----اسی خواہش کے زیر اثر اس نے حدفہ کو فون

---کیا تھا

بہت اچھا---- آپ کی طرف کیسا جا رہا ہے--- -- حدفہ نے چہکتے ہوئے کہا

---تھا

زبردست--- ایک کام تو کرو--- کان کو اپنے مخصوص انداز میں کھجاتے

---ہوئے تارز نے کہا تھا

---جی بولیں -- حدفہ نے توجہ سے سننے والے انداز میں کہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ کی ایک دو تصاویر بھیجو۔۔۔۔ بڑی روانی سے اس نے اپنے اندر کے

جزبات کو قابو میں رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اووووو ۔۔۔ ہو۔۔و۔وو۔و۔و۔ ۔۔ حبان بھائی مانگ رہے ہوں گے۔۔۔۔ حدفہ

نے شریر سے لہجے میں کہا۔۔۔

نہ۔۔ہاں۔۔۔۔ ہاں ۔۔۔ وہی مانگ رہا۔۔ دیکھنا ہے وہ کیسی لگ رہی

ہے۔۔۔۔ تارز نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ کہا جبکہ لب بھر پور انداز میں

مسکرا رہے تھے اور دل دھڑک رہا تھا۔۔۔

میں بھیجتی ہوں۔۔۔ آپ کے نمبر پر یا حبان بھائی کے۔۔۔ حدفہ نے تیزی

سے کہتے ہوئے ایک دم رک کر تصدیق چاہی۔۔۔

میرے نمبر پر۔۔۔ اس کو دکھا دوں گا میں خود۔۔۔ تارز نے دانت پیستے

ہوئے کہا۔۔

*For more amazing novel visit our website*
*https://novelnagri.com/*

ٹھیک ہے ابھی بھیجتی ہوں --- آپ ایسا کریں آپ حبان بھائی کی بنا کر

--- بھیجنا میں ندوہ کو دکھاتی ہوں-- حدفہ نے پھر سے شوخ لہجے میں کہا

--تارز کا دل کیا فون سے ہی ہاتھ نکال کر ایک تھپڑ جڑ دے اسے

اچھا مجھے مشورے دینے بند کرو پہلے جو کام میں نے کہا وہ تو کر دو--- تارز

----نے چڑ کر کہا تھا

اچھا غصہ کیوں کر رہے --- بند کریں سنڈ کرتی ہوں--- حدفہ نے خفگی

--- بھری آواز میں کہا تھا

---ہاں کرو---تارز نے جلدی سے کہہ کر فون بند کیا تھا

تھوڑی دیر بعد ہی حدفہ کا مسیج دیکھ کر اس کے لب مسکرا دئے تھے---

مسیج کھولتے ہی وہ ظالم حسینہ اس کے فون کی سکرین سے اس کے دل پر

محو رقص تھی۔۔۔سبز اور پیلے رنگ کے خوبصورت جوڑے میں وہ سادہ سے

۔۔۔ڈھلے ہوئے چہرے اور پھولوں کا زیور پہنے اسے اپسرا لگ رہی تھی

تھوڑی دیر اس کی تصاویر کو دیکھتے رہنے کے بعد اچانک کسی خیال کے زیر

۔۔۔اثر وہ چونک کر رکا تھا ۔۔۔ پھر جلدی سے فون سے نمبر ملایا تھا

ہاں ہیلو۔۔۔ بھابھی ٹھیک رات بارہ بجے۔۔۔۔تارز نے تیزی سے تانیہ کو

۔۔پھر سے آگاہی دی تھی

۔۔۔جو وہ ہر دو گھنٹے بعد اسے دے رہا تھا

بس اسے ڈر تھا کہ تانیہ پیچھے نہ ہو جائے کیونکہ اگر تانیہ پیچھے ہو جاتی ہے تو

۔۔۔سب ختم ہو سکتا تھا

۔۔۔مجھے ڈر لگ رہا تارز۔۔۔تانیہ کی گھٹی سی آواز ابھری تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اوہ بھابھی ۔۔۔ طلحہ سب سنبھال لے گا ۔۔۔۔ آپ بس ہاسپٹل وقت پر

۔۔۔پہنچ جائے گا۔۔۔۔۔ تارز نے گھبرائی سی آواز میں اسے تسلی دی تھی

ٹھیک ہے۔۔۔۔ سنو۔۔۔۔ حبان آئی یں گے نہ۔۔۔۔ تانیہ نے پھر سے بے

۔۔۔یقینی سے کہا تھا

میں جانتا ہوں ان کو ۔۔۔۔ وہ آئی یں گے۔۔۔ تارز نے لب کچلتے ہوئے

۔۔۔ اس سے زیادہ اپنے دل کو تسلی دی

اچھا میں فون رکھتا ہوں ۔۔۔ بسٹ آف لک۔۔۔۔ تارز نے پر سوچ انداز میں

۔۔۔کہتے ہوئے کال کاٹ دی تھی

****************

مما مجھے جانا ہے ۔۔۔ حبان کے حواس اس کا ساتھ نہیں دے رہے

۔۔تھے۔۔۔ وہ مہندی کی تقریب کے لیے پہنی ہوئی ویسٹ کوٹ اتار رہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

جا کہاں رہے ہو یوں فنکشن چھوڑ کر۔ سیما پریشان حال اس کے پاس کھڑی

---ماتھے پر بل ڈالے پوچھ رہی تھیں

حبان ابھی سٹیج پر آکر بیٹھا ہی تھی جب اا اپنے فون پر اس نے تانیہ کی

قریبی دوست ثمرہ کا مسیج دیکھا---تانیہ نے سو سائیڈ اٹمپٹ کی تھی---

اور اب وہ ایمر جنسی میں تھی--- حبان کے پیروں کے نیچے سے زمین

کسھک گ ئی تھی--- دل خوف اور تانیہ کی محبت میں لرز اٹھا تھا---وہ

تیزی سے سٹیج سے نیچے اترا تھا اور کمرے کی طرف بڑھا تھا--- سیما جو

9

اس کے بلکل پاس کھڑی تھی اسے یوں پریشان حال اٹھتا ہوا دیکھ کر اس

---کے پیچھے آئی یں تھیں

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

میں آ کر بتاتا ہوں پلیز--- مما بابا کو سمجھا دینا--- حبان نے تیزی سے
گاڑی کی چابی بیڈ کے دراز میں سے نکال کر کرتے کی جیب میں ڈالی
تھی---

کیا ہوا--- بھائی--- تارز نے مصنوعی تجسس چہرے پر سجاتے ہوئے حبان
سے پوچھا تھا ---

---وہ ابھی حبان کے کمرے میں داخل ہوا تھا

حبان نے ایک پریشان سی نظر تارز پر ڈالی پر کوئی جواب دینا مناسب نہیں
سمجھا تھا ---

مما کیا ہوا-- تارز نے اب سیما کی طرف رخ پھیر کر کہا--- انداز ہنوز ویسا ہی
تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

پتا نہیں کہہ رہا کوئی کام ہے میں جا رہا ہوں --- بتا بھی نہیں رہا کچھ-

---سیما نے پریشان سی شکل بنا کر کہا

---حبان پریشان سی شکل بنا کر کمرے سے باہر نکلا تھا

آپ پریشان نہ ہوں میں جاتا ہوں ان کے ساتھ---تارز نے تیزی سے کہا

----اور فورا حبان کے پیچھے لپکا تھا

حبان اپنی گاڑی میں سوار ہوا تھا اور تارز تسلی سے بائیک پر ہاسپٹل اس

کے پیچھے ہی پہنچا تھا--- وہ ابھی کوریڈور میں پہنچا تھا جب تارز وہاں آ گیا

---تھا

بھائی --- بھائی---تارز نے آوازیں دے کر حبان کو اپنی طرف متوجہ کیا

---تھا

---تارز کو دیکھ کر ایک دم سے حبان کا چہرہ سفید پڑا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---تم یہاں کیا کر رہے--- حبان نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا

مما نے بھیجا آپ کے پیچھے--- تارز نے مصنوعی پریشانی چہرے پر سجاتے

ہوئے کہا ---

تم جاؤ--- میرا ایک دوست ہے ادھر ایمرجنسی میں میں آتا ہوں ابھی ---

---حبان نے نظریں چرا کر کہا

نہیں میں ساتھ رہتا ہوں آپکے ---- تارز نے ڈھیٹ انداز اپناتے ہوئے

---کہا

میں کہہ رہا ہوں نہ تم جاؤ---- جاؤ تم ---- حبان غصے سے چیخا تھا اس

---پر --- اس کا چہرہ پریشانی سے سرخ ہو رہا تھا

--تارز خاموشی سے واپس پلٹا تھا

اور حبان تیز تیز قدم اٹھاتا ایمرجنسی روم تک پہنچا تھا۔-- کمرے کے دروازے پر لگی چھوٹی سی کھڑکی سے اسے سامنے بری حالت میں لیٹی تانیہ نظر آ رہی تھی---جو بہت ساری نالیوں میں جکڑی ہوئی تھی حبان کا دل ایک دم سے بند ہوا تھا پچھلے پانچ سالوں میں تانیہ کے ساتھ گزارے سارے لمحے ---اس کی آنکھوں کے آگے سے گزر گئے تھے

---وہ بے ساختہ دروازہ کھول کر اندر جانے کو تھا جب طلحہ نے اسے دیکھا دیکھیں ----دیکھیں---پیشنٹ کی حالت بہت کریٹیکل ہے --- آپ اندر ---نہیں جا سکتے ابھی --- طلحہ نے سخت لہجہ اپناتے ہوئے کہا

---ثمرہ جو وہاں کھڑی تھی بھاگ کر حبان کے قریب آئی تھی

---ڈاکٹر---پلیز--- حبان نے روہانسی آواز میں کہا

---آپ ویٹ کریں--- طلحہ سختی سے کہتا ہوا اندر چلا گیا تھا

میرے گھر پر تھی جب اس نے یہ کیا--- مجھے کہتی مجھے نیند آ رہی ہے

--- اور جب میں نے دیکھا تو اس کے منہ سے جھاگ نکل--- ثمرہ رونے

لگی تھی---

کون ہے یہ بھائی--- تارز نے مصنوعی تجسس بھری آواز میں کہا تو حبان جو

--پریشان حال کھڑا تھا ایک دم سے پلٹا تھا

---اور چہرہ زرد پڑ گیا تھا

---تم --- تم --- گئے نہیں--- حبان ایک دم سے گڑبڑا گیا تھا

بھائی --- میں پوچھ رہا ہوں کون ہے یہ جو اندر لیٹی لڑکی--- تارز نے سخت

---لہجا اپناتے ہوئے کہا

یہ کیا بتائیں گے میں بتاتی ہوں آپکو--- ثمرہ نے دانت پیستے ہوئے کہا اور

---ساری روداد بیان کی

آپ اتنے بزدل ہو سکتے ہیں --- میں نے کبھی نہیں سوچا تھا-- تارز نے

---ناگواری سے حبان کی طرف دیکھ کر کہا

آپ جیسے لڑکے اگر وعدے نبھا نہیں سکتے تو ان جیسی معصوم لڑکیوں کو

خواب دکھاتے کیوں ہو--- آپ نے بات کیوں نہیں کی گھر--- تارز نے

---ماتھے پر بل سجا کر حبان کو بری طرح لتاڑا تھا

---حبان کا سر مزید جھک گیا تھا

تاری--- تم مجھے اور پریشان کر رہے ہو--- پلیز گھر جاؤ --- اور وہاں ہینڈل

---کرو سب--- حبان نے شرمندہ سے لہجے میں کہا

آپ کو اگر اس سے اتنی ہی محبت تھی -- تو سٹینڈ کیوں نہیں لیا اس کے

---لیے--- تارز تو فل ایکٹنگ میں تھا

---نہیں لے سکتا میں--- حبان نے گھٹی سی آواز میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

آپ بزدل ہیں--- جو صرف محبت کرنا جانتے ہیں --- لڑکیوں کو معصوم خواب دکھانا جانتے ہیں لیکن ان کو پورا کرنے کا وقت آتا تو خود غرضی کا لبادہ اوڑھ لیتے ہیں اور پھر اسے فرمابرداری کا نام دے کر ایک طرف ہو جاتے ہیں--- اگر اتنے فرمابردار تھے آپ تو محبت کیوں کی---تارز نے غصے سے سخت لہجہ اپناتے ہوئے کہا---

وہ حبان کے اندر کی غیرت کو جوش دلانہ چاہتا تھا---

دعا کرو --- یہ بچ جائے--- اگر اسے آج کچھ ہو گیا میں خود کو معاف نہیں کر سکوں گا--- حبان نے نظریں چراتے ہوئے کہا---

پیشنٹ اب خطرے سے باہر ہے ---.....طلحہ نے باہر آکر کہا تھا---

حبان ایک دم سے گہری سانس لیتا ہوا پاس پڑی کرسی پر ڈھے سا گیا تھا--- کچھ دیر یونہی گزر گی تھی جب ثمرہ نے باہر آ کر بتایا کہ تانیہ کو

ہوش آ گیا ہے--- حبان بھاگتا ہوا اندر گیا تھا--- اور بے ساختہ جاتے ہی

---وہ تانیہ کا ہاتھ تھام چکا تھا

بھائی--- آپ نکاح کریں ان سے --- تارز نے بڑے بارعب انداز میں کہا

---تھا

تم پاگل ہو گئے ہو کیا--- گھر میں سارے --- حبان ایک دم سے چونک

---کر اٹھا تھا

---میں سنبھال لوں گا ---تارز نے حبان کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا

ندوہ---- کل شادی ہے-- حبان نے پریشانی کے عالم میں سر کے بالوں

---کو ہاتھ میں جکڑا تھا

---تانیہ مسلسل آنسو بہا رہی تھی

میں ---- کروں گا اس سے شادی--- آپ کی جگہ--- تارز نے معصوم سا

---چہرہ بنا کر کہا تھا

---آپ کا نام ---تارز نے ثمرہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا

---ثمرہ---تانیہ کی دوست نے فورا جواب دیا تھا

آپ اور --- یہ باقی سب لوگ -- آپ یہیں رہیں میں ابھی نکاح خواں کا

انتظام کرتا ہوں ---- تارز نے ثمرہ اور ان کے کچھ کلاس فیلو جن کو ثمرہ

منصوبے کے مطابق وہاں بلا چکی تھی ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے

--کہا

---تارز --- حبان نے بے چارگی سے اس کی طرف دیکھا تھا

بھائی ڈرنا بند کریں--- اپنی محبت کے بارے میں سوچیں--- تارز نے حبان

---کو دنوں کندھوں سے تھام کر جھٹکا دینے کے انداز میں کہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

سنو---میں نکاح نہیں کروں گا---ایسے---حبان ابھی بھی لب کچلتا

---ہوا تھوڑا سا گھبرایا سا لگ رہا تھا

آپ کریں گے---میں ایک لڑکی کی زندگی برباد ہوتے نہیں دیکھ سکتا

---ہوں---تارز نے سختی اپناتے ہوئے کہا

---اور پھر وہ تیزی سے باہر نکلا تھا

***************

آپ لوگ پریشان نہ ہوں---بارات جائے گی صبح---ندوہ سے میں کروں

---گا شادی---تارز نے معصوم سی شکل بنا کر کہا تھا

---ابتہاج اور سیما نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کیا--- اول فول بکے جا رہے ہو--- تم بس مجھے بتاؤ -- کہاں ہے

حبان--- ابتہاج کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد پھر سے غصے اور جوش میں

---بولے تھے

مجھے نہیں پتا وہ کہاں ہیں--- وہ نکاح کر چکے ہیں میں آپکو تصاویر دکھا چکا

-- ہوں--- تارز نے سر جھکاتے ہوئے کہا تھا

ہائے---- اس لڑکے نہ کہیں کا نہیں چھوڑا---- سیما سینے پر ہاتھ رکھے

--- آنسو بہاتے ایک طرف کو ڈھے سی گ ئی تھیں

--- مہک نے جلدی سے سیما کو کندھوں سے تھاما تھا

مما اس رونے دھونے سے بہتر یہ ہے --- کہ ابھی اسی وقت فلائی بٹ

پکڑیں--- لاہور چلیں--- کل رات ہے نہ بارات تو جا کر ماموں سے بات

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کریں--- شادی روکنے کی ضرورت نہیں ہے --- تارز نے سیما کے پاس

--- بیٹھتے ہوئے اس کا ہاتھ پکڑ کر بڑے سمجھدار انداز میں کہا تھا

---ابتہاج بھی سر جھکائے بیٹھے تھے----کچھ لمحے یوں ہی گزر گئے تھے

وہ نکاح کر چکا ہے اب کیا کیا جا سکتا ہے--- ابتہاج کی پریشان سی آواز

---نے کمرے کا سکوت توڑا تھا

بھائی کی جگہ میں تیار ہوں ندوہ کو اپنانے کے لیے--- تارز نے پھر سے اپنا

--- موقف سامنے رکھا تھا

ابتہاج اور سیما نے ایک نظر تارز پر اور پھر ایک دوسرے کی طرف دیکھا

---تھا

مما---تارز ٹھیک کہہ رہا اسی میں سب کی عزت ہے---- مہک نے گہری

---سانس لیتے ہوئے کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اور پھر وہ سب کو قائل کر چکا تھا --- چند ایک سمجھدار رشتہ داروں کے ساتھ وہ لوگ اسی وقت لاہور جانے کے لیے تیار ہو گئے تھے ---

**************

تارز --- ادھر آپکے پاس ہی آپکا بیٹا بن کر رہے گا--- ابتہاج نے حدید کے ہاتھ تھامتے ہوئے شرمندہ سے لہجے میں کہا تھا ---

بھائی میں بہت شرمندہ ہوں--- حبان نے مجھے سر اٹھانے کے لائق نہیں چھوڑا----- ابتہاج نے روہانسی سی آواز میں کہا تھا ---

میری بات سنو--- تارز کے ساتھ کرو صبح نکاح پھر--- وہ ہماری عزت رکھنے کو راضی ہے ----- داؤد جو کب سے خاموش بیٹھے تھے ایک دم سے بولے تھے---

--تارز ادھر آؤ--- داؤد نے تارز کو اپنے پاس بلایا تھا

---جی نانا ابو---تارز بڑے معدب انداز میں کہتا ہوا ان کے پاس آیا تھا

---داؤد نے تارز کو اپنے سینے سے لگا کر بھینچا تھا اور ماتھا چوما تھا

---ابتہاج نے شرمندہ سی شکل بنا کر حدید کے آگے ہاتھ جوڑے تھے

بھائی آپ --- ہاتھ مت جوڑیں--- اس میں آپ کا بھی کوئی قصور نہیں

ہے--- میری بچی کی قسمت ہی---- حدید نے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر ایک

طرف بیٹھ کر کہا تھا --

---نصیبوں -- ماری ---- ہے--- سلمی مسلسل روئے چلی جا رہی تھی

اچھا----چلو---- اب یہ رونا دھونا بند کرو---- سب---- مہمان ہیں گھر

میں---- داؤد نے سلمی کے مسلسل رونے پر ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا

تھا---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ کو بھیجو میرے پاس---- تم سب جاؤ---- داؤ د نے نقاہت بھری

---آواز میں کہا تھا

---سب لوگ داؤ د کے کمرے سے نکل آئے تھے

*****************

دادا جی--- تو کیا ضروری ہے--- میری شادی ہو--- کچھ لڑکیوں کی شادی

---نہیں بھی ہوا کرتی--- ندوہ نے روہانسی شکل بنا کر کہا تھا

وہ داؤ د کے ساتھ ان کے پلنگ پر حواس باختہ سی بیٹھی تھی--- اس ن ئی

افتاد نے اس کے ہاتھ پاؤ ں پھلا دیے تھے---تارز ہی کیوں--- وہ ہی

کیوں گھوم پھر کر اس کی زندگی پر مسلط ہو رہا تھا--- کتنی حرماں نصیب

---تھی وہ---جس کی ایک دفعہ نسبت ختم ہوئی تھی اور اب شادی

مجھے تارز سے شادی نہیں کرنی---ندوہ کی گھٹی سی آواز نے کمرے کا سکوت توڑا تھا --

دل عجیب سی گھٹن کا شکار ہو رہا تھا---- تارز کے ساتھ اپنا یہ رشتہ دل قبول کرنے کو تیار ہی نہ تھا---اس کا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا تھا--- تارز کے ساتھ تو کبھی بھول کر بھی اس نے خود کو نہیں سوچا تھا --- سارے خواب چکنا چور ہو رہے تھے--- ایک میچور ہزبینڈ------جس کے سامنے وہ چھوٹی سی لگے--- وہ اس کے لاڈ اٹھائے--- اور وہ اس کا احترام کرے -- لیکن تارز --- تارز کے لیے تو دل میں احترام نام کی کوئی چیز ہی نہیں تھی --- ہاں الٹا دل میں اس کا معیار بری طرح گر چکا تھا--- ایک لا پرواہ--- بدتمیز--- شرارتی --- ڈھیٹ--- فلرٹ --- ٹائپ کا امیج دل نے بنا رکھا تھا اس کا---اس کو ہمیشہ سے سنجیدہ -- کم گو---

زمہ دار سے مرد پسند تھے---- جیسے ھدیل تھا--- اور جیسے اب حبان کے لیے دل کو رضامند کر چکی تھی وہ-- لیکن تارز اس کے اندر ان میں سے تو بھی خاصیت موجود نہ تھی سونے پر سہاگا وہ اس سے چھوٹا تھا جس پر دل ----اور بد دل ہو رہا تھا--- کرے تو کیا کرے

وہ بری طرح لب کچلتے ہوئے سوچوں میں گم تھی جب نظر داؤ د کے بوڑھے ---جڑے ہاتھوں پر پڑی

دادا جی --- ہاتھ کیوں جوڑ رہے ہیں-- اس نے گھبرا کر ان کے ہاتھوں ---پر اپنے ہاتھ رکھ چھوڑے تھے

اب -- کہاں سے ---- رات تک تمھارے لیے نیا رشتہ تلاش کریں

------داؤ د نے روہانسی آواز میں کہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

جن لڑکیوں کی بارات نہیں آتی ان کے پھر رشتے بھی نہیں آتے۔۔۔۔ نہ ان کے نہ ان کی چھوٹی بہنوں کے۔۔۔ داؤد نے آنکھوں سے گرتے آنسو صاف کیے۔۔۔

۔۔۔اور ندوہ کا چہرہ ہاتھوں سے ٹوٹلتے ہوئے۔۔۔ اپنی ہتھیلوں میں بھرا تھا حدید کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔۔ندوہ بھاگ کر ان کے سینے سے لگی تھی ۔۔اور پھر پھوٹ کر رو دی تھی

ابا۔۔۔۔ ۔۔۔ گھٹی سی آواز حلق میں سے نکلی تھی ندوہ نے بے چارگی سے ۔۔۔نظر اٹھا کر حدید کی طرف دیکھا تھا

رو مت۔۔۔ میری لاج تمھارے ہاتھ میں ہے بس اتنا کہوں گا۔۔۔۔حدید نے ۔۔۔مدھم سے لہجے میں اس کے کان میں سرگوشی کی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اور پھر وہ کچھ نہیں بول سکی تھی --- بس ان کے سینے سے لگی آنسو بہا

---رہی تھی اور حدید بار بار شفقت بھرا بوسہ اس کے سر پر دے رہے تھے

***************

یہ ٹھیک ہے بس ایسے--- --- تارز نے کرتے کے کالر کو درست کیا

---تھا

چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا-- آنکھیں محبت کے حصول سے سرشار تھیں---

باچھیں کھلیں ہوئی تھیں--- سفید رنگ کے سادہ سے قمیض شلوار میں وہ

----لاکھوں دلوں کو دھڑکا دینے کی حد تک خوبرو لگ رہا تھا

اچھے لگ رہے ہو--- ھادی نے مسکرا کر دیکھا--- اور پھر آنکھوں میں

---حیرانی در آئی تھی

---ہم-م-م- سچ کہو--- تارز نے گھوم کر رخ آئی ینے کی طرف کیا تھا

وہ نکاح کے لیے تیار ہو رہا تھا۔۔۔ دل خوشی سے جھوم اٹھا تھا کہ ندوہ مان گ ئی تھی۔۔۔ عجیب سی گدگدی تھی جو تن بدن میں سرائیت کر رہی تھی۔۔۔ وہ خوشی سے سرشار تھا ۔۔

۔۔۔سچ ہے۔۔۔ خوش ہو۔۔۔ ھادی نے حیران سی شکل بنا کر دیکھا تھا

ھادی ندوہ کے ماموں کا بیٹا تھا۔۔۔سب لوگوں کو پتہ تھا کہ یہ شادی اچانک ہو رہی ہے جس میں تارز حبان کی جگہ مجبوری میں شادی کر رہا ہے لیکن یہاں تارز کی خوشی دیکھ کر وہ حیران اور پریشان ہو رہا تھا ۔۔

ہاں۔۔۔ کیوں۔۔۔ تارز نے مصروف سے انداز میں خود کو جانچتے ہوئے کہا۔

مطلب ایسے اچانک شادی ہو رہی تمھاری بھابھی بننا تھا اس کو۔۔۔ مطلب عجیب سا۔۔ ھادی نے بات درمیان میں چھوڑی اور پھر سے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔۔۔

----سب لوگ اداس تھے --- ایک صرف تارز کے چہرے پر سکون تھا

نہ---ہاں --- ہاں --- لگ رہا ہے بہت عجیب سا--- پر قسمت میں جو

لکھا ہو اسے ہنس کر قبول کرنا چاہیے----تارز ایک دم سے خجل ہوا تھا اور

---نظریں چراتے ہوئے کان کو کھجایا

بڑے دل والے ہو یار--- میں تمھاری جگہ ہوتا تو --- ھادی نے مسکرا کر

---دیکھا

ارے ---- ارے--- تم کیوں ہوتے میری جگہ--- میری جگہ صرف میں

---ہی--- چل اب جلدی سے--- تارز تیزی سے کہتا ہوا آگے بڑھا تھا

**************

ندوہ کیا کر رہی ہو سیدھی چلو نہ------- حدفہ نے بری طرح گرتی پڑتی بے

---زار سی شکل بناتی ندوہ کو پکڑا ہوا تھا اور اس کے کان میں سرگوشی کی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

حدفہ اور مہک ندوہ کو پکڑ کر سٹیج پر لا رہی تھیں جہاں تارز پہلے سے فتح کا جھنڈا گاڑے اس کے حسن کے سحر میں جکڑا بیٹھا تھا۔۔۔ نکاح ہو چکا تھا ۔۔۔ وہ اس کی ہو گ ئی تھی۔۔۔وہ اپنی کہانی کو اپنی طرف سے مکمل کر چکا تھا۔۔۔

یہ دن یہ رات یہ لمحے اچھے لگتے ہیں

تمہیں سوچوں تو سارے

سلسلے اچھے لگتے ہیں

بہت دور تک چلنا

مگر پھر بھی وہیں رہنا۔۔۔

مجھے تم سے تمہی تک

دائرے اچھے لگتے ہیں۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ کا گداز ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر اس نے نرماہٹ سے اسے سٹیج پر

چڑھایا تھا۔۔۔ سرخ رنگ کے جوڑے میں نظریں گرائے سپاٹ چہرے کے

۔۔۔ساتھ اب وہ اس کے پہلو میں بیٹھ چکی تھی

میں اپنی ہی کہانی کا ایسا کردار ہوں ۔۔۔ جو دور کھڑی بس تماشہ دیکھ رہی

ہے ۔۔۔ ندوہ کے دل میں ایک پھانس سی اٹک گ ئی تھی۔۔۔۔اس کے

۔۔۔ساتھ بیٹھا وجود نہ اس کے دل کو منظور تھا اور نہ دماغ قبول کر رہا تھا

اس نے ایسا سر جھکایا تھا اور اب جب رات کو لا کر اوپر تارز کے کمرے

میں اسے بیٹھایا گیا تب جا کر وہ ایک دم سے ہوش میں آئی تھی۔۔۔سب

لوگ کمرے میں موجود تھے۔۔۔ تب ہی نکلے جب وہ کمرے کے دروازے

۔۔۔پر اپنے مخصوص انداز میں کھڑا ہوا

*************

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

سب لوگوں کے کمرے سے جانے کے بعد وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا بیڈ تک آیا تھا جہاں ندوہ بنا گھونگھٹ گرائے سپاٹ چہرہ لیے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی---

افففف--- اب دل جیتنے کا مرحلہ شروع بیٹا--- تارز نے دل میں سوچا اس کا سخت چہرہ اس کے اندر ابلنے والے طوفان سے آگاہی دے رہا تھا--- تارز اس کے بلکل سامنے بیڈ پر بیٹھا تھا---

میں نے مجبوری میں یہ رشتہ قبول کیا ہے ----- اس سے پہلے کے تارز کوئی بات شروع کرتا وہ دانت پیستے ہوئے گویا ہوئی تھی---

مجھے پتہ ہے--- --- تارز نے شرارت سے دیکھتے ہوئے پرسکون لہجے میں کہا----

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

نظریں اس کے خوبصورت چہرے کا طواف کر رہی تھیں -- ہمیشہ سے سادہ سے حلیے میں رہنے والی ندوہ آج سارے سنگھار سے لیس غضب ڈھا رہی تھی ---

---تو پھر اب تو ہو گئی شادی ------تارز نے مسکراہٹ دبائی

تو --- تمہیں یہ بتا رہی ہوں دل سے قبول نہیں کیا یہ رشتہ میں نے ---

-----ندوہ نے دانت پیسے

تارز نے ڈھیٹ پن سے مسکراتے ہوئے مہندی سے بھرے ہاتھ کو دھیرے سے اپنے ہاتھوں میں لیا تھا--- ندوہ نے ایک دم سے چہرہ اوپر اٹھایا تھا اور ہاتھ کو کھینچنا چاہا تھا لیکن تارز اپنی گرفت ہر دفعہ کی طرح مظبوط کرچکا تھا---

---ہاتھ چھوڑو---- ناک پھلا کر ناگوار سی شکل بنائی

یہ تو تب نہیں چھوڑتا تھا جب کوئی حق نہیں تھا۔۔۔ اب تو حق رکھتا

ہوں۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔۔ ڈھیٹ پن سے مسکراتے ہوئے ہاتھ کو سینے سے لگایا

وہ مسلسل ہاتھ چھڑانے کی کوشش میں روہانسی ہوئے چلی جا رہی تھی

۔۔۔شکل پر غم اور غصہ ملا جلا تھا

اچھا میری بات سنو۔۔۔ ۔۔ اس کے ہاتھ کو اور مضبوطی سے پکڑ کر تارز

قریب ہوا تھا۔۔۔ آواز میں بلا کی نرماہٹ تھی ۔۔۔ اور اس کہ قربت کی

۔۔۔خماری تھی

دیکھو تم نے اپنی نفرت میں ہر طرح کی کوشش کی مجھ سے دور جانے کی

اور میں نے اپنی محبت میں ہر طرح کی کوشش کی تمھارے پاس آنے

کی۔۔۔۔اب اس میں میرا کیا قصور بولو۔۔۔ تارز نے دھیرے سے اس کے

چہرے کا رخ اپنی طرف کیا جس کو وہ بے دردی سے پھر سے موڑ چکی تھی ---

میری محبت جیت گ ئی--- تارز نے اس کے دوسرے ہاتھ کو بھی گرفت میں لیا جس سے وہ بار بار اس کے ہاتھ کو جھٹک رہی تھی اب ندوہ کی دونوں کلای ئیوں کو اپنے ایک ہی ہاتھ کی گرفت میں لیے ہوئے تھا ---

ندوہ نے غصے سے بھری نظر ڈالی دل لرزنے سا لگا تھا--- عجیب طرح کی گھٹن سی تھی اس کے قریب آنے پر--- اب یہ کیا کرے گا--- شرمندگی کا احساس تھا--- تارز کی دل کی دھڑکنوں کے بجتے تار سے یکسر بے نیاز وہ بس اب اس سے چھٹکارے کے بارے میں سوچ رہی تھی ---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

آج تمہیں پایا ہے--- کل اس دل میں محبت جگا دوں گا--- تارز نے خمار آلودہ سی آواز میں کہا--- آنکھیں اس کی قربت پر ادھ کھلی سی ہو گئی تھیں--

اس کے لیے تمہیں میرا ساتھ تو دینا ہو گا--- تارز نے اس کے ماتھے پر لگی بندیا کو درست کیا تھا---

ندوہ نے چونک کر خوف سے بھری نظر ڈالی تھی--- اللہ--- کہاں جاؤں--- زمین پھٹے اور اس میں سما جاؤں یا آسمان ہی نگل لے آج مجھے----بس اس سے بچ جاؤں میں----ندوہ نے اپنی کپکپاہٹ پر قابو پایا جاگ ہی نہ جائے محبت کہیں--- اس سے پہلے تمہارے سر سے یہ بچپنے کے عشق کا بھوت اتر چکا ہوا گا--- ندوہ نے اس کی گرفت ڈھیلی محسوس کی تو جھٹکے سے ہاتھ چھڑوایا تھا---

کیا مطلب عشق کا بھوت--- بے پناہ محبت کرتا ہوں تم سے نہ ختم ہونے والی--- تارز نے محبت سے سرشار لہجے میں اس کی بات کی نفعی کی تھی---

اچھا--- نہ ختم ہونے والی--- ھدیل کی دفعہ بھی ہوئی تھی ختم --- پھر حبان دفعہ بھی ہوئی تھی ختم --- تم نے پاگل سمجھ رکھا مجھے--- ندوہ نے --کلائی سہلاتے ہوئے دانت پیس کر طنز بھرے لہجے میں کہا

اچھا تم ---- عجیب ہو --- پہلے خود ہی مجھے بھگاتی ہو--- اگر

10

میں تمھاری خوشی کی خاطر تمہیں چھوڑ گیا تھا تو اب کہہ رہی تمھاری محبت ختم ہوئی تھی--- تارز نے نا سمجھی کے انداز میں اسے دیکھا تھا

کبھی نہیں ہوئی تھی محبت میری ختم--- بے چارگی سے ندوہ کی طرف دیکھا

--

تین سال تم اسلام آباد میں رہے--- وہاں اورپتا نہیں مجھ جیسی کتنی محبتیں کی ہوں گی تم نے--- ندوہ نے بے زاری اور ناگواری چہرے پر ---سجائی اور کاٹ دار لہجے میں گویا ہوئی

نہیں --- بلکل نہیں -- تم پہلی--- اور تم ہی آخری--- تارز اس کی بات پر مسکرا اٹھا تھا--- چلو محترمہ کو نفرت کے ساتھ ساتھ بے اعتباری ---بھی ہے--- تارز کے لب مسکرا دئے تھے

ندوہ ایک دم سے لہنگا سنبھالتی شکن آلودہ ماتھے کے ساتھ بیڈ سے نیچے ---اترنے لگی

---کیا ہوا اب --- تارز نے پریشان سا ہو کر دیکھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

مجھے کپڑے بدلنے ہیں --- ----- ندوہ کا لہجہ ناگواری بھرا تھا شکل بے زار تھی --

---کچھ دیر تو رہنے دو نہ---تارز نے چہرے پر معصومیت سجائی

--- وجہ--- ندوہ نے سختی سے کہا وہ نیچے اتر چکی تھی

میں نے تو ابھی جی بھر کے دیکھا بھی نہیں--- تارز نے بے چارگی سے مڑتے ہوئے اس کو سنگھار میز کے سامنے کھڑے دیکھا جو اب بے دردی ---سے چوڑیاں اتار رہی تھی

جب سے کمرے میں آیا ہوں بس لڑے جا رہی ہو--- تارز ایک دم سے بیڈ ---سے اٹھا تھا اب اس کے بلکل پیچھے کھڑا تھا

---میں کرو ہیلپ--- ---- کان کھجاتے ہوئے مسکراہٹ دبائی

اچھا چلیں--- آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائیں گے بھائی کے ساتھ--- تارز نے ان کی پریشانی کم کرنے کے لیے محبت سے کہا تھا---

ہاں امید تو بہت ہے--- سیما نے ٹھنڈی سانس خارج کرتے ہوئے کہا تھا---

ندوہ واش روم سے باہر نکل کر اب اپنی طرف کے تکیے درست کررہی تھی چہرہ ویسے ہی بارہ بجا رہا تھا جیسے روز بجاتا تھا------ اس وقت

ندوہ پاس ہے تو بات کروا دو--- سیما نے محبت بھرے لہجے میں کہا---

آپ اس کے نمبر پر کال کر لیں نہ ---تارز نے کن اکھیوں سے ندوہ کی طرف دیکھا جو اب روز کی طرح سیدھے لیٹ کر چادر سینے تک تان کر ایک بازو منہ پر رکھ چکی تھی----

کیوں تمہیں کیا تکلیف ہے بات کرواتے ہوئے---- سیما نے مصنوعی خفگی کا اظہار کیا تھا---

شک بہت کرتی مجھ پر پھر میرا فون چیک کرنے لگے گی---تارز نے کان کھجاتے ہوئے قہقہ لگایا تھا---

ندوہ نے ایک دم سے آنکھوں پر سے بازو ہٹا کر گھور کر دیکھا تھا---

کوئی حال نہیں تمھارا اچھا ابا کو اور سب کو سلام دینا میرا------سیما نے مسکراتے ہوئے کہا تھا----

جی جی کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔۔ تارز نے معدب انداز میں کہا اور پھر فون بند

۔۔۔کرتے ہی ندوہ کی طرف دیکھا جو پہلے سے اسے گھور رہی تھی

بات کیوں نہیں کروائی میری پھپھو سے ۔۔۔ ۔۔۔ ندوہ نے رعب سے کہا

تھا۔۔۔

یہ میرا ٹائی م ہے ۔۔۔ بہت مشکل سے رات بارہ بجے تو تم کمرے میں آتی

ہو۔۔۔۔۔ تارز نے محبت سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

اور دس منٹ واش روم میں گھسی رہتی ہو ۔۔۔۔ تھوڑا سا آگے ہو کر کہنی کے

بل سر کو ہاتھ پر ٹکایا۔۔۔۔ چہرے پر بچوں کی طرح خفگی سجائی۔۔۔

نیند آنے سے پہلے تک کا یہ تھوڑا سا تو وقت ہوتا ہے جب میں تمھارا ہاتھ

اپنے سینے سے لگاتا ہوں ۔۔۔ تارز نے اس کے ہاتھ کو تھام کر اس کے اور

اپنے درمیان حائل تکیے کو اٹھا کر اپنے پیچھے کیا۔۔۔۔۔

ندوہ نے ایک دم سے آنکھیں سکیڑ کر اس کی خمار آلودہ ادھ کھلی آنکھوں اور معنی خیز انداز میں مسکراتے لبوں کی طرف دیکھا ----

میں نے کل بھی کہا تھا اس تکیے سے آگے نہیں آ سکتے تم --- ندوہ نے تھوک نگل کر سخت لہجے میں کہا ----

تکیے کی ایسی تیسی--- تارز نے شرارت سے کہا اور قہقہ لگایا تھا اسے ندوہ کے چہرے پر معصوم سا خوف اچھا لگ رہا تھا ---

---کیاکہوں اس بیو قوف بیوی کو کہہ مجھے اس کی نفرت سے بھی پیار ہے

---آرام سے --- --- ندوہ ایک دم بیڈ سے اتر کر نیچے کھڑی ہوچکی تھی

کب ختم ہو گی یہ سزا--- ----- تارز نے اپنے بال ہاتھوں میں جکڑ کر مصنوعی بے چینی دکھا کر ندوہ کو اور حراساں کیا تھا ---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

یہ سزا نہیں تمہاری ہار ہے تارز --- --- ندوہ نے دانت پیستے ہوئے کہا

تھا---

ابھی تو ایک ماہ ہوا ہے--- تم نے ہار مان لی --- ایک سال کا وقت کہا تھا

تم نے--- --- ---- ندوہ نے ناگواری ظاہر کرتے ہوئے کہا---

میرے دل میں تو کیا محبت جگاؤ گے --- تمہارے اپنے دل سے محبت

نکل جائے گی--- ندوہ نے ناک چڑھا کر کہا تھا----

اچھا--- بہت جانتی ہو تم تو مجھے واہ واہ-----تارز ایک دم سے اٹھ کر

بیٹھا تھا--- اور ہونٹ باہر نکال کر مصنوعی داد دیتے ہوئے کہا---

اتنا تو میں خود کو نہیں جانتا ہوں--- --- معصوم سی شکل بنا کر کہا---

مجھے سونا ہے--- --- ندوہ نے ناک پھلا کر بے زار سی شکل بنائی تھی

---

---تو کس نے روکا---تارز نے کندھے اچکا کر شرارت سے دیکھا

---اپنی جگہ پر چلو----ندوہ نے گھور کر خبردار کرنے والے انداز میں کہا

----تارز منہ بناتا ہوا رول ہو کر اپنی جگہ پر گیا تھا

---بدتمیز---ندوہ منہ میں بڑ بڑاتی ہوئی چادر درست کر رہی تھی

---اور تارز مسکراہٹ دباتا ہوا اس کے لیٹنے کا انتظار کر رہا تھا

اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ کی انگلیوں میں جکڑ کر سینے پر رکھتے ہی جو سکون اس کی روح میں سرائیت کرتا تھا--- وہ اس کے لیے انمول تھا--- اسی

----لیے تو وہ ندوہ کو ----سکون میرے---- کہتا تھا

*************

چھپکلی----ندوہ کی زور دار آواز کے ساتھ بھیانک چیخ بھی نمودار ہوئی تھی

---

تارز جو بیڈ پر لیٹا موبائل پر انگلیاں چلا رہا تھا ایک دم سے چونک گیا تھا---

---تیزی سے سلیپرز کو پاؤں میں پھساتا وہ واش روم کی طرف بھاگا تھا

ندوہ آج بھی روز کی طرح بارہ بجے کمرے میں آئی تھی --- وہ جان بوجھ کر

کسی لیکچر کی تیاری کو جواز بنا کر رات گئے تک نیچے لاونج میں بیٹھی رہتی

تھی--- اب بھی وہ کمرے میں آکر واش روم میں گئی تھی جہاں ایک

---چھپکلی کو دیکھ کر اس کی روح فنا ہوئی تھی

تارز دروازے کے پاس پہنچا تو وہ --- چھپکلی کے ڈر سے واش روم کے اندر

---کھڑی تھی کیونکہ چھپکلی داخلی دروازے کے بلکل اوپر تھی

تو اس میں اتنا ڈرنے والی کیا بات ہے--- تارز نے شرارت سے دیکھ کر کہا

---اسے ہنسی آرہی تھی.. وہ بچوں کی طرح ڈر رہی تھی

اور دانت پیس پیس کر ہاتھ کے اشارے سے تارز کو چھپکلی بھگانے کو کہہ رہی تھی

نکالو اسے باہر ۔۔۔ ۔۔۔۔ تارز کو مسلسل دانت نکالتا دیکھ کر ندوہ نے روہانسی شکل بنا کر کہا

ہٹو۔۔۔ یہ وائی پر دو ۔۔۔ تارز نے اس کی طرف آ کر وائی پنگ سٹک کو اٹھایا تھا۔۔۔ وہ چھپکلی کو باہر کی طرف نکال رہا تھا سٹک کو دیوار پر مار کر جبکہ وہ اندر کی طرف کا رخ کرتی جا رہی تھی ۔۔ ندوہ چیخ مار کر تارز کے ساتھ چپکی تھی ۔۔۔

اتنی سی بات تھی ۔۔۔۔۔۔ تارز نے مدھم سی سرگوشی کی تھی ندوہ کے کان میں جو آنکھیں زور سے بند کئے کھڑی تھی ۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے فوراً آنکھیں کھول کر ارد گرد کا جائزہ لیا تھا اور سکون کا سانس لیا

تھا --- پھر احساس ہو کہ وہ تارز کی کمر کے گرد بازو حائل کیے ہوئے

ہے--- ایک دم سے وہ سیدھی ہوئی تھی

ندوہ نے پیچھے ہو کر تارز کے چہرے کی طرف دیکھا تھا جو معنی خیز انداز میں

مسکراہٹ دبا رہا تھا---

تارز کی شرارت کی رگ پھڑکتے ہی اس کا ہاتھ شاور پر گیا تھا --- اور ایک

دم سے دونوں پر شاور کا پانی تیزی سے گرنے لگا تھا---

تارز کا جاندار قہقہ پورے واش روم میں گونجا تھا وہ ندوہ کے بازو کو گرفت میں

لے چکا تھا----تاکہ وہ بھاگے نہ --- تارز کی اس اچانک حرکت پر وہ بوکھلا

گ ئی تھی لمحہ بھر میں ہی دونوں پوری طرح بھیگ چکے تھے---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تارز۔۔۔ دماغ خراب ہے کیا ۔۔۔ ندوہ نے دانت پیستے ہوئے غصے سے

۔۔۔ تارز کی طرف دیکھا

۔۔۔جو بھرپور طریقے سے مسکراتا ہوا اس کی حالت سے محظوظ ہو رہا تھا

۔۔۔ ہاتھ چھوڑو۔۔۔۔۔۔۔ندوہ نے چیخنے کے انداز میں کہا تھا

ندوہ کے بال بھیگ کر اس کی چمکتی گردن پر چپک گئے تھے۔۔۔ منہ پر

شاور کا پانی تیزی سے گر رہا تھا جس سے وہ بمشکل آنکھیں کھول پا رہی تھی

۔۔۔ ایک دم سے تارز کے دل کی دھڑکن بے ترتیب سی ہونے لگی تھی اور

۔۔۔دماغ مفلوج ہو کر دل کو سارے اختیارات سونپ گیا تھا

ندوہ کے لاشعور نے جیسے خطرے کی گھنٹی بجائی تھی چونک کر چہرہ اوپر اٹھا

۔۔۔کر تارز کی طرف دیکھا تھا

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

وہ مسکرا رہا تھا۔۔۔ لیکن اب آنکھوں سے خماری سی جھلکنے لگی تھی۔۔ لبوں

کی شریر مسکراہٹ بھی غائب تھی۔۔

ایک دم سے ندوہ کو اپنی کمر پر گرفت محسوس ہوئی تھی اور

پھر سانس بند ہونے کا احساس۔۔۔ آنکھیں پوری طرح کھل گئی تھیں اور

آواز بند تھی۔۔۔ تارز کے سینے پر پڑنے والے مکے اس پر کوئی اثر نہیں کر

رہے تھے۔۔۔ اور وہ تو جیسے حواسوں میں نہیں تھا۔۔ ناک سے لمبے لمبے

سانس لیتی ہوئی وہ مسلسل اسے پیچھے کرنے کی ناکام کوشش میں روہانسی

ہو گئی تھی۔۔۔

ندوہ نے اپنی پوری قوت سے اسے پیچھے دھکا دیا تھا۔۔۔ اور لپک کر سامنے

پڑے فٹ فائلر کو اٹھا کر تارز کے ماتھے پر دے مارا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ایک دم سے خون ابھر تھا۔۔۔ وہ اپنا سانس بحال کرتی لبوں کو ہاتھ کی

پشت سے بے دردی سے رگڑتے ہوئے تیزی سے واش روم سے باہر نکلی

تھی۔۔۔

۔۔۔اور وہ خون آلودہ ماتھا لیے چلتے شاور کے نیچے ہی کھڑا تھا

ندوہ الماری سے کپڑے نکال کر بڑے بڑے ڈگ بھرتی نیچے کی طرف چلی

گ ئی تھی۔۔۔ ماتھا شکن آلودہ تھا اور چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔۔

ایک دم سے تارز کی بے باک جسارت نے ہاتھ پاؤں پھلا دیے تھے۔۔۔

ابھی بھی عجیب سا احساس تھا جو جکڑے ہوئے تھا۔۔ حدفہ بے خبر سو رہی

تھی وہ تیزی سے اس کے پاس سے گزرتی ہوئی واش روم میں گھسی

تھی۔۔۔ کپڑے بدن سے گیلے ہو کر چپکے پڑے تھے جو مزید الجھن کا شکار

کر رہے تھے۔۔۔

کپڑے تبدیل کرنے کے بعد وہ بے ارادہ بار بار کلی کر رہی تھی--- لبوں پہ

---ہاتھ رکھے سامنے آئی ینے میں اپنے چہرے کو دیکھا تھا

افففففف--- دل کیا اسے گریبان سے پکڑ کر جھنجوڑ ہی ڈالے--- تڑپ کر

----اپنے سرخ ہوتے چہرے کے ساتھ دیکھا تھا

باہر نکل کر ندوہ نے ٹاول سے بال خشک کرتے ہوئے گھڑی پر نظر پڑی تو

---ایک بجا رہی تھی

اسی طرح شاور کے نیچے ساکت کھڑے رہنے کے کچھ دیر بعد ماتھے پر جلن

کے احساس سے تارز ھوش میں آیا تھا--- شاور کو بند کرتا ہوا وہ باہر آیا

تھا-- ٹشو باکس سے اکھٹے تین ٹشو نکال کر ماتھے پر رکھے اور ویسے ہی گیلے

---کپڑوں اور گیلے دل کو لے کر وہ صوفے پر بیٹھتا چلا گیا تھا -

ایک کمزور سا لمحہ بھکنے پر مجبور سا کر گیا تھا اور پھر وہ ایسی حالت میں سامنے

کھڑی تھی کہ دل کا بے ایمان ہو جانا بنتا تھا---

لیکن ندوہ کے دل کا میل شاور کا تیز پانی اور اس کی سچی جسارت بھی نہ

دھو سکی ---- شائد وہ ٹھیک کہتی ہے اس کے دل میں میری محبت

کبھی نہیں جاگ سکتی --- کپڑوں سے پانی نچڑ کر فرش گیلا کر رہا تھا اور

سردی سے دانت بجنے لگے تھے----- لیکن وہ سر جھکائے ایک ہاتھ سے

ماتھے کے بہتے خون کو روکے بیٹھا تھا---

تم نیچے کیا کر رہی ہو------- سلمی نے قیمض کے بازو نیچے کرتے ہوئے

---- حیران ہو کر پوچھا

وہ تہجد کے لیے وضو کرنے کے بعد حدفہ کو نماز کے لیے اٹھانے آئی تھیں

جب ندوہ کو دیکھ کر حیران سی ہوئی یں---

وہ میں ------ --- ندوہ ایک دم سے اٹھ بیٹھی تھی اور سلمی کے ماتھے کے

---بل دیکھ کر گڑ بڑا گ ئی تھی

تارز سے لڑائی ہوئی ہے کوئی -------- سلمی نے تجسس سے پوچھا

---تھا

---نہیں------- ندوہ نے گھٹی سی آواز میں کہا تھا

تو پھر اوپر جاؤ--- مجھے یہ سب پسند نہیں اتنا اچھا شوہر دیا ہے اللہ نے تم

یوں ناراض ہو ہو کر نیچے آؤ گی تو اس کے دل سے اتر جاؤ گی جلدی

----------- سلمی نے غصے سے کہتے ہوئے اس کی طرف دیکھا

وہ امی اس کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے------ ندوہ نے خجل ہو کر

---- جھوٹ بولا اوپر جانے کو تو بلکل دل نہیں تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تو پھر تو تمہیں اوپر ہی ہونا چاہیے --چلو جاؤ اوپر اسی وقت نہیں تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا------ سلمی نے پریشان ہو کر ڈانٹنے کے انداز میں کہا تھا----

-----امی---------- ندوہ نے بے چارگی سے دیکھا تھا

اوپر جاؤ اپنے کمرے میں ویسے بھی میں بہت عرصے سے نوٹ کر رہی ہوں رویہ تمہارا------ صبح تمہارا دماغ درست کرتی فلحال جاؤ اوپر-------- سلمی نے دانت پیستے ہوئے اس کی بے چارگی کو نظر انداز کیا تھا---لہجہ اب بھی ---جھاڑنے والا ہی تھی

ندوہ چارو نہ چار اوپر آئی تھی---- کمرے کے دروازے میں ایک دم رکی تھی ---تارز ویسے ہی گیلے کپڑوں میں بیٹھا ہوا تھا --- کمرے کا دروازہ کھلا تھا جس کی وجہ سے کمرہ مزید ٹھنڈا ہو رہا تھا---- ویسے ہی کیوں بیٹھا ہوا ہے

اب--- ابھی تک کپڑے بھی نہیں بدلے--- ندوہ نے چور سی نظر تارز پر ڈالی تھی --- وہ ساکت لب بھینچے بیٹھا تھا جسم سردی کی وجہ سے مسلسل کانپ رہا تھا--- ماتھے پر اب خون رک چکا تھا لیکن وہاں سے ماتھا سوج کر ---اوپر کو ابھرا ہوا تھا--- بال گیلے ہو کر بکھرے اور بے ترتیب سے تھے ندوہ نے جلدی سے کمرے کا دروازہ بند کیا اور ہیٹر آن کیا تھا --- وہ بار بار ---تارز کی طرف دیکھ رہی تھی جو ابھی تک اسی پوزیشن میں بیٹھا ہوا تھا

بدتمیز --- ڈھیٹ--- اور اب کس بات کا نخرہ دکھا رہا مجھے یوں گیلا بیٹھ کر --- غلطی بھی خود کرتا ہے اور پھر --- ندوہ منہ میں بڑبڑاتے ہوئے اس کے کپڑے نکال رہی تھی---- اس کے کپڑے اور ٹاول ہاتھ میں پکڑے ----وہ تارز کے پاس آئی تھی

رول توڑا تھا سزا تو ملنی تھی--- ندوہ نے کپڑے اس کی طرف بڑھاتے

ہوئے مدھم سی آواز میں کہا تھا-- ----

-- تارز نے کوئی جواب نہیں دیا تھا

تارز کپڑے بدل لو--- اس نے کپڑے تارز کے ساتھ صوفے پر رکھے

تھے----

تارز کے ہونٹ نیلے ہو رہے تھے---- پھر ایک جھٹکے سے وہ اٹھا تھا اور خود

الماری سے ایک ٹریوزر اور ٹی شرٹ نکال کر وہ سپاٹ چہرہ لیے واش روم میں

گھس گیا تھا---

ندوہ نے ڈھیرے سے صوفے پر پڑے کپڑے اٹھا کر پھر سے الماری میں

لٹکا دئے تھے----مجھے کس بات کے نخرے دکھا رہا ہے---- ندوہ نے لب

کچلتے ہوئے سوچا--- پھر سر جھٹک کر لاپرواہی سے اپنی جگہ پر اپنے مخصوص

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

انداز میں لیٹ چکی تھی۔--- تارز سپاٹ چہرہ اور سوجا ہوا ماتھا لے کر کمرے سے نکلا تھا اور خاموشی سے لیٹ گیا تھا۔--- ایک ماہ اور دس دن میں آج ---پہلا دن تھا جب تارز نے اس کا ہاتھ اپنے سینے سے نہیں لگایا تھا

---ندوہ نے سکھ کا سانس لیا اور آنکھیں موندی تھی

لیکن کتنی عجیب بات تھی آج نیند نہیں آ رہی تھی--- ندوہ نے زبردستی ---آنکھوں کو زور سے بھینچا تھا

*************

تارز --- ماتھے پر کیا ہوا ہے----حدید نے نظر پڑتے ہی پریشان لہجے میں ---پوچھا تھا

وہ ناشتے کے لیے تیار ہو کر نیچے آیا ہی تھا جب حدید کی نظر اس کے ماتھے کے زخم پر پڑی تھی---وہ ایک دم سے پریشانی سے کرسی پر سے اٹھے تھے

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

سلمی اور حدفہ بھی پریشان شکل بنا کر دیکھنے لگیں تھی داؤ د کے بھی کان کھڑے ہو گئے تھے۔۔۔ بس ایک ندوہ تھی جو نظریں چرا کر اردگرد دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔

ماموں رات غلطی سے اندھیرے کی وجہ سے میٹ میں پاؤں پھنسنے سے گر گیا تھا تو ڈریسنگ کا کونا لگا۔۔۔۔۔۔تارز نے مصنوعی مسکراہٹ چہرے پرسجا کر جھوٹ بولا تھا۔۔ ندوہ کی طرف ایک نظر بھی نہیں ڈالی تھی۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔۔۔کافی گہرہ زخم ہے پاؤ ڈین دو سلمی۔۔۔۔ ۔۔۔ تارز نے پاس آ کر تارز کے ماتھے کو دیکھتے ہوئے کہا تھا اور اس کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھا تو چونک کر تارز کی طرف دیکھا پھر جلدی سے اس کا بازو تھاما تھا۔۔۔ وہ بری طرح بخار میں تپ رہا تھا۔۔۔

افففف ۔۔۔ تارز اتنا تیز بخار ہے تمہیں۔۔۔۔ندوہ ۔۔۔۔ بخار ہے تارز کو اتنا

۔۔ تیز۔۔۔ حدید اچھنبے سے فورا ندوہ کی طرف رخ کر کے گویا ہوئے

۔۔۔۔ندوہ ایک دم سے سٹپٹا گ ئی تھی

جی ۔۔۔ جی۔۔۔ ابا ۔۔۔ وہ سردی لگ گ ئی ہے۔۔۔ شائی د ان کو۔۔۔

۔۔۔ندوہ نے بے چینی سے لب کچلا تھا

تو بتایا کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ حدید نے غصے سے جھاڑنے کے انداز میں کہا

۔۔۔۔اور سلمی سے پاؤڈین پکڑ کر روئی کی مدد سے تارز کے زخم پر لگائی تھی

ماموں ٹھیک ہو جاؤ ں گا ۔۔۔۔۔۔۔ پریشان نہ ہوں آپ۔۔۔ تارز نے لب

۔۔۔ بھینچتے ہوئے مسکرا کر کہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

کیا مطلب ہو جاؤ ں گا۔۔۔ ندوہ اٹھو جا کر میڈیسن باکس لاؤ میرا۔۔۔۔۔۔

حدید نے ہونک بنی بیٹھی ندوہ سے کہا تھا جو ایک دم سے حدید کے غصے کو

دیکھتے ہوئے اٹھی تھی۔۔۔

حدید اور سلمی پہلے بھی تارز سے پیار کرتے تھے لیکن اب تو کچھ زیادہ ہی

خیال اور عزت کرنے لگے تھے ۔۔ جب سے تارز سے اس کی شادی ہوئی

اس کی اپنی تو کوئی اہمیت ہی نہیں رہی تھی ہر کوئی بس تارز تارز ہی کرتا

رہتا تھا ۔۔۔

جی ابا۔۔۔۔ ندوہ جلدی سے کرسی پیچھے کھسکاتے ہوئے اٹھی تھی ۔۔۔

اتنی دیر ضد میں گیلے کپڑوں میں بیٹھے گا تو یہی حال ہو گا۔۔۔۔ ۔۔ ندوہ نے

دانت پیس کر سوچا اور غصے سے تارز کی طرف دیکھا تھا جو سب میں سپاٹ

چہرہ لیے بیٹھا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے میڈیسن باکس لا کر حدید کے پاس میز پر رکھا تھا--- حدید نے اچٹتی

--- سی نظر ندوہ پر ڈالی تھی---جو یونیورسٹی کے لیے تیار تھی

اور تم کہاں--- جا رہی --- چھٹی کرو --- حدید نے ماتھے پر بل ڈال کر

----حکم دینے کے انداز میں ندوہ کو کہا تھا

نہیں ماموں جانیں دے اسے------ تارز نے فورا بخار سے بھاری ہوتی آواز

--- میں سپاٹ چہرے کے ساتھ کہا تھا

کیوں --- کوئی ضرورت نہیں آج جانے کی گھر رہے تمھارے پاس --- --

حدید نے سختی سے تارز کی بات کی تردید کرتے ہوئے کہا---اور گھور کر ندوہ

---کی طرف دیکھا

آرام کرو اوپر جا کر---- حدید نے میڈیسن کھلانے کے بعد تارز کو محبت سے

---کہا جبکہ ہاتھ اس کی پشت کو تھپتھپا رہے تھے

--- جی ماموں --- --- تارز دھیرے سے مسکرایا تھا

اور کرسی پیچھے کرتا ہوا وہ اوپر کی طرف چل دیا تھا-- ایک ہاتھ ٹائی کی ناٹ

کو ڈھیلا کرتا ہوا وہ دوسرے ہاتھ سے فون سے نمبر ملا رہا تھا --- طبیعت کی

---ناسازی اسے آج نہ جانے پر مجبور کر چکی تھی

ندوہ چائے میں جوشاندہ ڈال کر دو اسے --- حدید نے ندوہ کو اگلا حکم صادر

----کیا تھا

---وہ تیزی سے کچن کی طرف چل پڑی تھی

چلیں جی اب الٹا میں نواب کی خدمتیں کروں --- ندوہ دانت پیستے ہوئے

---چائے بنا رہی تھی

تارز کو چائے دے کر میرے پاس آؤ --- عقب سے سلمی کی سخت آواز پر

وہ چونک کر مڑی تھی --- پھر اثبات میں سر ہلایا--- اور چائے کپ میں

انڈیلی---

تارز چائے--- دھیرے سے اسے آواز دی تھی --- لیکن وہ تو شائد غنودگی

میں تھا--- آنکھوں پر بازو رکھے لیٹا ہوا تھا ندوہ چائے سائیڈ ٹیبل پر رکھی اور

پھر نیچے آ گ ئی---

****************

جی امی --- آپ نے بلایا تھا------ ندوہ نے دروازے کے پاس کھڑے

ہوتے ہوئے کہا ---

--- سلمی نے کپڑے الماری میں رکھتے ہوئے گردن موڑ کر دیکھا تھا

آؤ-------- الماری کا دروازہ بند کرتے ہوئے وہ بیڈ پر بیٹھی تھیں---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

چائے دے آئی۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ کے پاس بیٹھتے ہی سلمی نے فکر مندی سے

پوچھا تھا۔۔

14

جی سو رہے ہا۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے بالوں کی لٹ کو کانوں کے پیچھے اڑستے

ہوئے پر تجسس انداز میں سلمی کی طرف دیکھا تھا۔۔

سو رہا ہے ۔۔۔ نہیں۔۔۔ سو رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ سلمی نے اپنے آخری

فقرے پر زور دیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

امی بچپن سے اسے عزت نہیں دی اب۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے بے زاری سے

کہا تھا۔۔۔

بچپن سے اور رشتہ تھا ۔۔۔ اب اور رشتہ ہے۔۔۔۔۔۔۔ سلمی نے جھاڑنے

کے سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

تمھاری خالہ راحت  کا فون آیا تھا کل رات۔۔۔۔۔۔ مدھم سے لہجے میں کہا۔۔۔

۔۔۔ تو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے کہا

کہہ رہی تھی ھدیل کی بیوی گھر چھوڑ کر چلی گ ئی ہے ...۔۔۔۔۔ سلمی نے بھی ٹھہرے سے لہجے میں کہا۔۔۔۔

۔۔۔کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے حیران ہو کر تجسس بھرے لہجے میں کہا

ابھی سال بھر ہی تو ہوا تھا ھدیل کی شادی کو۔۔۔اور اس کی بیوی گھر چھوڑ کر چلی گ ئی ۔۔ اور اگر راحت خالہ نے یہ بات امی تک پہنچائی ہے تو یقینَ ً کوئی بڑی بات ہو گی۔۔۔ ندوہ نے پر سوچ انداز میں سلمی کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔

راحت کہہ رہی تھی کہ ھدیل کی ہی زیادہ قصور ہے --- اسے ہر بات پر ٹوکنا

ڈانٹنا --- غصہ کرنا --- باہر کی لڑکیاں کہاں اتنا کچھ سہتی

ہیں-------------- سلمی نے تائی یدی نظروں سے اس کی طرف دیکھتے

ہوئے کہا تھا --

چاہیے محبت کی ہی کیوں نہ ہو شادی ---------- اپنی آخری بات پر

سلمی نے ٹھہر کر زور دیا تھا ---

تو آپ یہ سب مجھے کیوں بتا رہی ہیں------- سپاٹ لہجے میں ندوہ نے

سلمی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا تھا ---

تمہیں اس لیے بتا رہی ہوں کہ میں رات سے شکر ادا کر رہی ہوں اللہ کا

کہ خدا نے تمہیں ھدیل جیسے لڑکے سے محفوظ رکھا --- --- سلمی نے ندوہ

کے چہرے کو دونوں ہاتھوں میں بھرا تھا--------

تم بھی خدا کا شکر ادا کیا کرو تارز کی قدر کیا کرو --- اس سے یوں کھینچی کھینچی مت رہا کرو -------- وہ محبت بھرے لہجے میں آہستہ آہستہ اسے سمجھا رہی تھیں ----

امی------------ ندوہ نے روہانسی سی صورت بنا کر سلمی کی طرف دیکھا تھا جو سلمی کی طرف یوں دیکھ رہی تھی جیسے کہہ رہی ہو یہ بہت مشکل کام ہے امی ----

محبت شوہر سے ہو جایا کرتی ہے لیکن اس کے لیے پہلے کچھ قدم آگے بڑھنا پڑتا ہے چاہے اس میں من راضی ہو یا نہیں ہو-------- سلمی نے اب اسے گلے سے لگا لیا تھا ----

وہ ماں تھی --- ندوہ کا تارز کے ساتھ رویہ ویسے تو کسی سے ڈھکا چھپا نہیں تھا لیکن تارز کی اتنی محبت پر بھی اس کا روکھا سا رویہ سلمی کو عجیب لگتا تھا---

تارز جیسا نہ تو ھدیل تھا نہ حبان--- تم خوش قسمت تھی اس لیے خدا نے دونوں سے بچایا--------- سلمی نے خود سے الگ کر کے ندوہ کو دونوں کندھوں سے تھام کر کہا---

تارز سے محبت کرو اس کی قدر کرو جس طرح وہ تمھیں پھول کی طرح دل میں سجائے تمھارے گرد منڈلاتا پھرتا ہے اس کی محبت سے بڑھ کر اسے محبت دو--------- سلمی نے ٹھہرے سے لہجے میں اسے سمجھایا تھا---

سب سے بڑی بات وہ ہمارا سہارا ہے--- اس نے ہمیں ماں باپ سمجھا ---------- سلمی نے نظریں جھکا کر کہا

ہم سے کتنی محبت کرتا ہے اگر اس کی جگہ حبان یا ھدیل ہوتے کیا تب

تم ہمارے پاس ہوتی ------- اور کیا وہ بیٹے کی طرح ہمارے گھر رہ کر

ہماری زمہ داریوں کو بانٹتے--- سلمی ابھی بھی نظریں جھکائے ہوئی

تھیں ---

---تمھارے بابا کی جاب ختم ہو چکی ہے--- سلمی نے روہانسی آواز میں کہا

---ندوہ نے چونک کر دیکھا اسے نہیں پتہ تھا اس بات کا

---ابھی وہ روز بس دوکان پر بیٹھنے جاتے ہیں

----کب سے--- ندوہ نے حیران ہو کر سوال کیا تھا

تین ماہ سے--- --- اور تین ماہ سے گھر کا سارا خرچا تارز نے ہی اٹھایا ہوا

ہے--- تمھاری شادی پر بھی اسی نے اپنی کمپنی سے لون اپرو کروا کر

تمھارے بابا کو پیسے دیے تھے----- سلمی کی آنکھوں میں پانی تھا-- تارز کے لیے بے پناہ محبت تھی---

ندوہ کی آنکھیں پھیلتی جا رہی تھیں---

مما بابا مجھ سے پیسے کیوں نہیں لیتے تھے مجھے تو بتاتے آپ لوگ ندوہ نے روہانسی آواز میں کہا تھا---

تارز نے منع کیا تھا--- سلمی نے محبت سے اسے دیکھا ---

ندوہ بلکل ساکن سی ہوئی تھی----- تو تارز ابتہاج اور کتنے پرت ہیں تمھارے جو آہستہ آہستہ مجھ پر کھلیں گے ---

سوچو--- اپنے دل کے بند دروازے کھولو--- اس کی محبت کی پھوار کو دل تک آنے دو------- سلمی کی آواز اس کے کانوں میں پڑی تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اور وہ پر سوچ انداز میں وہیں کافی دیر خاموشی سے بیٹھی ہی رہ گئی

تھی ---

**********

سوپ لائی ہوں------- ندوہ نے مدھم سی آواز میں کہتے ہوئے سوپ کا

---باول بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پر رکھا تھا

تارز کو وہ کتنی بار دیکھنے آئی تھی پر وہ بے سدھ سو رہا تھا چائے کا کپ بھی

ویسے ہی پڑا پڑا کالا ہو چکا تھا--- اب شام کے چار بجے وہ سوپ بنا کر لائی

تھی اور جیسے ہی کمرے کی لائیٹ چلائی تو تارز نے بے زار سی شکل بنا کر

دیکھا تھا --- بخار نے اسے نڈھال کر رکھا تھا آنکھیں بھی سرخ ہو رہی تھیں

اور ماتھے پر ابھی بھی نشان سرخ تھا---سوپ کا باول رکھتے ہوئے اچانک

نظر پاس پڑے کوڑے دان پر پڑی تھی جس میں کل رات کے کتنے ٹشو

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

خون میں لت پت پڑے تھے۔۔۔رات اس کے سر سے کافی دیر تک خون

بہتا رہا تھا ندوہ کا دل اچانک ڈوبا تھا۔۔۔ اس خیال سے

ابھی کچھ نہیں چاہیے۔۔۔ لائٹ آف کر دو بس۔۔۔۔۔۔۔ تارز نے بھاری

۔۔۔آواز میں سپاٹ بے تاثر چہرے کے ساتھ کہا تھا

بال بکھرے تھے آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں جس سے پتا چل رہا تھا کہ بخار

۔۔۔ابھی بھی تیز ہے۔۔۔ ندوہ نے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا تھا

صبح سے کچھ بھی نہیں کھایا ہے۔۔۔۔۔۔۔ شرمندہ سی آواز میں دھیرے

۔۔۔سے کہا

جب کے دانت بری طرح لب کچل رہے تھے۔۔۔ سلمی نے جو انکشاف تارز

کے بارے میں کیے تھے ان کے بعد تارز کی عزت اس کے دل میں نا

۔۔۔ چاہتے ہوئے بھی گھر کر چکی تھی

کوئی بات نہیں --- کچھ نہیں ہو گا مجھے کچھ دیر ریسٹ کروں گا خود ہی

--- ٹھیک ہو جاؤں گا------ تارز نے سپاٹ لہجے سے کہا

--- بچوں جیسی ضد ہوئی یہ تو--- ندوہ نے خفگی بھری آواز میں کہا

میں--- بچہ نہیں ہوں--- تمہیں کہا تو ہے ابھی دل نہیں چاہ رہا لے

جاؤ--- تارز کو بچہ کہنے پر پھر سے تپ چڑھی تھی--- دانت پیستے ہوئے

--- تھوڑی اونچی آواز میں کہا

ندوہ ایک دم سے سٹپٹائی تھی---تارز نے پہلی دفعہ اس کے ساتھ اتنا

سخت رویہ اپنایا تھا----- وہ حیران سی باؤل اٹھا کر باہر نکل گئی تھی

---

مجبوری میں خدمتیں کرنے آ گئی ہے--- مجھے اب تمہاری مجبوری نہیں

چاہیے تارز نے دانت پیستے ہوئے کہا اور زور سے تکیے پر سر مارا--- ماتھے کی

تکلیف سے زیادہ تزلیل کا احساس تھا۔۔۔۔۔۔ ایسے لگ رہا تھا جیسے اس نے اپنی بیوی کے ساتھ نہیں کسی غیر محرم کے ساتھ وہ جسارت کی ہو۔۔۔ تارز نے آنکھیں موندیں تھیں جلن کا احساس تھا سر بھاری ہو رہا تھا چھینکیں مسلسل آ رہی تھیں ۔۔۔

سوپ کو لا کر کچن میں رکھ کر شلف سے ٹیک لگائے وہ کتنی دیر ہی کھڑی رہی تھی۔۔۔بار بار تارز کی بے رخی کا دل میں خیال آ رہا تھا۔۔۔ کیا مس ئ لہ ہے مجھے یہی تو میں چاہتی تھی وہ مجھ سے بے زار ہو جائے ۔۔۔ ۔۔۔اب جب ایسا موقع آ گیا ہے تو دل کیوں بے چین ہو رہا ہے بے وجہ ٹی چینل بدل بدل کر بے زار ہو گ ئ ی تھی۔۔۔ داؤد کے کمرے میں گ ئ ی تو وہ بھی تارز کے لیے ہی فکر مند ہو رہے تھے اسے تارز کا خیال رکھنے کی نصحتیں شروع کر دیں ۔۔۔۔۔ مغرب کے بعد وہ پھر سے اوپر آئی

تھی --- وہ بے سدھ سو رہا تھا لیکن اب کی بار ہلکی ہلکی کراہانے کی آوازیں

-- آ رہی تھیں لائٹ جلا کر ندوہ آگے ہوئی تھی

تارز--- تارز کیا ہوا--- ---- فکر مندی سے ندوہ نے اس پر جھکتے ہوئے

کہا تھا اور پھر اس کے گال پر ہاتھ رکھتے ہی جیسے اس کی آنکھیں ایک دم

---سے پوری کھلی تھیں

اوہ گاڈ اتنا تیز بخار ہے-------- ندوہ نے ایک دم سے پریشان ہو کر

---دیکھا

حدید بھی رات دس بجے تک گھر آتے تھے --- ندوہ نے پریشانی سے سر پر

ہاتھ رکھا اور ایک نظر تارز پر ڈالی جس کی اب آنکھیں بھی نہیں کھل رہی

تھیں ---

کچھ خیال آتے ہی بھاگتی ہوئی نیچے گ ئی اور ٹھنڈا پانی اور پٹی لے آئی تھی

--- وہ اتنی بوکھلائی ہوئی تھی --کہ سلمی بھی پریشان ہو کر اس کے ساتھ

--- --- اوپر آ گ ئی تھیں

ندوہ اسے تو بہت بخار ہے------- سلمی نے تارز کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر

--- پریشان سی آواز میں کہا

پہلے شرٹ اتارو اس کی ----------- سلمی نے مصروف سے انداز میں

کہا

ندوہ جو پٹی کو ٹھنڈے پانی میں بھگو رہی تھی---چونک کر سلمی کی طرف

---دیکھا جو اب بیڈ پر سے اٹھ گ ئی تھیں

میں-------- ندوہ نے پریشان سا ہو کر سلمی کی طرف بے یقینی سے دیکھا

---تھا

ہاں اتارو جلدی اور جرابیں اتارو۔۔۔ میں تمھارے بابا کو کال کرتی ہوں جلدی

۔۔۔ آئی یں۔۔۔۔۔۔ سلمی ندوہ کو ہدائیت دیتی نیچے جا چکی تھیں

اور وہ لب کچلتے پریشان حال سی کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔ تارز کو دیکھا جھک کر

۔۔۔ وہ بے سدھ تھا ۔۔۔ بخار نے نڈھال کر رکھ تھا

۔۔۔ ندوہ نے جھجکتے ہوئے کمبل اس پر سے اتارا تھا

اس کے پاس بیڈ پر بیٹھ کر اس کی شرٹ کے بٹن کھولے اس کے جسم

کی گرماہٹ اسے اپنے ہاتھوں پر محسوس ہو رہی تھی۔۔۔ شرٹ کے سارے

بٹن کھولے اب وہ یہ سوچ رہی تھی اس کے بازو سے کیسے شرٹ کو

۔۔۔ اتارے

۔۔۔ تھوڑا سا جھک کر اسے اوپر اٹھانے کی کوشش کی

افففف--- کتنا وزنی ہے --- مجھ سے ہو گیا کیا یہ بھلا --- بڑی مشکل سے اس کے ساتھ گھلتی ہوئی وہ اس کی شرٹ اتارنے میں کامیاب ہو ہی گ ئی تھی --- سانس چڑھ گیا تھا

-----پاؤں سے جرابیں اتاری اور پھر اس کے ماتھے پر گیلی پٹیاں رکھیں ہر ایک گیلی پٹی جو وہ اس کے ماتھے پر رکھ رہی تھی وہ اس کےپتھر دل میں سوراخ کا سبب بن رہی تھی----

---تارز کے اتنا قریب خود اپنی مرضی سے آج وہ پہلی دفعہ بیٹھی تھی

*************

--اب کے مجھ کو دیکھ کے وہ -- دیکھتا رہ جائے گا

اس قدر بدلیں گے ہم----     وہ سوچتا رہ جائے گا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

میرے چہرے پر بھی ہوں گے بے رخی کے زاویے

ایسا ہے کہ مجھ میں مجھ کو وہ ڈھونڈتا رہ جائے گا

تارز نے دھیرے سے رخ موڑ کر بے سدھ سوئی ندوہ کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

بخار بہت حد تک کم ہو چکا تھا۔۔ حدید رات کو اپنے ساتھ ڈاکٹر کو لے آئے

تھے ۔۔۔ اور پھر ندوہ کی بہت دیر تک پٹیاں کرنے کی وجہ سے اب وہ خود

کو کافی بہتر محسوس کر رہا تھا۔۔۔

آج اتوار کا دن ہونے کی وجہ سے آفس کی بھی کوئی پریشانی نہیں تھی ۔۔۔

اچانک انہی سوچوں میں گم نظر اپنے آپ پر گ ئی تھی اس کی شرٹ اتری

ہوئی تھی۔۔۔ اور اب بخار کم ہونے کی وجہ سے سردی لگ رہی تھی ۔۔۔

شرٹ کا ایک حصہ ندوہ کے کندھے کے نیچے تھا ۔۔۔ جیسے ہی تارز نے

شرٹ کو کھینچا تھا ۔۔ ندوہ کے کندھے کو جھٹکا لگا تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---وہ تیر کی سی تیزی سے اٹھ کر بیٹھی تھی

اٹھ گئے طبیعت کیسی ہے--- --- تھوڑی دیر کی خاموشی کے بعد ندوہ

---نے مدھم سی آواز میں کہا تھا

ٹھیک ہے--- بے رخی سے مختصر سا جواب دے کر وہ پھر سے کمبل لے

------چکا تھا

---ناشتہ کیا کرو گے--- ندوہ نے پھر سے مدھم سی آواز میں کہا تھا

---تارز اس کی طرف پیٹھ کیے ہوئے تھا

------کچھ بھی نہیں --- سپاٹ لہجے میں جواب ملا تھا

---پوچھ ایسے رہی جیسے بہت فکر ہو میری تارز نے بے دلی سے سوچا تھا

ایسے بھوکے پیٹ میڈیسن تھوڑی لی جائے گی ------ ندوہ نے لب کچلتے

---ہوئے کہا تھا

----رات سے دل تارز کی پریشانی میں گھلنے سا لگا تھا

سر کھانا بند کرو گی--- سر میں درد ہے میرے-----تارز نے بے رخی

---سے کہا تھا

ٹھیک ہے اپنی مرضی سے کچھ بنا دیتی ہوں اور امی کے ہاتھ اوپر بھیج دیتی

---ہوں---- ندوہ نے بیڈ سے اٹھتے ہوئے مصروف سے انداز میں کہا تھا

کیاپتا بخار ہے اس لیے اس طرح بے زاری دکھا رہا مجھ سے --- ندوہ اس

---کے پیروں کے پاس کھڑی سوچ رہی تھی

کچھ چاہیے تو بتا دو --- نیچے جا رہی ہوں------ ایک بار پھر سے ہمت کر

---کے ندوہ نے دھیرے سے کہا تھا

ہاں ---- چاہیے---- خاموشی--- مل سکتی ہے کیا-------تارز نے

---ایک دم سے کمبل سے باہر سر نکالا تھا اور تھوڑا غصے میں کہا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ نے حیران سے انداز میں اسے دیکھا تھا۔۔۔۔اور پھر الجھی سی وہ نیچے جا چکی تھی۔۔۔

***************

چائے۔۔۔۔۔۔ ۔۔ ندوہ نے بیڈ کی سائیڈ میز پر چائے کا کپ رکھتے ہوئے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔ اور کن اکھیوں سے تارز کے چہرے کا جائزہ لیا وہ بے تاثر چہرے کے ساتھ فون کی سکرین پر کچھ دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔

وہ آج دس بجے ہی کمرے میں موجود تھی۔۔۔ نیچے دل ہی نہیں لگ رہا تھا بار بار دل اوپر جانے کو ہمک رہا تھا ۔۔۔ زبردستی تارز کی نیند پوری ہونے کا انتظار کرتی رہی ۔۔۔ پھر چائے بنائی اور اوپر آ گئی۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ممانی نیچے سے زبردستی بھیجتی ہیں تو محترمہ دل پر پتھر رکھ کر آ جاتی ہیں تارز

---نے سپاٹ چہرے کے ساتھ سوچا تھا

میڈیسن لی------------ ندوہ نے پھر سے دھیرے سے پوچھا اور ماتھے

کی طرف دیکھا سوجن کافی حد تک کم تھی البتہ چوٹ کا نشان ابھی بھی سرخ

---تھا

پتہ نہیں کیوں ایک دم سے اپنی اس حرکت پر افسوس سا ہونے لگا

تھا---- اور اس کی لمبی مڑی ہوئی پلکوں سے تھوڑا سا اوپر گہرے زخم کا

---نشان اس کے دل کو گھٹن کا شکار کر رہا تھا

لے لی ---- ---------- تارز نے مختصر جواب دیا تھا------- نظر اٹھا

---کر دیکھنا مناسب نہیں سمجھا تھا

کیا ہے دل کو ۔۔۔۔ یہی سب تو میں چاہتی تھی ۔۔۔ کہ وہ کم بولے مجھے ۔۔۔تنگ نہ کرے بار بار محبت نہ جتائے اب کیوں دل کو بے چینی ہے

اپنی طرف کا بستر درست کرتی وہ چور نظر سے تارز کا جائزہ لے رہی تھی۔۔۔ صبح سے شائد بستر سے بھی نہیں نکلا تھا بال بکھرے سے تھے ۔۔۔ اور چہرے پر ایسی سنجیدگی آج سے پہلے ندوہ نے کبھی نہیں دیکھی تھی ۔۔۔

تارز شائید سارا دن سویا تھا اس وجہ سے اب اسے نیند نہیں آ رہی تھی وہ ۔۔۔۔ موبائل پر سپاٹ چہرے کے ساتھ کچھ کرنے میں مصروف تھا

اور اسے۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے ۔۔۔۔۔کیوں نیند نہیں آ رہی تھی ۔۔۔ بار بار تکیے پر سر درست کر رہی تھی ۔۔۔ تارز نے ہاتھ ہی نہیں پکڑا ۔۔۔۔ ۔۔۔ لب کچلتے ۔۔۔ دل میں عجیب سا خیال ابھرا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

افففف کیا سوچے جا رہی ہوں میں ---آنکھیں زور سے بند کی --- ---تارز

--- کے زخم کا نشان سامنے تھا--- فوراآنکھیں پھر سے کھول دیں

---لائٹ بند ہوئی تھی---- مطلب وہ بھی سونے کے لیے لیٹ رہا تھا

ندوہ نے ہاتھ کو ایک طرف کھول کر رکھا--- وہ لا شعوری طور پر ایسا کر رہی

تھی------ابھی تارز ہاتھ تھامنے والا ہے--- نا جانے کیوں ایک عجیب سا

انتظار--- ابھی اس کا مضبوط ہاتھ اس کی گرفت میں ہو گا اور پھر آنکھیں

خود بخود بند ہونے لگیں گی-------ایک دوسرے میں پیوست دونوں لب

----دھیرے سے مسکراہٹ میں بدلے تھے

---تارز نے ہاتھ تھاما ہی نہیں ہاتھ تو جوں کا توں ویسے ہی بیڈ پر دھرا تھا

اف کیا مصیبت ہے --- مجھے کیا ہو رہا ہے ---الجھن بڑھتی جا رہی

------- تھی--- اور ذہن تھا کہ کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھا

میں ہار گیا تم بلکل ٹھیک کہتی تھی ندوہ -- کہ میں ہار جاؤں گا اور میں ہار گیا --- سب کچھ پانے کے بعد بھی تمہیں نہیں پا سکا --- تھوڑا سا بھی پیار تمہارے دل میں نہیں جگا سکا ----

تم ویسی ہی ہو --- سخت دل --- شائد تم ھدیل سے بہت محبت کرتی تھی ---

اوہ --- دونوں ہاتھوں سے تارز نے سر کو جکڑا تھا--- یہ تو کبھی میں نے سوچا ہی نہیں -- تم ھدیل سے محبت کرتی تھی --- تو میں یہ کیا کر بیٹھا ہوں --- تم اپنے دل کے دروازے اس کے بعد بند کر چکی ہو--- جن پر میری بے پناہ محبت کی دستک کوئی اثر نہیں کرتی ہے ---

عجیب سی گھٹن کا شکار ہو رہا تھا دل --- ایک دم سے گرمی لگنے لگی تھی ------ کمبل کو زور سے ایک طرف کیا تھا

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

اسی طرح نفس کی جنگ لڑتے لڑتے دونوں نفوس کب نیند کی وادیوں میں گئے دونوں کو خبر نہیں تھی ---

********

یہ کیا --- ندوہ نے تارز کے بڑھے ہوئے ہاتھ میں کارڈ دیکھتے ہوئے کہا تھا -- آنکھوں میں سوالیہ نشان تھا ---

کریڈیٹ کارڈ -- حبان بھائی کی شادی کی شاپنگ کر لینا -------- دھیرے سے سنجیدہ انداز میں کہا ---

وہ ندوہ کی یونیورسٹی کے گیٹ کے سامنے گاڑی میں بیٹھے تھے ---

تو اپنے پاس رکھیں --- آپ کے ساتھ ہی جاؤں گی ------ ندوہ نے حیران ہوتے ہوئے کہا ---

تارز کی بے رخی دل کو کھلنے لگی تھی پر دماغ اور دل سرد جنگ میں مصروف تھے---

میں کیا کروں گا ساتھ جا کر ممانی کے ساتھ چلے جانا------ تارز نے بے زاری سے کہا -- --- اور ایک نظر اس پر ڈالی تھی

روز کے معمول سے تھوڑا ہٹ کر لگ رہی تھی --- اور آپ کہہ رہی تھی --- یہ اب کیا نیا چکر ہے--- تارز نے سنجیدگی سے سوچا لیکن پھر سے رات والی بات ذہن میں آتے ہی چہرہ سنجیدہ ہو گیا تھا---

کیوں--- آٹو میں دھکے کھائیں ہیں ہم --- آپ جلدی آ جائیں آج آفس سے------- ندوہ نے آنکھیں سکیڑتے ہوئے نارمل انداز میں کہا

کیوں دل بار بار یہ خواہش کر رہا تھا کہ تارز پھر سے ویسا ہی ہو جائے ہر وقت چہرے پر مسکراہٹ سجائے رکھنے والا---

ہاں یہی تو وہ کام ہیں جن میں صرف میری ضرورت ہے تمہیں ------ تارز نے دانت پیستے ہوئے سوچا تھا--- جبڑے ایک دوسرے میں پیوست ہو گئے تھے---

ٹھیک ہے میں آ جاتا ہوں آج جلدی--------- سنجیدہ سے انداز میں کہا تھا---

تم تیار رہنا میں نکلنے سے پہلے کال کروں گا آفس سے -------- تارز نے نظریں سامنے مرکوز کرتے ہوئے کہا تھا---

ٹھیک ہے-------- دروازہ کھولتے ہوئے ایک آخری نظر تارز پر ڈالی تھی---

وہ سامنے نظریں گاڑے سنجیدہ سا لب بھینچے بیٹھا تھا--- نہیں تو اس وقت اس کی آنکھیں اسے گاڑی کی سیٹ سے لے کر یونیورسٹی کے گیٹ تک چھوڑ کر آتی تھیں --

مایوس سا چہرہ اور الجھا سا دل لے کر وہ کار سے اتری تھی ابھی کار سے دوسرا پاؤں نکال کر اس نے دروازہ بند ہی کیا تھا جب گاڑی ایک زن کی آواز میں پاس سے گزر گئی تھی ---

تو آج اس کی آنکھوں نے اسے یونیورسٹی کے گیٹ تک نہیں چھوڑا تھا--- پر کیوں--- گھٹن زدہ دل کے ساتھ وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی گیٹ تک جا رہی تھی ---

********************

نگاہوں کے تصادم سے عجیب تکرار کرتا ہے---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

یقیں کامل نہیں لیکن گماں ہے پیار کرتا ہے

لرز جاتی ہوں میں یہ سوچ کر کہیں کافر نہ ہو جاؤں

دل اس کی پوجا پر بڑا اسرار کرتا ہے

اسے معلوم ہے شائد میرا دل ہے نشانے پر

لبوں سے کچھ نہیں کہتا نظر سے وار کرتا ہے

میں اس سے پوچھتی ہوں خواب میں مجھ سے محبت ہے؟

------پھر آنکھیں کھول دیتی ہوں جب وہ اظہار کرتا ہے

پوری شاپنگ کے دوران ندوہ تارز کے ہر ہر انداز کو دل میں اتار رہی تھی

--- لیکن وہ تھا کہ بس ہوں ہاں سے کام لے رہا تھا--- تین دن ہونے

کو آئے تھے لیکن ندوہ نے ایک دفعہ بھی اس کے چہرے پر مسکراہٹ نہیں

---دیکھی تھی

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اسے تارز کی یہ سنجیدگی بری طرح بے چین کر رہی تھی--- دل عجیب سی خواہشات کرنے لگا تھا جس سے وہ خود پریشان سی ہو جاتی تھی---یہ سب کیا تھا--- کیوں تھا-- لیکن جو بھی تھا دل میں گھٹن کی جگہ اب ایک ---گدگدی سی لینے لگی تھی

تارز پاس بیٹھتا تو اس کے جسم سے اس کے کپڑوں سے اٹھنے والی خوشبو اب ---دل کو بھلی لگنے لگی تھی

اس کا ہر انداز-- اس کا اٹھنا بیٹھنا ---- چلنا ----بولنا ---- کھانا ---- سب ہی تو وہ نوٹ کرنے لگی تھی-------- کمرے میں جلدی جانے کو دل کرتا--- اس کے ساتھ لیٹ کر اس کے ہاتھ پکڑنے کے انتظار کرنا ------- کیا تھا یہ سب ------- کیوں ہو رہا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

جھٹلانا--- سر جھٹک دینا--- خود کو سرزنش کرنا --- یہی سب کام تھے

اب اس کے------

حبان کی شادی کے دن قریب آ گئے تھے سیما نے اسے جلدی خان پور بلایا

تھا--- تارز نے ہفتہ رک کر آنا تھا ---

وہ بے دلی سے پیکنگ کرنے میں مصروف تھی جب کہ تارز ہنوز سپاٹ چہرہ

لیے لیپ ٹاپ پر کچھ ٹائپ کر رہا تھا---ندوہ بار بار اسے دیکھ رہی تھی ---

اسے کوئی اداسی نہیں میں جا رہی ہوں صبح --- ہونٹ بچوں کی طرح باہر

نکالتے ہوئے سوچا--- دل کر رہا تھا اٹھا کر کچھ دے مارے مجھے دیکھتا

کیوں نہیں اب---

خوش ہوں گی میڈیم ---- اب بہت سے دن میرے ساتھ ایک کمرے میں

گھٹن نہیں ہوگی ان کو--------تارز نے خود پر قابو پا کر سوچا کیونکہ دل بار

---بار اس کو دیکھنے کو چاہ رہا تھا

عجیب سی اداسی ہو رہی تھی اب اتنے دن کے لیے وہ اس سے دور جا رہی

تھی --- اس کا سکون نہیں ہو گا پورے ایک ہفتے کے لیے کمرے میں

--- --- شرٹ کے بٹن کو کھولا---- گھبراہٹ پھر بھی ہو رہی تھی ---

----جلدی سے اٹھ کر ہیٹر کو بند کیا تھا

---ندوہ پیکنگ کرنے کے بعد اب بستر پر لیٹ چکی تھی

نیند بھی نہیں آ رہی تھی کروٹ بار بار بدل کر تھک چکی تھی --- اوپر سے

تارزپتا نہیں آج پوری زندگی کا کوئی کام کرنے بیٹھا تھا---گھور کر

------دیکھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

اور پھر کتنے ہی لمحے بس اسے دیکھتی ہی رہ گ ئی تھی--- وہ بہت دل موہ

--- لینے والا حسن رکھتا تھا--- دل عجیب ہی طرز میں دھڑکا تھا

---وہ گڑ بڑا گ ئی تھی اپنی حالت پر فورا گھبرا کر ارد گرد دیکھا

---تارز کے فون کی بل نے کمرے کی خاموشی میں خلل پیدا کیا تھا

جی مما--------- فون اٹھا کر سلام کے بعد تارز نے صوفے کی پشت سے

---سر ٹکا کر کہا تھا

ندوہ کی تیاری مکمل ہے نہ ----- میری بات کروا دو اس سے --- سیما نے

---محبت بھرے لہجے میں کہا تھا

جی -------- سنجیدہ سی معدب آواز میں کہتا ہوا وہ اپنی جگہ سے اٹھا

----تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ندوہ۔۔۔۔۔ مما ہیں۔۔۔۔۔۔۔ سپاٹ چہرے کے ساتھ مدھم سی آواز میں

کہتے ہوئے ندوہ کی طرف فون کو بڑھایا تھا۔۔۔

جی پھپھو۔۔۔۔۔۔۔ سیدھے ہو کر بیڈ سے ٹیک لگاتے ہوئے میٹھی سی آواز

میں ندوہ نے کہا تھا

بیٹا پریشانی تو نہیں کوئی اکیلے آنے میں ۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے محبت بھرے

لہجے میں کہا تھا۔۔۔

نہیں پھپھو آپ فکر نہ کریں۔۔۔۔۔۔۔۔ مسکرا کر کمبل پر ہاتھ پھیرتے

ہوئے کہا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے ۔۔۔ میں تمہیں فون کرتی رہوں گی ۔۔۔ حبان یا تمھارے انکل آ

جائیں گے وقت پر ۔۔۔ ۔۔۔۔۔ سیما نے سمجھانے کے انداز میں کہا

تھا۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

15

---ٹھیک ہے پھپھو--------- ندوہ نے مسکراتے ہوئے کہا

اچھا اپنا بہت سا خیال رکھنا اور اس کا بھی بدتمیز کا بھی-------- سیما نے

---ہلکا سا قہقہ لگایا تھا

-- جی رکھتی ہوں --------- ندوہ کے لب مسکرا دئے تھے

یہ مسکراہٹ زبردستی کی نہیں تھی---یہ لا شعوری طور پر ہونٹوں پر در آئی

تھی---

ہنہ---رکھتی ہے --- کبھی سر پھوڑ کر تو کبھی دل توڑ کر----تارز نے

--- دانت پیستے ہوئے سوچا تھا

فون بند کر کے ابھی وہ رکھنے کو تھی جب فون کی سکرین پر آئے میسج پر لکھے

--- نام کو دیکھ کر وہ رک گ ئی تھی

----بھابھی

--- میسج پر لکھا نام دیکھ کر نا چاہتے ہوئے بھی وہ میسج کو کھول چکی تھی

تارز---- تھنکیو سو مچھ فار ایوری تھنگ---- تم اگر اس دن مجھے نہ ملتے تو

شائیدآج میں اور حبان ایک نہ ہوتے--- تم نے میری اور حبان کی محبت

کے لیے اتنا کچھ کیا-- مجھے حوصلہ دیا ساری پلیننگ کی --- ہمارا ناٹک بھی

اسی لیے کامیاب ہوا کہ ہمارا مقصد نیک تھا---- میں ساری زندگی تمھاری

مشکور رہوں گی --- اور اللہ سے دعا ہے جلد از جلد ندوہ کے دل میں خدا

تمھارے لیے بے پناہ محبت ڈال دے--- اسے احساس ہو جائے کہ تم

------کتنے بہترین انسان ہو اور وہ کتنی خوش قسمت لڑکی ہے

اب وہ پچھلی چیٹ پڑھ رہی تھی۔۔۔ جس میں تارز نے تانیہ کو ندوہ سے

محبت کی ساری داستان بتائی ہوئی تھی۔۔۔ وہ روز بس ندوہ کو ڈسکس

۔۔۔ کرتے تھے۔۔۔ تارز کے ہر میسج میں بس ایک ہی بات تھی

بھابھی دعا کیا کریں نہ میرے لیے بھی ۔۔۔ میرے سکون ۔۔۔ کو بھی

۔۔۔احساس ہو جائے میری بے پناہ محبت کا

ندوہ کا دل دھیرے سے ایک عجیب سی دھن میں رقص کرنے لگا تھا۔۔۔

۔۔سب کچھ جان کر آج غصہ کیوں نہیں آیا تھا

مسکراتے ہوئے اس نے فون بند کر کے ایک طرف رکھا اور لیٹ کر آنکھیں

۔۔۔موند لیں جب کہ لب بے ساختہ مسکرا رہے تھے

**************

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

میری جب شادی ہوئی تھی تو سولہ سال کی تھی۔۔۔۔۔۔ سیما نے مسکرا کر

۔۔۔کہا اور چاول بھگونے کے لیے سینک میں ٹیپ چلایا

اتنی چھوٹی پھپھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے حیرت سے منہ کھولتے ہوئے

۔۔۔کہا۔۔۔ وہ سلاد کاٹنے میں مصروف تھی

اسے خان پور آئے آج چوتھا دن تھا۔۔۔ سارا دن وہ اور سیما شاپنگ میں

مصروف رہتی تھیں ۔۔۔ خان پور کیونکہ چھوٹا شہر تھا تو خریداری کے لیے پاس

کے بڑے شہر جانا پڑتا تھا جہاں سے پھر وہ شام گئے لوٹتی تھیں۔۔۔۔۔۔

آج دونوں نے بازار جانے کا پروگرام کینسل کیا اور ابتہاج کی بریانی کی

۔۔۔فرمائی ش آ گ ئ ی تھی

تو اور کیا بہت چھوٹی تھی اور ابتہاج بائیس سال کے تھے۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے مسکراتے ہوئے کہا اور بریانی کے بھنتے ہوئے مسالے میں چمچ چلایا۔۔۔۔

ہاؤ۔و۔۔۔و۔ کیوٹ پھپھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ندوہ نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ مسکرا کر سیما کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

خاک کیوٹ ۔۔۔ اتنے سخت مزاج اصولوں کے پابند تھے۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے برا سا منہ بنایا۔۔۔ ان کی ساری پچھلی زندگی ان کے ذہن میں گھوم گئی تھی۔۔۔

میں چھوٹی سی تھی ناول پڑھ پڑھ کر ایک اور ہی دنیا میں رہنے والی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے پر سوچ انداز میں کہا۔۔۔ ان کے لب مسکرا دیے تھے

دل کرتا تھا --- ابتہاج ہنسے بولیں میرے ساتھ مزاق کریں میری شرارتوں

میں ساتھ دیا کریں ------- بڑی طنز بھری مسکراہٹ چہرے پر سجا کر سیما

---نے کہا

---ندوہ کے چہرے پر سے ہنسی غائب ہوئی تھی

میں بہت شرارتی تھی بچپن سے ہی تھی--- تارز بلکل مجھ پر گیا

---ہے------- بتاتے بتاتے سیما ایک دم سے کھلکھلا کر ہنسی تھیں

تارز کا نام سنتے ہی ہر دفعہ کی طرح دل اندر کو ڈوبا تھا--- جب سے یہاں

آئی تھی یہ ہی حالت ہو رہی تھی کوئی بھی تارز کا نام لیتا تھا تو دل ڈوب سا

---جاتا تھا--- رات گئے تک وہ یاد آتا تھا

تو کیا انکل آپ سے محبت نہیں کرتے تھے----------- ندوہ کو اپنی

آواز دور سے آتی ہوئی محسوس ہوئی تھی

کرتے تھے بہت کرتے بھی ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے تھے۔۔۔۔ بس ترس ترس کے گزر ہی گ ئی ۔۔۔۔۔۔۔ سیما گھٹی سی مسکراہٹ چہرے پر سجا کر بولیں تھیں ۔۔۔

مجھے تو اچھا لگتا ہے شوہر دوست جیسا ہو۔۔۔ ہر بات سمجھنے والا ساتھ دینا والا ایسا نہ ہو کہ بس اپنا ہی حکم چلائے آپکے احساسات کا کوئی خیال نہ ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے کھوئی کھوئی سی آواز میں کہا تھا

جیسے میرا تارز۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے آگے بڑھ کر ندوہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں بھرا تھا

ندوہ ایک دم سے شرما گ ئی تھی ۔۔۔ کب اس کے اندر کی شرمندگی شرمانے میں تبدیل ہوئی اسے خبر تک نہیں ہوئی تھی ۔۔۔

*For more amazing novel visit our website*
https://novelnagri.com/

دیکھو۔۔۔ اچانک شادی ہوئی تم سے ۔۔۔ لیکن پھر بھی کتنی محبت کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ کہا اور دھیرے سے اس کی ۔۔۔چہرے کو ہاتھوں کی گرفت سے آزاد کیا تھا

ابھی کل بات ہوئی تو بدتمیز پتا ہے کیا کہتا مجھے۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے ہلکا سا ۔۔۔قہقہ لگایا اور چاول کو چمچ سے نکال کر ہاتھ میں مسلتے ہوئے جانچا

کہتا مما میری بیوی کو کوئی تکلیف نہ ہو گھر میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیما بھرپور ۔۔۔مسکراہٹ اور چمکتی آنکھوں کے ساتھ ندوہ کو بتا رہی تھیں

ایک دم سے دل پر جیسے گدگدی سی ہونے لگی تھی۔۔۔۔تو محترم کو اگر میری اتنی فکر ہے تو چار دن سے مجھے تو ایک میسج تک نہیں کیا۔۔۔ دل نے ۔۔۔بچوں کی طرح اداس ہو کر سوچا تھا

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

میں نے کہا بدتمیز یہ اسکا بھی گھر ہے------- سیما قہقہ لگاتے ہوئے کہہ رہی تھیں---

کہتا میں آؤں تو وہ مجھے کوئی شکائت نہ کرے-------- سیما نے مسکرا کر ندوہ کی طرف دیکھا---

ندوہ کے چہرے پر بھی دلکش مسکراہٹ ابھر آئی تھی--- دل دھیرے دھیرے مدھر سی پریم بنسری پر رقص کنعاں تھا---

*****************

اب پتا چلا میرا پیارا سا دیور --- اتنا دیوانہ کیوں ہیں --- تانیہ نے شرارت سے ایک آنکھ دباتے ہوئے کہا --- اور محبت سے سرشار نظر سامنے بیٹھی ندوہ پر ڈالی ---

ندوہ ایک دم سے جھینپ گ ئی تھی---

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---کیسے------- مسکراہٹ کو دباتے ہوئے پوچھا تھا

وہ آج تانیہ سے ملنے اور مہندی کا جوڑے دینے آئی تھی--- خان پور آئے

اسے چھ دن ہو گئے تھے --- جیسے جیسے تارز کے آنے کے دن قریب

---آرہے تھے ویسے ویسے دل اس کی محبت میں بھیگتا جا رہا تھا

اتنی پیاری ہو آپ ماشاللہ-------- تانیہ نے ستائی شی نظر ندوہ پر ڈالتے

---ہوئے مسکرا کر کہا تھا

آپ سے تو کم ہوں--- ---ندوہ نے بھی دلکش مسکراہٹ چہرے پر سجاتے

---ہوئے کہا تھا

اچھا کیسا ہے وہ میرا ماسٹر مائنڈ ہیرو------ تانیہ نے ہلکا سا قہقہ لگا کر

---پوچھا تھا

---ٹھیک ہیں -------- ندوہ نے دل کی بے تابی پر قابو پا کر کہا تھا

کیونکہ خود اسے کال کرنے کی ہمت ہوتی نہیں تھی اور وہ تھا کہ کال کرتا نہیں تھا ---

تانیہ اسے اپنے اور حبان کے قصے سنا رہی تھی اور اسے ہر بات پر بس تارز کی یاد ستا رہی تھی ----

*****************

کیا--- یہ کب ہوا امی --------ندوہ نے حیرانگی سے آنکھیں پھیلا کر کہا تھا----

کل آیا تھا راحت کا فون مجھے بہت رو رہی تھی-------- سلمی نے پریشان سی آواز میں کہا ---

ندوہ کا ہاتھ ابھی بھی منہ پر ہی تھا --- ھدیل نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی تھی----

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---افسوس ہوا مجھے------- ندوہ نے مدھم سی آواز میں کہا

کہہ رہی تھی کہ ھدیل نے بھی خود کو کمرے میں بند کر رکھا ہے اس دن

---سے ------- سلمی نے ٹھہرے سے لہجے میں کہا تھا

امی آپ خالہ کو حوصلہ دیں --- اب کوئی کیا کر سکتا ہے جب وہ دونوں

ہی ایک دوسرے کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے تو------- ندوہ نے پر سوچ

---انداز میں کہا تھا

ہاں کہہ تو سہی رہی ہو تم ------- سلمی نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے

---کہا تھا

اچھا چھوڑیں تارز کا کیا حال ہے------- دھڑکتے دل اور لبوں پر محبت

--- بھری مسکراہٹ سجا کر کہا

---وہ ٹھیک ہے ---- ---- سلمی نے بھی مسکراتے ہوئے کہا تھا

تم سناؤ کیسے ہیں سب-------- سلمی اب اس سے سب کا حال پوچھ رہی تھیں---

اور وہ تھی کہ کسی اور ہی سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی---

تو ندوہ بی بی تم بد نصیب نہیں تھی اور تارز سے شادی ہوجانا تمھاری خوش نصیبی تھی بد نصیبی نہیں--- دل زور زور سے دھڑک رہا تھا اور تارز کے لیے شدید محبت کی گواہی دے رہا تھا--- دھڑکتے دل سے وہ پرسوچ انداز میں اٹھی تھی --- چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی واش روم میں آئی تھی اور پھر شاور کے پانی کے نیچے وہ سن کھڑی تھی --- ساکت--- جس کا وجود---روح----دل--- دماغ ---- سب کچھ تارز کی محبت میں سرشار تھا---

وہی لمحہ جو اسے گھن زدہ لگا تھا آج اسی لمحے کی یاد لبوں پر مسکراہٹ کا

سبب بن رہی تھی ---

ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ کا سبب بن رہی تھی ---

دل کی دھڑکنوں کی بے ترتیبی کا سبب بن رہی تھی ---

شاور کا گرتا پانی اور اس لمحے کے لمس کی یاد دل کے سارے میل کو دھو

رہی تھی ---

وہ دھیرے سے ------- اس کی ہو رہی تھی ---

وہ تارز کی ہو رہی ہی تھی ---

وہ اس کی ہو چکی تھی --- شاور بند کر کے وہ کانپتی ہوئی باہر آئی تھی ---

ہر چیز پیاری لگ رہی تھی اس کی سامنے لگی ہوئی تصویر اس میں اس کی

جان لیوا مسکراہٹ --- اس کے بازو -- اس کی آنکھیں --- اس کے لب

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

----اس کا چوڑا سینہ--- جس پر سر رکھنے کو دل مچلنے لگا تھا--- اس

---- کے بازو جن کو وجود اپنی آغوش بنانے کے لیے ہمکنے لگا تھا

---وہ مسکرا رہی تھی --- شرما رہی تھی

*************

مما آپکے سامنے کر رہی یہ سب--- اتنی اچھی بلکل نہیں ہے---تارز نے

سیما کی گردن کے گرد بازو حائل کیے اور مدھم سی آواز میں کان میں

---سرگوشی کی آواز میں شرارت گھلی تھی

جبکہ نظریں سامنے اوپن کچن میں اس کے لیے مصروف انداز میں کھانا تیار

----کرتی ندوہ پر ٹکی تھیں

چل ہٹ--- بدتمیز--- اتنی پیاری ہے تجھ سے تو لاکھ درجے بہتر ہے ---

------سیما نے قہقہ لگا کر تارز کو چپت لگائی تھی

وہ مہندی کی رات سے ایک دن پہلے رات کو دس بجے پہنچا تھا ۔۔۔ آتے ہی

سیما کو بھوک بھوک کا راگ آلا پنے لگا تھا۔۔۔ ندوہ جلدی سے چہرے پر

۔۔۔لرزتی پلکوں کو لے کر اٹھی تھی اور اس کے لیے کھانا گرم کرنے لگی

اچھا آپ پوری کی پوری ہو گئی اس کی۔۔۔۔۔۔تارز نے بھنویں اچکا کر

۔۔۔۔مصنوعی کمینگی دکھانے کے انداز سے کہا

ہاں ہو گئی ۔۔۔ تم تو آج آئے ہو پتہ بھی ہے بڑے بھائی کی شادی

ہے اس نے سارا کام سنبھالا میرے ساتھ۔۔۔سیما نے بھی بھرپور خفگی دکھا

۔۔کر کہا

زیادہ کام تو نہیں کروایا نہ اس سے۔۔۔۔۔تارز نے سیما کے کان کے قریب

۔۔۔۔ ہو کر تنگ کرنے کے لیے لاڈ سے کہا

۔۔۔۔اور پھر ان کے گھور کر دیکھنے پر قہقہ لگایا تھا

اچھا بڑی فکر ہے ------- ماں کی بھی کیا کر کبھی اتنی فکر--------

---سیما نے مصنوعی خفگی دکھا کر مسکراتے ہوئے تارز کا کان پکڑ کر کہا

وہ کچن سے کافی فاصلے پر بیٹھے تھے جس کی وجہ سے کچن میں مصروف ندوہ

---ان کی گفتگو سن بھی نہیں سکتی تھی

ندوہ بار بارچور نظر سے بھاری ہوتی ہوئی پلکوں کو اٹھا کر تارز کی طرف دیکھ

رہی تھی --- اس کا سیما کے ساتھ شریر سا انداز اسے اندر سے سرشار کر

گیا تھا -- اس دن کے بعد آج وہ اس کے چہرے پر ایسے قہقے دیکھ رہی

تھی---- سیما نے اسے یہ بتا کر پہلے اداس کر دیا تھا کہ تارز صبح آئے گا

مہندی کے دن اس کی سیٹ نہیں ہوئی -- وہ بے دلی سے کمرے میں

لیٹی تھی جب باہر سے اس کے قہقوں کی آواز سن کر وہ دھڑکتے دل کے

ساتھ بھاگی باہر آئی تھی --- وہ سیما کے گلے لگا ہوا تھا اور سیما اس سے

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

شکوے کر رہی تھی --- اس کو ایک نظر دیکھ کر وہ ایک لمحے کے لیے ساکن سا ہوا تھا --- ندوہ ایک نظر ڈال کر پھر نظر نہیں اٹھا سکی تھی --- دھیرے سے سلام ہی کیا تھا--- جس کا بے نیازی سے تارز نے جواب دیا تھا---

وہ پھر بچوں کی طرح لاڈ کرتا ہوا سیما کو بھوک کا بتانے لگا اس کو پاس کھڑے ایسی بے نیازی دکھائی جیسے وہ یہاں موجود ہی نہ ہو --- ایک لمحے کے لیے تو ندوہ کے دل میں ٹیس سی اٹھی تھی --- پھر وہ سیما کو کندھے سے پکڑ کر روکتی ہوئی کچن میں گھس گئی تھی ---

آپ تو جان ہیں میری ---------- سیما کے خفگی بھرے چہرے کو اپنے ہاتھ سے اپنی طرف موڑتے ہوئے تارز نے کہا تھا ----

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

ہاں یہ ہی الفاظ اسے کہتا ہو گا مجھے تو مسکے لگاتا بس -------- سیما نے مصنوعی غصہ دکھایا تھا ----

اسے کبھی یہ نہیں کہا یہ صرف آپکو ---- اسے کچھ اور کہتا

---ہوں-------- تارز نے شرارت سے ایک آنکھ دبا کر سیما کو کہا

اور پھر ایک جاندار قہقہ لگایا تھا جس پر سیما بھی ہنس پڑی تھیں

اچھا میں اب سونے جا رہی ہوں ---- سیما نے مصروف سے انداز میں کہا

اور اپنی گود سے تارز کے سر کو اوپر اٹھایا جو اس نے ہنستے ہنستے ابھی لاڈ سے رکھا تھا----

اچھا سنیں بابا سے بھی میں صبح مل لوں گا------- تارز نے خجل ہوتے ہوئے کان کھجا کر کہا---

ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ سیما نے آنکھیں نکال کر خفگی سے دیکھتے ہوئے کہا

۔۔۔

کھانے کی ٹرے لا کر تارز کے سامنے رکھتے ہوئے دل ہولے سے لرز رہا

تھا۔۔۔ سیما کے جاتے ہی تارز کا چہرہ پھر سے سپاٹ ہو گیا تھا۔۔بے تاثر

۔۔۔۔۔۔۔ وہ ندوہ کی طرف دیکھ بھی نہیں رہا تھا

ایسی بھی کیا بے نیازی ندوہ نے روہانسی شکل بنا کر تارز کی طرف دیکھا تھا

۔۔۔ماتھے پر بس اب نشان تھا سفید سا

افف دل ڈوب گیا تھا۔۔۔۔ اور وہ اپنی لمبی آنکھوں پر مڑی ہوئی پلکوں کی

جھالر گرائے سنجیدہ چہرے کے ساتھ کھانا کھانے میں مصروف تھا وہ اس

کے بلکل پاس کھڑی تھی اور تارز ایسے بے نیاز تھا جیسے وہ یہاں موجود ہی نہ

ہو۔۔۔

For more amazing novel visit our website
https://novelnagri.com/

---ندوہ کا دل کٹ کر رہ گیا تھا

اس کو اب کیا مس‌ئی‌لہ ہے میرے سر پر کیوں کھڑی ہے--- ایک ہفتے میں وہ اتنا یاد آئی تھی کہ آج وہ جہاز پر آنے پر مجبور ہو گیا تھا--- جیسے ہی گھر میں سیما نے دروازہ کھولا تو سوچا اب اسے دیکھنے کے لیے کمرے تک جانے تک کے وقت کا انتظار کرنا پڑے گا-- لیکن ابھی انہی سوچوں میں گم تھا جب وہ گلابی گالوں اور لمبی پلکوں کو معمول سے بلکل برعکس چہرے ---پر گرائے سامنے آئی تھی

اوردل ایک لمحے کے لیے ساکن سا ہوا تھا--- لیکن پھر اگلے ہی پل ھدیل کی طلاق والی بات ذہن میں آتے ہی حلق تک کڑوا ہو گیا تھا------ پہلے تو وہ بنا مقصد ہی اس سے علیحدگی کی طلبگار تھی لیکن اب تو اس کے پاس وجہ ---بھی تھی ھدیل اب اس کو باآسانی اپنا سکتا تھا

ندوہ تارز کے ساتھ والی کرسی کو کھینچتے ہوئے اس پر بیٹھی تھی۔۔۔تارز کی آنکھیں ہنوز ویسے ہی نیچے تھیں اور چہرے پر وہی کاٹ دار سنجیدگی --- ندوہ کو وہ یوں خفا سا بھی دل میں اترتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔ندوہ کے لبوں پر شریر سی شرمائی سی مسکراہٹ در آئی تھی ----

کیسا گزرا سفر---- ------ مدھر سی آواز نے لاونج کی خاموشی کو توڑا تھا---

تارز کا ہاتھ لمحہ بھر کے لیے رکا تھا لیکن نظر اٹھا کر پھر بھی نہیں دیکھا تھا---

اچھا---------- گھٹی سی آواز میں کہا

تو ندوہ اب میں انتظار کروں گا کہ کب تم مجھ سے علیحدگی کا مطالبہ کب

کرو گی تمہیں خود تو میں بھی نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔ تارز نے نوالہ دھیرے

۔۔۔سے چباتے ہوئے سوچا تھا

کیسے مناؤ ں ۔۔۔ اور کیسے بتاؤ ں ۔۔۔ ندوہ نے بری طرح لب کچلا

تھا۔۔۔۔۔ کیسے کہوں کہ تارز تمہاری ندوہ ہار گ ئی ہے ۔۔۔ اب وہ ہی

نہیں تم بھی اس کا سکون بن چکے ہو۔۔۔ ایسا سکون جو روح میں اترتا ہے

